
ایک مرض کئی علاج

ڈاکٹر سردار اے تبسم



ڈاکٹر سردار اے تبسم صاحب نے زیرِ نظر کتاب ''ایک مرض کئی علاج'' لکھ کر ایک بہترین انسان ہونے کا ثبوت دیا ہے کیونکہ ہمارے آقا رسولِ عربی ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے کہ ''خیر الناس من ینفع الناس'' (یعنی انسانوں میں بہترین انسان وہ ہے کہ جس سے دوسرے انسانوں کو فائدہ پہنچے'' بحمد اللہ تعالیٰ مؤلف کتاب ہذا نے اسے اپنے لیے ایک صدقہ جاریہ بنالیا جب تک لوگ اس سے فائدہ اُٹھاتے رہیں گے۔ ان شاء اللہ اُن کو قبر میں بھی اُجر ملتا رہے گا۔

سیّد محمد سعید الحسن عفی عنہ

خادم، ادارہ حزب الاسلام ونور الہدیٰ فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ)

پاکستان

زیرِ نظر کتاب اُردو میں علاج و معالجہ کے موضوع پر لکھی جانے والی معیاری، مدلل اور نہایت مفید کتاب ہے۔

بلاشبہ ہومیو ڈاکٹر سردار اے تبسم نے مخصوص قرآنی آیات، ہومیو ادویات، یونانی نسخہ جات، رُوحانی تعویذات اور غذا سے متعلق اپنے تجربات و مشاہدات کو یکجا کر کے دریا کو کوزے میں بند کرنے کی بہترین کوشش کی ہے۔

یہ منفرد کتاب معالجین کے علاوہ ہر فرد کے لیے بے حد مفید ہے کیونکہ اس میں عام آدمی کے لیے بھی راہنمائی موجود ہے۔ خاص طور پر طبیہ کالجز کے لڑکے اور لڑکیوں کو اِس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

پروفیسر ڈاکٹر نور الدین جامی

ڈائریکٹر سیرت چیئر، شعبۂ علومِ اسلامیہ

بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان



ایک مرض کئی علاج



کتاب حاصل کرنے کے لیے

۱۔ نیو شفیع سنز بک سروس، چوک کوتوالی، امین پور بازار، **فیصل آباد**، 041-2614747

۲۔ کتب خانہ مقبول عام، امین پور بازار، نزد امام بارگاہ، **فیصل آباد**، 041-2616496

۳۔ نشتر ہومیو میڈیکل کالج و ہسپتال، جھنگ روڈ، **چنیوٹ** 047-633221

ایک مرض کئی علاج

تحقیق و تحریر

ڈاکٹر ابو ثاقب سردار اے تبسم

ترتیب و تدوین

محمد رمضان غوری

مثال پبلشرز
رحیم سینٹر، پریس مارکیٹ، امین پور بازار، فیصل آباد

اشاعت ۲۰۱۰ء

کتاب ایک مرض کئی علاج

تحقیق وتحریر ڈاکٹر ابو ثاقب سردار اے تبسم

ترتیب وتدوین محمد رمضان غوری پی ایچ ڈی اسکالر

سرورق اسد عباس

کمپوزنگ محمد رمضان غوری

مطبع شرکت پرنٹنگ پریس

قیمت 240 روپے

اہتمام مثال پبلشرز رحیم سینٹر پریس مارکیٹ امین پور بازار، فیصل آباد، پاکستان

Phone:+92-41-2615359, 2643841, Cell:+92-333-9933221
E-mail: misaalpb@gmail.com

انتساب

اللہ

رب العالمین

کے

حبیب حضور اقدس و اکمل، اکرم و اجمل، طیب و اطہر صلی اللہ علیہ وسلم

کی

اُمت کے نام

کہ پروردگار عالم نے نہ صرف مجھے اس اُمت میں پیدا فرمایا

بلکہ

اس کتاب کو لکھنے کی توفیق بھی بخشی

فہرست

مُقَدِّمَۃ

شاذ ہی ایسا ہوا ہو کہ کسی مصنف نے اپنی کتاب کے مدون کا ذکر اسی کتاب میں کیا ہو۔قصہ دراصل یہ ہے کہ محترم ہومیو ڈاکٹر سردار علی تبسم عرصہ سے اس طرح کی کتاب قلمبند کرنے کا ارادہ رکھتے تھے۔کچھ معاملات کی وجہ سے تذبذب کا شکار تھے۔کون سی بیماریاں شامل کریں؟کون سے طریقہ علاج ہوں؟ترتیب کیا ہو؟غرض اس طرح کے معاملات جو ہم تحقیق وتدوین کے طالب علموں کے لیے دلچسپی کا سامان رکھتے ہیں۔مجھے ان کے اس منصوبے میں تدوین کے لحاظ سے دلچسپی پیدا ہوئی۔ہم نے مل کر اس کتاب میں شامل ایک سو بیماریوں کا انتخاب کیا۔ان معلومات کا انتخاب کیا جو ہر بیماری کے لیے اس کتاب میں شامل کرنا تھیں۔طریقہ ہائے علاج کا انتخاب اور ان کی ترتیب مقرر کی۔ابتدائی مسودہ میرے ہاتھ آیا اور میں نے اپنا کام شروع کیا۔طے یہ پایا تھا کہ ہر بیماری کے لیے دو صفحات مختص ہوں گے۔مرض کا نام اردو اور انگریزی میں دیا جائے گا۔اولاً ہر بیماری کی مختصر تعریف، وجوہات،علامات،غذا اور پرہیز کی ذیلی سرخیاں قائم کی گئی ہیں۔پھر قرآنی آیات سے علاج درج کیا گیا ہے۔اصل مسودے میں صرف آیات کا نمبر اور سورہ دی ہوئی تھیں۔میں

نے نہ صرف پارہ نمبر کا اضافہ کیا بل کہ آیات کا اصل متن بھی شامل کتاب کیا۔قرآنی آیات سے علاج کے بعد ہومیو طریقہ علاج کو شامل کیا گیا ہے۔ ہومیو پیتھک علاج چوں کہ انسانی مزاج وطبیعت پر انحصار کرتا ہے اس لیے مختلف المزاج کے افراد کے لیے ممکنہ اہم ادویات کو شامل کیا گیا ہے۔ چوں کہ ڈاکٹر صاحب یونانی طریقہ علاج میں بھی سند یافتہ ہیں اس لیے ہر مرض کے لیے اہم ترین یونانی علاج بھی تجویز کیا گیا ہے۔ یونانی علاج کے بعد روحانی علاج شامل کتاب ہے۔ پھل اور سبزیاں انسانی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اس لیے ڈاکٹر صاحب نے مریضوں کے لیے عمیق تحقیق کے ذریعے پھلوں اور سبزیوں سے علاج بھی تجویز کیے ہیں۔

کتاب کی ترتیب وتدوین میں ایک اہم مسئلہ ہر مرض کو دو صفحات پر محدود رکھنا تھا۔ اس کے لیے جملوں کی کمی بیشی، کاٹ چھانٹ ایک اہم ذمے داری تھی۔ کہیں مواد اتنا تھا کہ کاٹ چھانٹ کے بعد بھی دو صفحات سے بڑھ جاتا تھا۔ ہومیو طریقہ علاج میں چوں کہ ہر بیماری کے لیے دس ادویات شامل تھیں۔ اس لیے ان مواقع پر ڈاکٹر صاحب سے رجوع کیا کہ ضرورت کے مطابق ہومیو ادویات میں کمی کر دیں۔ چند ایک مواقع پر مواد دو صفحات سے کم تھا اس لیے زیب داستاں کا پیرایہ اختیار کیا۔ یہ معاملات ایک ہی بار میں طے نہیں ہوئے بل کہ ہر پروف ریڈنگ کے بعد کہیں نہ کہیں کمی بیشی سے دو صفحات کی تحدید متاثر ہوئی اور یہ کام نئے سرے سے کرنا پڑا۔

آخر میں چند معروضات کہ ڈاکٹر صاحب نے نہایت عرق ریزی سے تحقیق کر کے بہترین طریقہ ہائے علاج کو کتاب میں شامل کیا ہے۔ اپنی انتہائی کوشش کے باوجود بہتری کی گنجائش بہر حال موجود ہو گی۔ اس لیے اس کتاب کے وہ قارئین جو کسی سقم کی نشاندہی کریں یا مزید بہتری کی کوئی تجویز دیں، پیشگی شکریہ قبول کریں۔ دوسری گزارش یہ ہے کہ یہ کتاب ڈاکٹر صاحب کے تجربے کو مستند معالجین تک منتقل کرنے کے لیے قلم بند کی گئی

ہے، عام قارئین کے براہ راست استفادے کے لیے نہیں ہے۔ بل کہ اگر آپ کتاب کی مدد سے اپنے کسی مرض کی نشان دہی کر بھی لیتے ہیں تو علاج کے لیے بہر حال کسی مستند ڈاکٹر یا طبیب سے رجوع کریں۔ البتہ قرآنی آیات سے علاج اور تعویذات کے معاملے میں مصنف کی اجازت تمام خاص و عام قارئین کے لیے ہے۔ پھلوں اور سبزیوں سے علاج بھی اعتدال و احتیاط کا متقاضی ہے۔ کسی بھی پھل یا سبزی کو استعمال کرنے سے اثرات اگر بالعکس محسوس ہوں تو اس کا استعمال فی الفور ترک کر کے کسی مستند ڈاکٹر یا طبیب سے بالمشافہ ملیں۔ آخر میں دعا گو ہوں کہ مصنف کی یہ کاوش ہر خاص و عام کے لیے مفید ثابت ہو۔

۱۷ رمضان المبارک ۱۴۳۱ھ

محمد رمضان غوری
پی ایچ ڈی اسکالر شعبہ اردو،
دی اسلامیہ یونیورسٹی، بہاول پور

عرضِ مصنّف

اللہ کریم جل جلالہ جب کسی بندے پر مہربان ہوتے ہیں تو اسے اپنے مقبول بندے کی بارگاہ میں بھیج دیتے ہیں۔ ذات اقدس نے جولائی ۱۹۸۷ء میں بندۂ خطا کار کو سرتاج الاولیاء سید محمد نقیب اللہ شاہ (آستانۂ عالیہ نقیب آباد قصور) کی خدمت میں حاضری کی سعادت بخشی، تادمِ تحریر یہ سعادت جاری ہے۔ یہی میرا سرمایہ حیات ہے۔ میرے شیخ کی تعلیمات میں تین رنگ نمایاں ہیں۔ ذکرو فکر، دعوتِ حق اور خدمت خلق۔ زیرِ نظر کتاب موخر الذکر پہلو کو مدِّ نظر رکھ کر لکھی گئی۔

اللہ ربّ العزت کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے مجھ ناچیز کو یہ توفیق بخشی کہ علم کو قلم کے ذریعے کتاب کی صورت آپ تک پہنچا سکوں۔ دنیا کی سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب قرآن کریم کے مطابق اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات تخلیق کیا۔ صحت انسانی قدرت کاملہ کا بہت بڑا انعام ہے۔ افسوس ہمارے معاشرے میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد صحت جیسی نعمت سے محروم ہے۔ یوں تو ہمارے ملک کے کتب خانے طب کی کتابوں سے بھرے پڑے ہیں لیکن ان کتب میں اتنی مشکل زبان استعمال کی گئی ہے کہ انہیں ڈکشنری

کے بغیر پڑھنا مشکل ہے۔ لہٰذا عام آدمی تو درکنار معالجین بھی ان سے استفادہ کرنے سے قاصر ہیں۔

اپنے طویل تجربے کی بنا پر ناچیز نے زیرِ نظر کتاب کو مخصوص قرآنی آیات، نایاب یونانی نسخہ جات، بہترین ہومیو ادویات، انمول روحانی تعویذات اور غذا سے متعلق نئے نئے انکشافات سے مزّین کرنے کی کوشش کی ہے۔ میرے خیال میں یہ کتاب کسی ایک انسانی زندگی کو بچانے کا ذریعہ بن جائے تو میں اپنے مقصد میں کامیاب ہوں۔

امید کرتا ہوں کہ نہ صرف معالجین ہی اس سے استفادہ کر سکیں گے بلکہ مجرّبات کے متلاشی اور عام آدمی بھی اس سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں گے۔ ان شاء اللہ

اس کتاب کی تکمیل میں کئی ایک اہم کتابوں اور مضامین سے مدد لی گئی۔ ان میں علاّمہ عالم فقری سید شرف الدین وارثی، محمد اشرف امروہوی، ڈاکٹر ولیم بورک، ڈاکٹر جے ایچ کلارک، ڈاکٹر فریڈرک سیموئیل ہانیمن، حکیم کبیر الدین، حکیم محمد حسن قرشی اور حکیم احتشام الحق قریشی کی کتب و مضامین قابلِ ذکر ہیں۔

میں سلام پیش کرتا ہوں اپنے والدین کی عظمت کو، جن کے لامحدود پیار اور دعاؤں کو میرا قلم صفحۂ قرطاس پر نہیں اتار سکتا۔ خاص طور پر ماں جیسی ہستی کا بیان احاطۂ تحریر میں نہیں، گو آپ پچیس برس قبل عدم سدھار گئیں۔

میں دعا گو ہوں اپنے دوست مہر بشیر احمد مرحوم کے لیے کہ آپ نے اس کتاب کا ابتدائی خاکہ مرتب کرنے میں خصوصی مشاورت فراہم کی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں جگہ دے۔ نیک تمناؤں کا تحفہ حافظ محمد رمضان نوری اور قاری محمد عارف رضوی کے لیے کہ آپ دونوں نے آیہ قرآنی والے حصّے کو نہ صرف لفظ بہ لفظ پڑھا بلکہ کئی مفید مشورے بھی دیے۔

ڈھیروں دعائیں ڈاکٹر محمد اشرف ضیاء، ڈاکٹر محمد رفیق شاہ، ڈاکٹر غیاث الرحمان اور ڈاکٹر محترمہ صائمہ گل کے لیے کہ آپ نے نہ صرف ہومیو ادویات والے حصّے کا تنقیدی

جائزہ لیا بلکہ اپنے مفید مشوروں سے بھی نوازا۔ حکیم محمد حنیف ، ڈاکٹر عبدالرشید اور ڈاکٹر منصب علی کی خدمات کو دلی طور پر سراہتا ہوں کہ آپ نے علاج بالغذا اور یونانی ادویات کے متعلق اپنے بہت سے کیس میرے ساتھ ڈسکس کئے۔ میں ممنون ہوں اپنے احباب قاری محمد ذوالفقار رضوی، سید محمد اقبال شاہ اور مہر اکرام الحق جالندھری کا جنہوں نے روحانی علاج والے حصے کو مکمل کرنے میں قدم قدم پر میری رہنمائی کی۔

میں معترف ہوں اپنے اسسٹنٹ میاں شہزاد علی (حال مقیم امریکہ) کی خدمات کا کہ انہوں نے تحقیقی مراحل میں دن رات میرے ساتھ کام کیا۔ خاص طور پر ممنون ہوں اپنے چھوٹے بھائی مختار علی (ایم اے اسلامیات) کا جس نے میرے راستے میں آنے والی ہر معاشی اور معاشرتی ناہمواری کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ بے حد شکرگزار ہوں اپنی وفا شعار بیوی کا جس نے میرے آرام وسکون کو ہر کام پر ترجیح دی۔

یہ کتاب شاید آپ تک کبھی نہ پہنچ پاتی اگر میرے دیرینہ دوست محمد رمضان غوری (پی ایچ ڈی اسکالر) کی محنت اور لگن شروع سے لے کر آخر تک شامل حال نہ ہوتی۔ انہوں نے میری تحقیق وجستجو کو کتاب کی شکل دینے میں اپنی تدوینی مہارت فراہم کی۔ اللہ تعالی ان کے شجر حیات کو سایۂ ابدیت سے سرفراز فرمائے۔ میں ممنون ہوں سلسلہ نقیبیہ کے ان بزرگوں ، دوستوں اور بھائیوں کا جنہوں نے میری کامیابی کے لیے دن رات دعائیں کیں۔ آخر میں عرض ہے کہ مقدور بھر کوشش کے باوجود کتاب میں اصلاح کے پہلو لازماً ہوں گے۔ اس لیے اہل علم سے التجا ہے کہ اس کتاب کی خامیوں سے آگاہ کریں تاکہ آئندہ اشاعت میں اس کوشش کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

دعا گو ہوں کہ اللہ تعالی اس کتاب کے قارئین اور علاج ونسخہ جات استعمال کرنے والوں کو صحت وتندرستی عطا فرمائے۔ امین

ابوثاقب سردار اے تبسم

ا۔ احتلام

(Nocturnal Emission)

نیند کی حالت میں منی کا خارج ہو جانا۔اس کی دو اقسام ہیں۔اول احتلام طبعی، جو کثرت منی سے مہینہ میں ایک دو بار ہو۔دوم احتلام غیر طبعی جو اعضائے تناسل کی کمزوری سے ہوتا ہے، یہ مرض ہے۔

وجوہات: قبض کا رہنا، زیادہ کھانا، گندے خیالات، کثرت مباشرت، کنوارا رہنا۔

علامات: عام طور پر ابتدا میں خواب کے ساتھ یا بغیر خواب کے انزال ہو جاتا ہے۔شدید مرض میں ہفتہ میں دو تین دفعہ یا روزانہ ایک رات میں ایک یا زیادہ مرتبہ، کمزوری یا جریان مخصوص علامات ہیں۔

غذا: زود ہضم اور سرد غذاؤں کا استعمال خصوصاً پالک، کدو، ٹینڈے، دال مونگ اور چپاتی

پرہیز: گرم اشیاء، چائے، گوشت، انڈا، شراب اور مرغن غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: ان آیات کو لکھ کر موم جامہ کر کے کمر پر باندھ لیں اور ہر روز گیارہ مرتبہ تلاوت کر کے پانی پہ دم کر کے پی لیں۔

إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا٥ وَأَكِيدُ كَيْدًا٥ فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا٥

(آیہ ۱۵، ۱۶، ۱۷ سورہ الطارق، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ احتلام کے ساتھ دماغی کمزوری، جسمانی کمزوری، دل کی دھڑکن تیز ہو۔	Avena Sativa -Q
☆ فربہ جسم والے مریض، رات میں پسینہ۔	Calcarea Carb -200
☆ احتلام کی مجرب دوا، کمزوری، چکر۔	Selenium -200

☆احتلام کی شکایت دماغی کمزوری، شادی سے پہلے اور بعد کمزوری۔ Acid Phos -200

☆بغیر خواب کے احتلام۔ Gelsemium -200

☆احتلام بکثرت،، خودکشی کو جی چاہے۔ Aurum Met -200

☆نیند میں احتلام، عضو کمزور۔ Nuphar Luteum-200

یونانی علاج: تمام ادویات کا سفوف تیار کریں اور تین گنا شکر ملا کر ایک کھانے کا چمچ صبح شام ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں۔

۱۔ثعلب مصری ۱تولہ ۲۔تال مکھانہ ۱ تولہ ۳۔اسگندنا گوری ۱تولہ

۴۔نیتر بالا ۱ تولہ ۵۔مصطگی رومی ۱ تولہ ۶۔دانہ الائچی خورد ۱ تولہ

۷۔نشاستہ ۱ تولہ ۸۔بہو پھلی ۱ تولہ ۹۔تج سک ۱ تولہ

۱۰۔کشتہ قلعی ۳ماشہ

روحانی علاج: کثرت احتلام میں روزانہ ایک دفعہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر تین یوم پی لیں۔

۷۸۶

۱۰۰۶۱۴	۱۰۰۶۱۷	۱۰۰۶۲۰	۱۰۰۶۰۶
۱۰۰۶۱۹	۱۰۰۶۰۷	۱۰۰۶۱۳	۱۰۰۶۱۸
۱۰۰۶۰۸	۱۰۰۶۲۲	۱۰۰۶۱۵	۱۰۰۶۱۲
۱۰۰۶۱۶	۱۰۰۶۱۱	۱۰۰۶۰۹	۱۰۰۶۲۱

پھل اور سبزیوں سے علاج

کیلا ایک مقوی معدہ اور مغلظ منی پھل ہے۔ مادہ منویہ کو گاڑھا کرتا ہے۔ اس لئے جریان و احتلام میں بے حد فائدہ مند ہے۔ کم مقدار میں استعمال باعثِ قبض اور زیادہ استعمال تریاقِ قبض ہے۔

۲۔ اسقاطِ حمل (Miscarriage)

حمل کی طبعی مدت تقریباً نو ماہ ہوتی ہے۔ جنین مقررہ مدت سے پہلے رحم سے خارج ہو جائے تو اسے اسقاطِ حمل کہتے ہیں۔

وجوہات: کثرتِ مجامعت، دہشت، رنج و غم، امراضِ رحم، خون کی کمی، چوٹ لگنا، اچھلنا کودنا۔

علامات: کمر، پیٹ اور رانوں میں درد رہنا جو بتدریج بڑھتا رہتا ہے اور بچہ دانی سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ پستان نرم اور رحم اپنے مقام سے نیچے کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔ سستی اور بے چینی چھا جاتی ہے۔

غذا: مقوی غذائیں خصوصاً دلیہ، ساگودانہ کی کھیر، چوزے کا شوربہ۔

پرہیز: دیر ہضم، نفخ پیدا کرنے والی اشیاء، چلنا پھرنا اور جماع

آیاتِ قرآنی سے علاج: درج ذیل آیہ لکھ کر موم جامہ کر کے پیٹ پر اس طرح باندھیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝
(سورہ رعد، آیہ ۸، پارہ ۱۳)

ہومیو پیتھک علاج

- ☆ خوف اور بے چینی سے اسقاطِ حمل کا خطرہ — Aconite Nape-30
- ☆ رحم میں کمزوری، سیال خون کا اخراج، ہر تیسرے ماہ اسقاطِ حمل کا خطرہ — Sabina-30
- ☆ تکالیف رات کے وقت، صبح سویرے یا ٹھنڈی ہوا سے بڑھتی ہوں۔ — Bacillinum-30

☆ تکالیف سورج غروب سے طلوع ہونے تک (دوا طویل Syphilinum-1000
وقفہ سے لیں)

☆ صرف رحم کی کمزوری کی وجہ سے اسقاط حمل کا خطرہ Caulophyllum-Q

یونانی علاج

تمام ادویات کو پیس کر ۶ ماشہ صبح شام ہمراہ دودھ لیں۔ شدید علامات میں دوا دن میں تین بار بھی دی جاسکتی ہے۔

۱۔ برادہ دندان فیل ۲ تولہ ۲۔ الائچی خورد ۱ تولہ ۳۔ مائیں خورد ۱ تولہ
۴۔ زیرہ سفید ۹ ماشہ ۵۔ زعفران ۶ ماشہ ۶۔ گیرو ،۶ ماشہ
۷۔ سنگ جراحت ۶ ماشہ ۸۔ کوزہ مصری ۲ تولہ

روحانی علاج

اس تعویذ کو روزانہ بارش کے پانی، آب زم زم یا زعفران سے لکھ کر مسلسل پلایا جائے۔

۷۸۶

۷۸۶۱۱۶	۷۸۶۱۰۹	۷۸۶۱۱۴
۷۸۶۱۱۱	۷۸۶۱۱۳	۷۸۶۱۱۵
۷۸۶۱۱۲	۷۸۶۱۱۷	۷۸۶۱۱۰

پھل اور سبزیوں سے علاج

انار کا شمار ان پھلوں میں ہوتا ہے، جن کا ذکر قرآن مجید میں موجود ہے۔ یہ حدت کو کم کرتا ہے۔ انار کے تازہ پھول ایک چھٹانک لے کر انہیں پاؤ بھر پانی میں رگڑ کر چینی شامل کر کے پی لیں۔

۳۔اعصابی کمزوری(Neurasthenia)

مریض کے اعصابی نظام میں خلل واقع ہوجاتا ہے اور اعصاب کمزور ہوجاتے ہیں۔

وجوہات: کثرت جماع، نشہ آور اشیاء کا استعمال، رنج وغم، ذیابیطس، شدید جسمانی محنت اور بم وغیرہ پھٹنے سے شدید صدمہ۔

علامات: معمولی کام سے تھکن، وہم، بے خوابی، چہرہ بے رونق، کثرتِ احتلام اور کمزوریٔ باہ

غذا: بکری، دنبے اور پرندوں کا گوشت، دودھ، مکھن اور مغزیات کا استعمال۔

پرہیز: آلو بینگن، گوبھی، مٹھائی اور دیر ہضم اشیاء

آیات قرآنی سے علاج: اس سورۃ مبارکہ کو روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے تین ماہ تک پیئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم إِنَّآ أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ ٥ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ٥ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ٥

(سورہ کوثر، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ضعف اعصاب میں کمزور یادداشت، افسردگی، دماغی تھکان	Anacardium-200
☆توانائی کی کمی، یادداشت کمزور	Zincum Picrium-200
☆ریڑھ کی ہڈی میں خرابی، حرکت میں کمی	Phycostigma-200
☆دماغی کمزوری، کثرت جماع	Acid Phos-Q
☆ہاتھ اور پاؤں میں ورمِ اعصاب نمودار ہو	Stannum-200
☆کمزوری، خون کی کمی اور سبز یرقان	Arsenic Alb-30
☆مرض کی بنیاد چوٹ ہو تو	Hypericum-200
☆بے خوابی، تیز بخار، دوپہر کو تکلیف میں اضافہ	Belladonna-200

یونانی علاج

تمام اشیاء کا سفوف بنا کر شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنا کر صبح، دوپہر، شام ایک گولی ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

۱۔گوند کیکر ۵ تولہ ۲۔موچرس ۵ تولہ ۳۔تخم سرس ۵ تولہ

۴۔بیج بند ۵ تولہ ۵۔مغز تمر ہندی بڑا، ۵ تولہ ۶۔ستاور ۵ تولہ

۷۔ثعلب مصری ۵ تولہ ۸۔کمرکس ۵ تولہ ۹۔موصلی سفید ۱۰ تولہ

۱۰۔موصلی سیاہ ۱۰ تولہ ۱۱۔طباشیر ۱۰ تولہ ۱۲۔دانہ الائچی خورد ۱۰ تولہ

۱۳۔جند بدستر ۲ تولہ ۱۴۔کشتہ نقرہ ۱ تولہ ۱۵۔زعفران ۶ ماشہ

۱۶۔شہد ۳ پاؤ ۱۷۔ترنجبین آدھ کلو

روحانی علاج

اس نقش کو خالص زعفران سے چینی کی رکابی میں لکھ کر نماز فجر سے پہلے اور نماز عشاء کے بعد پی لیں۔

۷۸۶

۶۶۱	۶۶۴	۶۶۷	۶۵۴
۶۶۶	۶۵۵	۶۶۰	۶۶۵
۶۵۶	۶۶۹	۶۶۲	۶۵۹
۶۶۳	۶۵۸	۶۵۷	۶۶۸

پھل اور سبزیوں سے علاج

انجیر بے حد لذیذ غذا اور دوا ہے۔انجیر کو ناشتہ میں باقاعدگی سے استعمال کرنے سے اس مرض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

۴۔ آتشک (Syphilis)

یہ متعدی مرض ہے جو بری صحبت سے اعضائے تناسل پر ہوتا ہے۔

وجوہات: اس کا سبب ایک خوردبینی کیڑا ہے جو اعضائے تناسل کی رطوبات کے علاوہ تھوک، چھاتی کے دودھ، ناک کی رطوبت اور اس مرض کے زخموں کی تمام رطوبتوں میں پایا جاتا ہے۔

علامات: اس کے تین درجے ہیں۔ پہلے درجہ میں مرض کی چھوت سے اکثر تین ہفتہ بعد اس مقام پر پہلے ایک سخت ابھار یا سرخ پھنسی نمودار ہوتی ہے۔ جو بعد میں زخم بن جاتا ہے۔ دوسرے درجہ میں یہ جلد کے علاوہ عضو تناسل کی جھلی پر نمودار ہوتا ہے۔ تیسرے درجے میں بڑی بڑی گانٹھیں نمودار ہو کر جسم کے نازک مقامات پر پھیل جاتی ہیں۔

غذا: کدو، پالک، ٹینڈہ، توری، دال مونگ اور خالص دیسی گھی۔

پرہیز: بینگن، دال مسور، پیاز، ترش اور میٹھی اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: درج ذیل آیات کو ایک سو ایک مرتبہ پانی پر دم کر کے اکتالیس یوم تک پلائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًاo وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًاo وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًاo فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا o
فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًاo (سورہ والنزاعت، آیہ ا تا ۵، پارہ ۳۰)

<u>ہومیو پیتھک علاج</u>

☆ آتشک کے زخم کے لیے استعمال ہونے والی عمومی دوا۔ Jacaranda-6x

☆ شدید پیاس، کمزوری، رات کے وقت تکلیف میں اضافہ Merc Sol-30

☆ آتشک کا زخم نمودار، دکھن کا احساس، پارہ کا غلط استعمال Nitric Acid-30

☆ گلے سڑے اور پھیلنے والے زخم جن میں آگ جلتی محسوس ہو Arsenicum Alb-30

☆ آتشک کی گانٹھوں کے ساتھ گٹھیا بھی ہو Stillingia-Q

☆ آتشک کی گانٹھوں کے لیے سب سے کارآمد دوا Corydalis-Q

☆ پورے جسم میں ناہموار گانٹھوں کی شکل میں آتشک Kali Iod-3X

☆ تالو اور زبان پہ چھوٹے چھوٹے زخم، فوطے سخت Cunnabaris-30

☆ لمبی ہڈیوں اور پٹھوں میں درد، تکلیف میں رات کو اضافہ Phytolacca-30

یونانی علاج

تمام ادویات کو شراب میں کھرل کر کے جو ہر اڑا لیں۔ خوراک ایک چاول مویز منقیٰ میں رکھ کر نگلوائیں۔

۱۔ رسکپور اتولہ　　۲۔ دارچکنا اتولہ　　۳۔ پارہ اتولہ

۴۔ سینکھیا اتولہ　　۵۔ شنگرف اتولہ　　۶۔ شراب ولایتی ۱۰ اتولہ

روحانی علاج: اس نقش کو سفید کپڑے پر لکھ کر گلے میں ڈالیں اور کاغذ پر لکھ کر آب زم زم سے دھو کر پی لیں۔

۷۸۶

۱۱۷۲۳۹	۱۱۷۲۳۴	۱۱۷۲۴۱
۱۱۷۲۴۰	۱۱۷۲۳۸	۱۱۷۲۳۶
۱۱۷۲۳۵	۱۱۷۲۴۲	۱۱۷۲۳۷

پھل اور سبزیوں سے علاج

تازہ آملہ پابندی کے ساتھ کھانے اور سوکھا آملہ پیس کر چنبیلی کے تیل میں ملا کر جسم پر مالش کرنے سے آتشک کا مرض ختم ہو جاتا ہے۔

۵۔ آشوبِ چشم (Ophthalmia)

ایک یا دونوں آنکھوں کے ڈیلوں کے اوپر پپوٹوں کے اندر کی جھلی میں سوجن ہو جاتی ہے۔

وجوہات: نزلہ زکام، دھوپ، سخت گرمی وسردی، گردوغبار، چیچک، شیر خوار بچوں میں زیادہ رونے سے۔

علامات: آنکھ کے پپوٹے کو الٹ کر دیکھنے سے پپوٹے سرخ اور متورم، مریض دھوپ اور روشنی برداشت نہیں کر سکتا، درد و جلن کے علاوہ سوزش کے باعث آنکھوں کا بند رہنا اور آنکھ کھولنے پر غلیظ پانی کا باہر نکلنا۔

غذا: دال مونگ، چپاتی، ٹھنڈی سبزیاں، ہلکی زود ہضم غذائیں۔

پرہیز: گرم وترش اشیاء، تمباکو کے استعمال اور دھوپ میں نکلنے سے۔

آیات قرآنی سے علاج: فرض نمازوں کے بعد یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں کے انگوٹھوں پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر لگائیں۔اول وآخر درود پاک پڑھیں۔

لَقَدْ كُنتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ۝

(سورہ ق، آیہ۲۲، پارہ۲۶)

هومیوپیتھک علاج

☆ آنکھیں سرخ اور متورم، شدید آنسو، روشنی سے نفرت — Aconite Nape-30

☆ آنکھ کے سفید پردے سرخ وخشک، پپوٹے متورم، شدید بخار اور جلن کا احساس — Belladonna-200

☆ زکام اور ناک سے خراش دار مادے کا اخراج، آنکھوں سے ہر وقت پانی جاری جس میں گرمی اور روشنی سے اضافہ — Euphrasia-200

☆☆ خون کی کمی والے لوگوں میں آشوبِ چشم — Ferrum Phos-200

☆☆ سرخ پھولے ہوئے پپوٹے، رات کو تکلیف میں اضافہ — Merc Sol-200

☆☆ آنکھوں کے سفید پردے ورم شدہ اور بہرہ پن — Guarea-Q

یونانی علاج

انار دانہ کو عرق گلاب میں ۱۲ گھنٹے بھگو کر رکھیں۔ پھر چھان کر صاف کر لیں۔ دوسرے اجزا کا سفوف بنا کر شامل کر لیں۔ بطور لوشن دو دو قطرے آنکھوں میں صبح شام ڈالیں۔

۱۔ انار دانہ اڑھائی تولہ ۲۔ عرق گلاب اڑھائی تولہ ۳۔ رسونت اڑھائی تولہ

۴۔ پھٹکڑی سفید بریاں، ۳ ماشہ ۵۔ افیون شدھ ۱ ماشہ ۶۔ کافور ۴ رتی

روحانی علاج

درج ذیل نقش کو کاغذ پر تحریر کر کے اس کا پانی آنکھوں میں لگائیں یا اس پانی کو سرمہ میں ملا کر آنکھوں میں ڈالیں۔

۷۸۶

۶۱۳۵۹	۶۱۳۶۲	۶۱۳۶۵	۶۱۳۵۱
۶۱۳۶۴	۶۱۳۵۲	۶۱۳۵۸	۶۱۳۶۳
۶۱۳۵۳	۶۱۳۶۷	۶۱۳۶۰	۶۱۳۵۷
۶۱۳۶۱	۶۱۳۵۶	۶۱۳۵۴	۶۱۳۶۶

پھل اور سبزیوں سے علاج

ترش انگور کا پانی نکال کر ڈراپر میں ڈالیں اور دو دو بوند صبح دوپہر شام آنکھوں میں ڈالیں۔ چند ہی ایام میں مرض کا خاتمہ ہو جائے گا۔ ان شاءاللہ

٦۔ آگ یا گرم پانی سے جلنا

(Burns and Scald)

معمولی حالت میں مقام سوختہ پر سرخی اور جلن کا احساس مگر آبلہ نہیں پڑتا، شدید حالت میں آبلہ پڑ جاتا ہے۔

وجوہات: اعضاء پر گرم سیال پڑنا یا آگ سے جل جانا

علامات: مقام ماؤف پر زبردست جلن اور درد، معمولی تکلیف تو جلد دور ہو جاتی ہے مگر شدید حالت میں پیپ پڑ جاتی ہے۔

غذا: زود ہضم مقوی غذائیں۔

پرہیز: چلنے پھرنے میں احتیاط۔

آیات قرآنی سے علاج: ان آیات کو کاغذ پر لکھ کر مریض کو پلائیں اور ملتانی مٹی پر گیارہ بار دم کر کے گیلا کر کے سات ایام تک متاثرہ مقام پر لگائیں۔

قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ o وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ o

(سورہ انبیاء، آیہ ٦٩ تا ٧٠، پارہ ١٧)

ہومیو پیتھک علاج

☆ معمولی جلے ہوئے زخم کے لیے۔ Urtica Uren-200

☆ انسانوں اور جانوروں میں جلنے کے زخم کا گل جانا، زخم کو صاف کر کے دوا کو چھڑکیں۔ Parafine 1x

☆ جلنے سے کچا زخم اور شدید جلن اندرونی طور پر 200 طاقت میں اور بیرونی طور پر اس کے مدر ٹنکچر سے تیار شدہ لوشن کا استعمال کریں۔ Cantharis-Q

☆ زیادہ جلنے سے تشنج۔ Chamomilla-30

☆ تمام جسم ٹھنڈا لیکن مریض جلن محسوس کرے۔ Carbo veg-30

☆ جلنے کے بعد گہرے زخم بن جائیں۔ causticum-30

☆ جلنے کے بعد پھوڑوں جیسی جلن۔ Arsenic Alb-30

یونانی علاج

۱۔رال سفید ۴تولہ ۲۔دانہ الائچی خورد ۱ماشہ ۳۔سندور ۶ماشہ

۴۔تیل سرسوں ۳تولہ

تیل کے علاوہ باقی اجزا کو خوب پیس لیں۔ایک بڑے برتن میں رال اور ایک پاؤ پانی ڈال کر خوب ہلائیں۔رال پھول جائے گی۔پانی نکال دیں۔پندرہ مرتبہ پانی ڈال کر نکالیں۔باقی اشیاء شامل کر کے مرہم تیار کریں۔صبح شام زخم پر لگائیں۔

روحانی علاج

اس نقش کو چینی کی رکابی میں لکھ کر شہد سے دھو کر،شہد تھوڑی مقدار میں جلے ہوئے زخموں پر لگائیں۔ساتھ اس نقش کو گیارہ مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور جلے ہوئے مقام پر پھونک ماریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا رَحمٰن کُلِّ شَیءٍ وَّ رَاحِمَہ

پھل اور سبزیوں سے علاج

کچی گاجر سل پر رگڑ کر زخموں پر اس کا لیپ کرنے سے چند یوم میں آرام آجاتا ہے۔

۷۔ آنت اُترنا (Hernia)

اس حالت کو فتق بھی کہتے ہیں، پردۂ صفاق کا دونوں طرف یا کسی ایک طرف سے وسیع اور کشادہ ہو جانے سے ریح یا آنت کا فوطوں میں اُتر آنا۔

وجوہات: شدید زکام، دائمی قبض، مثانہ کی پتھری، چوٹ یا صدمہ، پاخانہ کے وقت زور لگانا، پیٹ کی دیوار کمزور۔

علامات: مقام مرض متورم اور دردناک، قبض، اپھارہ اور قولنج سے مریض نڈھال، قے آنا، اور پاخانہ خطا ہونا۔

غذا: سبز ترکاریاں مثلاً گھیا، ٹینڈے، توری، چقندر، ساگ، کریلہ۔

پرہیز: ہر قسم کی دالیں، چاول، گوبھی، آلو، اروی، قابض اور بادی اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: یہ آیت تلوں کے تیل پر پڑھ کر دم کرے اور متعلقہ جگہ اس تیل کی مالش کرے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ○

(سورہ بنی اسرائیل، آیہ ۸۲، پارہ ۱۵)

ہومیو پیتھک علاج

☆ فتق کے لیے مخصوص دوا — Iris Foetidissima-Q

☆ درد سے بھرپور چڈی کا فتق، نئے چاند کے وقت تکلیف میں شدت، گرم غذا سے نفرت۔ — Silicea-1000

☆ دماغی یا جسمانی جھٹکوں سے، کھڑا ہونے سے بیماری میں اضافہ، پیٹ کی پھولن، انڈا اور مٹھائی کی خواہش — Calcarea Carb-30

☆ دائیں جانب کا فتق جس میں شام چار بجے سے آٹھ بجے تک اضافہ۔ — Lycopodium-200

☆اعضائے تناسل کی جانب دباؤ کا احساس، شیرخوار بچوں میں ناف کا فتق۔ Nux Vomica-1000

یونانی علاج

۱۔ جوزالسّرو ۱ تولہ   ۲۔ قشار کندر ۱ تولہ   ۳۔ مصطگی رومی ۱ تولہ

۴۔ سریشم ماہی ۱ تولہ   ۵۔ سرکہ انگوری حسبِ ضرورت

سریشم ماہی کی مناسب مقدار سرکہ انگوری میں پگھلا کر دیگر ادویات کا سفوف اس میں ملا لیں اور ضماد بنا لیں اور روزانہ مقام فتق پر لگائیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش مبارکہ کو تانبے کے خول پر لکھ کر جس طرف کی آنت اتری ہو اس طرف باندھ لیں۔

۷۸۶

۲۷۱	۲۶۶	۲۷۳
۲۷۲	۲۷۰	۲۶۸
۲۶۷	۲۷۴	۲۶۹

پھل اور سبزیوں سے علاج

خوبانی کا لگاتار استعمال فتق یا ہرنیا کے مرض کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے۔ یہ پھل ہمارے ملک میں بکثرت پایا جاتا ہے اور آنتوں کے جملہ امراض کیلئے مفید ہے۔

۸۔آواز کا بیٹھ جانا(Aphonia)

اس مرض میں مریض کی آواز بیٹھ جاتی ہے۔

وجوہات: زیادہ چیخنا چلانا، نزلہ زکام، سرمہ یا سندور کھالینا، دھواں وغبار کا اندر جانا، حنجرہ کا ورم، سردی لگنا۔

علامات: کوشش کے باوجود بہت مدھم آواز نکلتی ہے۔ مریض کانا پھوسی کرتا نظر آتا ہے۔

غذا: خشک روٹی، پالک کا ساگ، مونگ کی دال اور زود ہضم غذائیں۔

پرہیز: چکنی اشیاء، گرم وترش اشیاء

آیات قرآنی سے علاج: یہ آیت پانی پر گیارہ بار دم کر کے اول وآخر درود پاک پڑھ کر پلائیں۔یہی آیت کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یٰسٓ ○ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ○ (سورہ یٰسین، آیہ ا تا ۲، پارہ ۲۲)

ہومیو پیتھک علاج

☆ میٹھا کھانے کی شدید خواہش، لاغر اور کمزور جسم والے۔	Argentum Nit-30
☆ اعصابی حالت کے ساتھ حنجرے کی تہہ سے آواز نکلنا۔	Oxalic Acid-30
☆ نرخرہ خشک، غدودیں پھولی ہوئی، تکلیف دہ سانس، کھانسی۔	Spongia-30
☆ ہائی بلڈ پریشر، وریدوں کی دیواریں سخت۔	Aurum Met-30
☆ حنجرہ کی جھلی کی تہہ سے سیٹی کی آواز، سینہ میں درد، سرد پانی سے مرض میں اضافہ۔	Causticum-200
☆ خشک کھانسی جس میں رات کے وقت اضافہ	Aconite Nape-30

☆ آواز بیٹھنے کے ساتھ قبض، فضلہ سخت	Alumina-1000
☆ مریض موٹا، سست اور مرض میں اضافہ شام کے وقت	Carbo Veg-200
☆ زیادہ بولنے سے گلا بیٹھ جائے	Arum Triph-200

یونانی علاج

۱۔ست ملٹھی ۶ تولہ ۲۔لونگ ۱ماشہ ۳۔تخم الائچی خورد ۱ماشہ

۴۔کبابہ خنداں ۱ماشہ ۵۔ناگرموتھا ۱ماشہ ۶۔بالچھڑ ۱ماشہ

۷۔دارچینی ۱ماشہ ۸۔برادہ صندل سفید ۱ماشہ ۹۔ست پودینہ ۱ماشہ

۱۰۔زعفران ۳ماشہ ۱۱۔کستوری ارتی

تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر روح کیوڑہ ملا کر مونگ کے دانہ برابر گولیاں بنالیں۔ ایک تا دو گولی پان میں رکھ کر صبح شام استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو چینی کی پلیٹ میں زعفران سے لکھ کر ایک چمچ شہد سے دھو کر سات روز صبح شام مریض کو چٹائیں۔

۷۸۶

یَا نُورُ	یَا نُورُ	یَا نُورُ	یَا نُورُ
یَااللّٰہُ	یَااللّٰہُ	یَااللّٰہُ	یَااللّٰہُ
یَامُنَوِّرُ	یَامُنَوِّرُ	یَامُنَوِّرُ	یَامُنَوِّرُ

پھل اور سبزیوں سے علاج

شہتوت کثرت سے استعمال کریں۔افاقہ ہوگا۔یہ گلے کے غدودوں اور ورم کے لیے بے حد مفید ہے۔خاص طور پر جب آواز بیٹھ جائے تو اس کا استعمال اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

۹۔ بالچر (Alopecia)

اس مرض میں سر اور بدن کے بال کمزور ہو کر جھڑنے لگتے ہیں۔

وجوہات: مزاج کی خشکی، گرم و خشک غذاؤں کا استعمال، دھوپ میں رہنا۔

علامات: بال سخت بے رونق اور ان کے سر دو شاخے ہو جاتے ہیں۔ خشکی کی تمام علامات ظاہر ہوتی ہیں۔

غذا: زود ہضم اور مقوی غذاؤں کا استعمال کریں۔

پرہیز: دیر ہضم اور خشک غذاؤں سے پرہیز۔

آیات قرآنی سے علاج: اس سورہ مبارکہ کو ۴۱ روز تک روزانہ باوضو ہو کر ایک ہزار مرتبہ تلاوت کر کے پانی دم کریں اور مریض کو پلائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ o لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ o وَلَا أَنتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ o وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدتُّمْ o وَلَا أَنتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ o لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ o

(سورہ الکافرون، پارہ ۳۰)

<u>ہومیوپیتھک علاج</u>

☆ کنگھی کرنے یا چھونے سے بال گرنا، دودھ پلانے والی عورتوں میں بال گرنا۔	Natrum Mur-30
☆ عام کمزوری اور غم کے بداثرات	Phosphoric Acid-30
☆ وضع حمل یا شدید بیماری کے بعد بال گرنا	Carbo vegetabilis-30
☆ سر پر خشک اور چھلکے دار بالوں کے گول گول ٹکڑے	Phosphorus-30
☆ پرانے سر درد کی وجہ سے بالچر	Sepia-30

Bacillinum-200	☆داڑھی اور مونچھوں کا بالچر
Zincum Met-30	☆جب سر کی چوٹی سے بال گرنا شروع ہوں
Acid Fluor-30	☆جب بال سر کے درمیانی حصے سے گریں
Pix Liquida-Q	☆شدید کھجلی اور کھال اترتی ہو

یونانی علاج

ا۔چھلکا انار ا تولہ ۲۔کشنیز خشک ا تولہ ۳۔ہلدی ا تولہ

۴۔مرداسنگ ا تولہ ۵۔جلی ہوئی لہڑ ا تولہ

تمام ادویات کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں اور صبح شام متاثرہ جگہ کو آملے کے پانی سے دھو کر چھڑکیں اور ساتھ مربہ آملہ صبح شام کھانے میں بھی دیں۔

روحانی علاج

اس نقش کو زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھیں اور آب زم زم سے دھو کر اکیس روز لگاتار پئیں۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

پھل اور سبزیوں سے علاج

سوکھے آملے کو لوہے کے برتن میں بھگو کر دوسرے روز اس میں سکاکائی اور ریٹھے کا برادہ ملائیں۔اس سے بال دھوئیں۔ نہ صرف مرض کا خاتمہ ہو جائے گا بلکہ بال لمبے اور چمکدار بھی ہو جاتے ہیں۔

۱۰۔ بانجھ پن (Sterility)

مریضہ کے اندر اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت نہیں ہوتی۔

وجوہات: خصیۃ الرحم میں پیدائشی نقص، فربہ پن، اوائل عمر کی شادی، رحم کی رسولی، مرغن غذاؤں کا استعمال اور ورزش کا فقدان

علامات: رحم کی گردن یا منہ کا بند ہونا، حیض کا نہ آنا، لیکیوریا، اندام نہانی کی سوزش، آتشک اور سوزاک، غمگین رہنا

غذا: زود ہضم اور مقوی غذاؤں کا استعمال

پرہیز: گرم اور ترش اشیا سے پرہیز

آیات قرآنی سے علاج: بانجھ عورت ہر رات ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور دس دن مسلسل یہ عمل کر کے اولاد ہونے کی دعا کرے۔ اگر عورت نہ پڑھ سکے تو شوہر یہ عمل کر لے۔ ان شاء اللہ بانجھ پن ختم ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ۝

(سورہ اخلاص، مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ کم مقدار میں ماہواری، مباشرت سے نفرت، لیکوریا۔ Agnus Cast-Q

☆ ڈاکٹر ولیم بورک کے مطابق حمل ہونے کے لیے یقینی دوا۔ Borax-3X

☆ دبی ہوئی ماہواری، خشک فرج، پانی کی طرح لیکوریا، نمک کھانے کی خواہش۔ Natrum Mur-1000

☆ مریضہ ہر وقت بچہ ہونے کے جنون میں مبتلا رہتی ہے۔ Aurum Met-30

☆ بانجھ پن میں اس کا استعمال بطور مجرب کیا جاتا ہے۔ Ashoka-Q

☆ سردیوں میں جسم ٹھنڈا، گرمیوں میں گرم اور فرج ڈھیلی ڈھالی Natrum Carb-30

☆ موٹی عورتوں میں کثرتِ حیض۔ Calcaria Carb-30

☆ رحم بہت بڑا، خصیۃ الرحم میں سختی۔ Aurum Mur-30

☆ رحم کی کمزوری، ایام کم اور رحم کا ٹل جانا۔ Aletris Far-Q

یونانی علاج

درج ذیل ادویات کا سفوف تیار کر کے صبح و شام کھانے کے بعد ۶ ماشے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

۱۔گل نیلوفر ۱۰ تولہ	۲۔ست گلو ۵ تولہ	۳۔خرفہ ۵ تولہ
۴۔الائچی کلاں ۵ تولہ	۵۔صندل سفید ۵ تولہ	۶۔موصلی سفید ۵ تولہ
۷۔ست ملٹھی ۵ تولہ	۸۔ورق نقرہ ا تولہ	۹۔کوزہ مصری ڈیڑھ پاؤ

رُوحانی علاج

اس نقش کو پانی میں گھول کر اکتالیس یوم پینے سے مرد بستہ کشادہ اور بانجھ عورت صاحب اولاد ہو جائے گی۔ (ان شاءاللہ)

۷۸۶

۹۶۵۴۹	۹۶۵۴۴	۹۶۵۵۱
۹۶۵۵۰	۹۶۵۴۸	۹۶۵۴۶
۹۶۵۴۵	۹۶۵۵۲	۹۶۵۴۷

پھل اور سبزیوں سے علاج

آم کے رس میں چار پانچ بوند شہد ملا کر پینے سے یا کچے آموں کو ابال کر اس کا شربت پینے سے بانجھ پن دور ہو جاتا ہے۔

۱۱۔ بدہضمی (Dyspepsia)

اس مرض میں معدے کے فعلِ ہضم میں فرق واقع ہو جاتا ہے لیکن اس کی بناوٹ میں کوئی فرق واقع نہیں ہوتا۔

وجوہات: مصالحہ دار غذاؤں کا زیادہ استعمال، کھانے کے ساتھ پانی کی زیادتی، رنج وغم، کھانے پینے میں لاپرواہی، رطوبتِ صفرا کے خواص میں خرابی آجانا۔

علامات: ترش ڈکار، بے چینی، پیٹ درد، قبض، دست، کھانے کے بعد پیٹ کا پھول جانا

غذا: زود ہضم اور لطیف غذاؤں کا استعمال

پرہیز: مرغن اور ثقیل غذاؤں سے پرہیز اور کھانے کے ساتھ پانی کا کم استعمال

آیات قرآنی سے علاج: یہ آیت سات دفعہ نمک پر دم کر کے مسلسل سات روز تک مریض کو کھلائیں۔ ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔

وَبِالْحَقِّ أَنزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ وَمَآ أَرْسَلْنَٰكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ۝

(سورہ بنی اسرائیل، آیہ ۱۰۵، پارہ ۱۵)

<u>ہومیوپیتھک علاج</u>

☆ پیٹ پھولا ہوا، ڈکار، قے اور متلی۔ Anacardium-30

☆ سینہ میں جلن، منہ میں پانی بھر آنا، تیز کھٹی ڈکاریں۔ Petroleum-200

☆ کھانے کے بعد پیٹ میں سختی، پیاس کی کمی، گیس کی شکایت، گرم پانی اور غذا سے نفرت۔ Pulsatilla-30

☆ ذرا سا کھانے سے پیٹ بھر جانے کا احساس، ہاضمہ کی کمزوری، غذا کا ذائقہ کھٹا محسوس ہونا۔ Lycopodium-200

☆ معدہ میں درد، زیادہ ابکائی کے ساتھ متلی، صبح کے وقت اور کھانے کے بعد مرض میں اضافہ۔ Nux Vomica-1000

☆ ہاضمہ کی کمزوری، معدہ میں درد، مریض روٹی یا سبزی نہ کھا سکے۔ Hydrastis-30

یونانی علاج

تمام ادویات کا سفوف تیار کرلیں۔صبح وشام ۶ ماشے تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

۱۔چاوروں نمک ۴ تولہ ۲۔مرچ سیاہ ۲ تولہ ۳۔نوشادر ۱ تولہ

۴۔ست اجوائن ۳ ماشہ ۵۔ست پودینہ ۳ ماشہ

روحانی علاج

اس نقش کو بارش کے پانی سے دھو کر روزانہ پینے سے بدہضمی کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔(ان شاءاللہ)

۷۸۶

۲۷۴۳۳	۲۷۴۳۷	۲۷۴۴۰	۲۷۴۲۶
۲۷۴۳۹	۲۷۴۲۷	۲۷۴۳۲	۲۷۴۳۸
۲۷۴۲۸	۲۷۴۴۲	۲۷۴۳۵	۲۷۴۳۱
۲۷۴۳۶	۲۷۴۳۰	۲۷۴۲۹	۲۷۴۴۱

پھل اور سبزیوں سے علاج

روزانہ سیب کھانے یا سیب کا تازہ جوس پینے سے بدہضمی کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ مقولہ ہے کہ روزانہ ایک سیب کھایئے اور ڈاکٹر کے پاس جانے سے بچئے۔

۱۲۔ برص (Leucoderma)

جسم پر سفید داغ نمودار ہو جاتے ہیں، بعض اوقات پورے جسم پر پھیل جاتے ہیں۔

وجوہات: یہ مرض عام طور پر موروثی ہوتا ہے لیکن میوہ جات کے بعد پانی پینے، مچھلی کھانے کے بعد دودھ پینے، بینگن کے زیادہ استعمال اور خراب غذاؤں سے یہ عارضہ لاحق ہو سکتا ہے۔

علامات: جلد پر جا بجا سفید داغ جو شروع میں چھوٹے اور آہستہ آہستہ بڑھ جاتے ہیں۔ جسم کے ہر حصہ کے علاوہ یہ مرض عموماً ہاتھوں اور چہرے پر زیادہ ہوتا ہے۔

غذا: بغیر نمک بیسنی روٹی گھی ڈال کر کھائیں۔ زود ہضم غذاؤں کا استعمال

پرہیز: دیر ہضم اور ترش اشیاء سے پرہیز

آیات قرآنی سے علاج: مندرجہ ذیل آیت گیارہ مرتبہ زیتون کے تیل پر دم کر کے برص کے داغوں پر مالش کریں۔

ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ ۙ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ O

(سورہ بقرہ، آیہ ۲۵۹، پارہ ۳)

ہومیو پیتھک علاج

☆ برص کیلئے مشہور دوا کی حیثیت سے مخصوص ہے۔	Arsenic Sulph Flav-6x
☆ اندرونی طور پر 3x اور بیرونی طور پر مدر ٹنکچر بطور لوشن رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔	Psoralea Cor-3X
☆ اندرونی طور پر Q اور بیرونی طور پر لوشن کی شکل میں نہانے کے بعد دو بار روزانہ۔	Vernonia Anth-Q
☆ مزمن حالت میں سفید داغوں پر شدید خارش۔	Mangifera Indica-Q

یونانی علاج

۱۔چاکسو ۲تولہ ۲۔تخم پنواڑ ۲تولہ ۳۔ہاپچی شدہ ۲تولہ

۴۔درخت انجیر کی چھال ۲تولہ ۵۔نیم کے درخت کی اندرونی چھال ۲تولہ

تمام ادویات کو کوٹ چھان لیں۔ ۶ ماشے سفوف رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح اس کا نتھار مریض کو پلا دیں۔ بچا ہوا پھوگ پیس کر داغوں پر لگائیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر گلے میں لٹکائیں اور روزانہ چینی کی رکابی میں زعفران سے لکھ کر اکتالیس یوم تک پلانا بے حد مفید ہے۔

۷۸۶

۲۳۵۳۸	۲۳۵۵۲	۲۳۵۴۸	۲۳۵۴۵
۲۳۵۴۹	۲۳۵۴۴	۲۳۵۳۹	۲۳۵۵۱
۲۳۵۴۳	۲۳۵۴۶	۲۳۵۵۴	۲۳۵۴۰
۲۳۵۵۳	۲۳۵۴۱	۲۳۵۴۲	۲۳۵۴۷

پھل اور سبزیوں سے علاج

تازہ انجیر توڑنے سے جو دودھ نکلتا ہے، اس کے ۲ سے ۵ قطرے برص کے داغوں پر لگائیں۔ اس سے جلد صاف ہو جاتی ہے۔ چہرہ نکھر کر گلاب کی طرح تر و تازہ ہو جاتا ہے۔

۱۴۳۔ بھوک کی کمی (Anorexia)

اس مرض میں بھوک کم یا بالکل ختم ہو جاتی ہے۔

وجوہات: بدہضمی، اعصابی کمزوری، سوزشِ معدہ، پیٹ کے کیڑے، جگر کے امراض اور تلی کا بڑھ جانا۔

علامات: مریض کا چہرہ زرد، جسم سست، بھوک نہ لگنے کے برابر، طبیعت بوجھل، کام کرنے کو دل نہ چاہنا۔

غذا: بکری اور مرغ کا شوربہ، دال مونگ، پودینہ کی چٹنی، لیموں کا اچار

پرہیز: دیرہضم غذائیں، آلو گوبھی، مٹھائیاں، شراب اور تمبا کو نوشی۔

آیات قرآنی سے علاج: کسی بھی کھانے کی چیز پر اس آیت کو اکتالیس بار دم کر کے مسلسل اکتالیس یوم کھلائیں۔

وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ (سورہ زخرف، آیہ ۷۱، پارہ ۲۵)

<u>ہومیو پیتھک علاج</u>

☆ بوڑھوں میں ہاضمہ کی کمزوری سے بھوک کی کمی۔ Prunus virginiana-6X

☆ یہ دوا بطور ٹانک عمل کرتی ہے اور بھوک بڑھاتی ہے۔ Gentiana Lutea-Q

☆ بھوک میں کمی، ہاضمے کا عمل سست، پیٹ میں ریاح ہاتھ پاؤں سن، معدہ کا بھاری پن، ڈکار لینے سے آرام نہ ملے۔ China-30

☆ بوڑھے، آسانی سے تھکنے والے، جسمانی یا دماغی خلل والے، دبلا پن، قبض، ہاضمہ کمزور۔ Hydrastis-Q

☆ چربی کھانے کی خواہش، قے کرنے کی خواہش۔ Nux Vomica-1000

☆ بھوک کم لیکن پیاس زیادہ لگے۔ Sulphur-30

☆ کھانے کی خوشبو سے بھوک ختم ہو جائے۔ Colchicum-30

☆ خیال کرے کہ اس کا خاندان بھوک کا شکار ہو جائے گا۔ Sepia-30

☆ کھانے کو کچھ دیا جائے تو لینے سے انکار کر دے۔ Bryonia-30

یونانی علاج

۱۔ مغز بادام ۵ تولہ ۲۔ سونف کے چاول ۵ تولہ

۳۔ ہریڑ سیاہ ۵ تولہ ۴۔ چینی ۱۵ تولہ

تمام ادویات کا سفوف تیار کریں۔ رات کو ایک کھانے کا چمچ نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو بارش کے پانی میں گھول کر روزانہ خالی پیٹ استعمال کریں۔

ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

۷۸۶

۳۹۸۴۹	۳۹۸۴۴	۳۹۸۵۱
۳۹۸۵۰	۳۹۸۴۸	۳۹۸۴۶
۳۹۸۴۵	۳۹۸۵۲	۳۹۸۴۷

پھل اور سبزیوں سے علاج

روزانہ خالی معدہ تین عدد کھٹے سیب کھائیں۔ ایک ماہ میں بھوک کی کمی کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ بلکہ آپ کا جسم بھی پہلے سے فربہ ہو جائے گا۔

۱۴۔ بواسیر بادی (Piles)

اس مرض میں مقعد کے اندر مسّے بن جاتے ہیں۔ درد اور خارش ہوتی ہے۔

وجوہات: تیز مصالحہ دار غذاؤں کا استعمال، قبض و بدہضمی، غذا میں گوشت کی کثرت۔

علامات: مقعد ہر وقت بھاری محسوس ہونا، مقعد کے مقام پر ہر وقت خارش اور پاخانہ کے وقت شدید درد۔

غذا: ساگودانہ، مونگ کی دال اور نرم کھچڑی۔

پرہیز: ثقیل اور بادی اشیاء سے پرہیز۔

آیات قرآنی سے علاج: مریض ہر کھانے پر پوری سورۃ دم کر کے کھائے اور گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے دن میں تین مرتبہ پی لے۔ یہ عمل گیارہ روز تک مسلسل کیا جائے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍo اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِo فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِo الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍo (سورہ القریش، مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ رفع حاجت کے وقت شدید درد، براز کی سوراخ پھولی ہوئی یا پھٹی ہوئی۔ Paeonia-200

☆ پاخانہ کرتے وقت شدید درد، فضلہ سخت گانٹھ دار Baryta Carb-30

☆ صبح کافی پینے کے بعد اور شام کے وقت کم مقدار میں نرم پاخانہ کے ساتھ بواسیر۔ Fluoric Acid-30

☆ بواسیر بار بار نمودار ہو، کھجلی کی وجہ سے رات بھر جاگنا پڑے، مقعد کے نچلے سرے کے نزدیک شدید دکھن، پھٹاؤ اور قبض، اس دوا کو طویل وقفہ سے استعمال کروائیں۔ Calcarea Fluor-CM

☆ جائے براز میں سوئی جیسی چبھن، جلن، مرض کی وجہ سخت جلاب آور ادویہ — Nux Vomica-200

یونانی علاج

درج ذیل ادویات کو آبِ گندنا کے ہمراہ کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنالیں۔ صبح شام ایک گولی ہمراہ پانی پندرہ روز تک استعمال کریں۔

۱۔ مغز تخم نیم ۱ تولہ — ۲۔ مغز بکائن ۱ تولہ — ۳۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ

۴۔ پوست ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ — ۵۔ رسونت ۱ تولہ — ۶۔ آردچاکسو مدبّر ۱ تولہ

۷۔ گوگل ۱ تولہ — ۸۔ مغز پستہ ۱ تولہ — ۹۔ مغز کرنجوہ ۱ تولہ

۱۰۔ کشتہ سونا مکھی ۶ ماشہ

رُوحانی علاج

اس نقش کو چاندی کے تعویذ میں لپیٹ کر پہنیں۔ ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۱۹۸	۱۹۱	۱۹۶
۱۹۳	۱۹۵	۱۹۷
۱۹۴	۱۹۹	۱۹۲

پھل اور سبزیوں سے علاج

آڑو دوائی اثرات کا حامل پھل ہے۔ اجابت بافراغت لاتا ہے۔ بواسیر کے مریضوں کے لیے نعمتِ غیر متوقع ہے۔ اس کا لگاتار استعمال بواسیر کو جڑ سے ختم کر دیتا ہے۔

۱۵۔ بواسیر خونی (Haemorrhoids)

مقعد کی رگوں کے منہ پر مسّے پیدا ہو جاتے ہیں، پاخانے سے قبل یا بعد میں خون آتا ہے۔

وجوہات: گرم ادویات کا استعمال، سرخ مرچ، دال مسور اور بینگن کا زیادہ استعمال۔

علامات: اندرونی مسّوں سے خون کا اخراج اور بیرونی مسّوں میں درد، پاخانہ کے ساتھ خون کا کبھی قطرہ قطرہ اور کبھی زیادہ اخراج، مریض شدید کمزوری محسوس کرتا ہے۔

غذا: دلیہ، سا گودانہ، مونگ کی دال، مولی اور لوکی۔

پرہیز: دال ماش، اروی، آلو، کچالو، دال مسور، بینگن اور سرخ مرچ۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو باوضو ہو کر ایک سو ایک مرتبہ پانی پر دم کر کے مسلسل اکیس دن تک پئیں۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ○

(سورہ صف، آیہ ا، پارہ ۲۸)

<u>ہومیو پیتھک علاج</u>

☆ رفع حاجت کے دوران اور بعد میں مقعد میں جلن، رقیق مادہ اور خون کا اخراج۔	Sulphur-30
☆ زیادہ خون بہنا، وریدوں میں درد اور پھولن اس طرح جیسے کمر ٹوٹ جائے۔	Hamamelis-Q
☆ رفع حاجت کے بعد شدید کانٹے دار درد، چمکدار خون کا شدید اخراج۔	Nitric Acid-10000

☆ زیادہ مقدار میں خون کا مسلسل اخراج، پاخانہ Collinsonia Can-30
تھوڑا لیکن سخت، فضلہ کے ساتھ بلغم کا اخراج۔

☆ درد بھرے خون کے بہاؤ کے ساتھ بواسیر کا مقعد Scrophularia Nodosa-Q
سے باہر نکل آنا۔

یونانی علاج

درج ذیل ادویات کو باریک سفوف بنالیں۔ روزانہ ٦ ماشہ باسی پانی کے ساتھ دیں۔ روٹی دیسی گھی کے ساتھ کھانے کی ہدایت دیں۔

١۔ رتن جوت ١تولہ ٢۔ چھلکا انار ١تولہ ٣۔ چاکسو مقشر ١تولہ
٤۔ سرمہ سفید ١تولہ ٥۔ دانہ الائچی خورد ١تولہ

رُوحانی علاج

اس نقش کو کاغذ پر زعفرانی روشنائی سے لکھ کر بازو پر باندھیں۔ ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

٧٨٦

١٢	١٥	١٨	۵
١٧	٦	١١	١٦
٧	٢٠	١٣	١٠
١٤	٩	٨	١٩

پھل اور سبزیوں سے علاج

خوبانی ایک ایسا پھل ہے۔ جو بواسیر خونی میں اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ یہ مسّوں کی سوزش، معدے کی تیزابیت اور خون کی خرابی کو دور کرتا ہے۔ طبیعت میں فرحت آتی ہے۔ اعضاء کو تقویت بخشتا ہے۔ خوبانی کے چند دن متواتر استعمال سے بواسیر خونی کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

۱۶۔ بے خوابی (Insomnia)

نیند طبعی مدت سے کم آتی ہے۔ کبھی کبھار نیند بالکل نہیں آتی اور مریض رات بھر پہلو بدلتا رہتا ہے۔

وجوہات: ہائی بلڈ پریشر، دماغ میں گرمی و خشکی، منشیات اور چائے کا زیادہ استعمال، خرابیِ خون، چوٹ اور درد وغیرہ

علامات: طبیعت بوجھل و بے چین اور نیند کا نہ آنا۔

غذا: دودھ، ساگودانہ، پالک، انگور، انار دانہ اور سیب

پرہیز: کثرت جماع، زیادہ دماغی محنت، دیر ہضم اور گرم خشک غذائیں

آیات قرآنی سے علاج: مریض یہ آیت باقاعدگی سے تلاوت کرتا رہے اور تیل پر دم کر کے سر میں خوب تیل لگائے۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (سورہ احزاب، آیہ ۵۶، پارہ ۲۲)

ہومیو پیتھک علاج

☆ بے خوابی کی بہترین دوا ہے۔	Aquilegia-Q
☆ رات کی دہشت، خوفناک خواب، اچانک بیداری	Scutellaria Leterifolia-Q
☆ نیند بہت ہو پر سو نہ سکے	Opium-200
☆ اعصابی خلل، تمباکو کا استعمال، سخت تھکن	Gelsemium-200
☆ نشہ میں بکنے کی وجہ سے بے خوابی، رات بھر سو نہ سکے	Sumbul-Q
☆ برے خیالات کی بھر مار، خواب میں چونکنا	Coffea Cruda-200
☆ بے خوابی کے مریضوں میں قدرتی نیند لاتی ہے	Passiflora Incarnata-Q

☆ہڈیوں میں درد کی وجہ سے نیند نہ آئے — Daphne Indica-200

☆بچہ رات کو چیخ کر اٹھے اور بعد میں ہنسنے لگے — Cypripedium-Q

یونانی علاج

ا۔مغز بادام شیریں ۵تولہ ۲۔شکر سفید ۵تولہ ۳۔سادہ پانی ۵تولہ

مغز بادام شیریں کو کوٹ کر شکر اور پانی میں ملا کر ایک قلعی شدہ برتن میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب گرم ہو جائے تو برتن کو ٹیڑھا کریں تا کہ روغن ایک طرف ہو جائے۔ اس روغن سے سر اور جسم پر مالش کریں۔ روزانہ ۳ ماشہ دودھ میں شامل کر کے پئیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو زعفرانی روشنائی جو کہ آب زم زم سے تیار شدہ ہو، سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر صبح، شام اکتالیس یوم تک پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

پھل اور سبزیوں سے علاج

پیاز ایک عام سبزی ہے، جس میں شفائی اجزا کوٹ کوٹ کر بھرے ہوئے ہیں۔ بے خوابی کے مریض اگر سونے سے پہلے روزانہ پیاز کا استعمال کرلیں تو چند یوم کے استعمال سے بے خوابی کی شکایت دور ہو جائے گی۔

۱۷۔ پتہ کی پتھری (Gall Stone)

مرارہ کی جگہ بہت سخت درد ہوتا ہے۔

وجوہات: جگر کی خرابی، میٹھی اشیاء کا زیادہ استعمال، شراب نوشی اور معدنی نمک کا کثرت سے استعمال۔

علامات: مرارہ کی جگہ سخت درد، متلی اور قے، درد کی لہریں دائیں کندھے سے پشت کی جانب جاتی ہیں۔

غذا: ساگودانہ، گائے اور بکری کا دودھ، پتلی اور ہلکی غذائیں

پرہیز: نمک، شراب، گوشت، انڈے

آیات قرآنی سے علاج: بارش کے پانی پر گیارہ مرتبہ دم کر کے پلائیں۔ چند روز میں مرض کا خاتمہ ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ إِلَٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

(سورۃ الناس، مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ جلن، پتہ میں درد، پیشاب بار بار اور قطرہ قطرہ	Cantharis-30
☆ پتہ اور گردوں کے مقام پر پھیلنے والی دردیں	Berberis-Q
☆ فضلہ چکنی مٹی کی مانند، پیشاب کا رنگ گہرا	Chionanthus-Q
☆ دبلاپن، کمزوری اور آسانی سے تھک جانے والے لوگ	Hydrastis-Q
☆ پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے باہر نکالنے کی یقینی دوا	Calculus-12X

☆ گورے، نرم اور ڈھیلی جلد والے پسینہ سے تر مریض Calcarea Carb-6X

☆ پیشاب سونے کے رنگ کا، جگر کے مقام پر درد Carduus Marianus-Q

یونانی علاج

ا۔ سنگِ یہود ۵ تولہ ۲۔ قلمی شورہ ۱۰ تولہ ۳۔ آبِ مولی ۳ کلوگرام

ایک مٹی کے کوزے میں ۵ تولہ شورہ ڈالیں اس کے اوپر ۵ تولہ سنگ یہود اور پھر ۵ تولے شورہ ڈالیں۔ آدھ کلو مولی کا پانی ڈال کر دو کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر آدھ کلو آبِ مولی ڈال کر پھر دو کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ ۶ مرتبہ یہی عمل کریں۔

مذکورہ دوا اِک رتی، جوں کھار ایک رتی، مولی کھار ایک رتی کو ملا کر شربت بزوری کے ہمراہ دن میں تین مرتبہ پندرہ یوم تک استعمال کریں۔

روحانی علاج

ایک نقش لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں اور روزانہ یہی نقش لکھ کر مریض کو اکیس یوم تک پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۸۶۹۰۲	۸۶۸۹۵	۸۶۹۰۰
۸۶۸۹۷	۸۶۸۹۹	۸۶۹۰۱
۸۶۸۹۸	۸۶۹۰۳	۸۶۸۹۶

پھل اور سبزیوں سے علاج

گرما تربوز نما پھل ہے۔ صالح خون پیدا کرتا ہے۔ پیشاب آور ہے۔ پتّہ کی پتھری کو توڑنا اس کی ادنیٰ خصوصیت ہے۔ اس کا باقاعدہ استعمال اس مرض سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارے کا باعث بن سکتا ہے۔

۱۸۔ پھیپھڑوں کا ورم (*Pneumonia*)

یہ خاص قسم کا بخار ہے جس میں پھیپھڑے متورّم ہو جاتے ہیں۔

وجوہات: اس مرض کا سبب ایک خوردبینی جاندار ہے۔ جسے کرمِ نمونیہ کہتے ہیں۔ یہ کیڑا مریض کے تھوک اور بلغم میں پایا جاتا ہے۔

علامات: سینہ میں درد، سانس میں دشواری، بار بار پیاس، لرزہ سے بخار، جس طرف کے پھیپھڑے میں ورم ہو اس سمت کا گال سرخ ہو جاتا ہے۔

غذا: شوربہ، یخنی، ابلے انڈے ہمراہ چائے، دال مونگ

پرہیز: سرد اور دیر ہضم غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو بیری کی لکڑی پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ اللہ تعالیٰ شفا عطا کریں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسَاهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ (سورہ ھود، آیہ ۴۱، پارہ ۱۲)

<u>ہومیو پیتھک علاج</u>

☆اس مرض کے لیے سب سے کارگر دوا۔	Pneumo Coccin-200
☆تنگیٔ سانس، بلغمی خرخراہٹ جس میں دائیں جانب اضافہ، آدھی رات کے بعد افاقہ۔	Lycopodium-200
☆دقت سے اخراج بلغم، سینہ اور کندھے کے دائیں طرف درد، سینے میں سکڑاؤ۔	Chelidonium-30
☆زیادہ پیاس، جوڑوں میں درد، سخت پاخانہ، چکر۔	Bryonia Alb-200
☆جسم کا درجہ حرارت بڑھا ہوا، گال سرخ، بہت زیادہ پسینہ، خون کی دھاری والا بلغم۔	Iodium-30

☆نمونیہ کی حالت میں افاقہ پیٹھ کے بل لیٹنے سے۔ Sanguinaria-200

☆خون کے رنگ کا پیپ دار بلغم، سرد پانی کی پیاس۔ Phosphorus-200

☆پردرد خشک کھانسی، بے چینی اور موت کا ڈر۔ Aconite-30

یونانی علاج

۱۔آملہ خشک ۵ تولہ ۲۔پوست پستہ ۶ ماشہ ۳۔پوست صندل ۱ تولہ

۴۔پوست ترنج ۱ تولہ ۵۔دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ ۶۔مصطگی رومی ۶ ماشہ

۷۔دودھ گائے ایک پاؤ

آملہ کو دودھ میں چوبیس گھنٹے تر رکھیں۔نکال کر دھولیں اور چار سو گرام پانی میں اس قدر جوش دیں کہ گل جائے۔مَل کر چھان لیں۔چھنے ہوئے پانی میں قند ملا کر قوام تیار کرلیں۔بقیہ ادویات پیس کر شامل کرلیں۔۶ ماشہ صبح وشام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

روحانی علاج

تین عدد پیپل کے پتے لے کر ان پر یہ نقش تحریر کریں اور شہد سے دھو کر مریض کو روزانہ ایک پتہ چٹائیں۔ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶
کھیٰعص حمعسق

پھل اور سبزیوں سے علاج

خوبانی ایک مشہور پھل ہے۔اعضاء کو طاقت دیتا ہے۔جوشِ خون کو تسکین دیتا ہے۔بواسیر، بخار، آنتوں کی سوزش اور پھیپھڑوں کے ورم کیلئے خاص طور پر مفید ہے۔

۱۹۔ پیٹ درد (Gastralgia)

معدہ کے مقام پر شدید درد ہوتا ہے۔اسے دردِ شکم بھی کہتے ہیں۔

وجوہات: سنگِ گردہ، سنگِ مرارہ، دردِ دل، قبض، بدہضمی، چائے اور تمبا کو نوشی کی کثرت

علامات: پیٹ میں نفخ، جی متلانا، قے، کھٹے ڈکار، بعض اوقات غشی طاری ہو جاتی ہے۔

غذا: دال مونگ، پودینہ کی چٹنی، لیموں کا اچار، ہلکی غذا کا استعمال۔

پرہیز: آلو، گوبھی، دال ماش، مٹھائیاں اور شراب

آیات قرآنی سے علاج: یہ آیہ مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کر کے مریض کو چٹائیں۔ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ (سورہ نحل، آیہ ۷۸، پارہ ۱۴)

ہومیو پیتھک علاج

☆ جب مریض کسی سخت چیز سے پیٹ کو دباتا ہے۔ Stannum-30

☆ شدید پیٹ درد، دردوں کی اکثر تکالیف غصے کی وجہ سے۔ Colocynthis-30

☆ مریض درد والی جانب لیٹتا ہے۔ اُٹھ کر بیٹھنے سے متلی، پیاس زیادہ Brayonia-200

☆ بھوک زیادہ مگر دو چار لقموں سے پیٹ بھر جائے، پیٹ میں ریاح کی زیادتی۔ Lycopodium-200

☆ مرغن غذاؤں سے خرابی، بدہضمی، معدہ میں کثرتِ ریاح۔ Carbo Vege-200

☆ کثرتِ ریاح سے کالوسنتھ کی طرح دوہرا ہو جاتا ہے۔ Mag Phos-6x

☆ ثقیل غذاؤں کے کھانے سے درد، بار بار پاخانہ کی حاجت۔ Nux Vomica-30

☆ درد پیٹھ، سینہ اور بازوؤں تک پھیل جائے۔ Dioscorea-200

☆ درد پسینہ کے اخراج کے ساتھ نمودار ہو Chamomilla-200

یونانی علاج

۱۔قلمی شورہ ۳تولہ　　۲۔جوں کھار ۲تولہ　　۳۔الائچی دانہ ۲تولہ

۴۔فلفل سیاہ ۱تولہ　　۵۔فلفل دراز ۱تولہ　　۶۔نمک سیاہ ۱تولہ

۷۔گیرو ۱تولہ　　۸۔نوشادر ۱تولہ　　۹۔شیشہ نمک ۱تولہ

تمام اشیاء کا سفوف تیار کریں۔ کھانے کے بعد آدھا چائے کا چمچ ہمراہ پانی استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر دھو کر پلانے سے پیٹ درد فوراً ختم ہو جاتا ہے۔ احتیاطاً تین یوم پلائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یاخبیر	یاحی	یاقیوم	یااحد
یاصمد	یاعزیز	یابصیر	یالطیف
یاکریم	یاباری	یاجلیل	یاقریب

پھل اور سبزیوں سے علاج

انار کا شمار ان پھلوں میں ہوتا ہے، جن کا ذکر قرآن مجید میں موجود ہے۔ یہ حدت کو کم کرتا ہے اور پیٹ کے امراض میں بہت مفید ہے۔ انار کے دانے نکال کر ان پر نمک اور کالی مرچ چھڑک کر کھائیں تو پیٹ درد ختم ہو جائے گا۔

۲۰۔ پیٹ کے کیڑے

(Intestinal Worms)

اس مرض میں پیٹ کی انتڑیوں میں مختلف قسم کے کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں، جو جلد یا بدیر مختلف امراض کے پیدا ہونے کا سبب بنتے ہیں۔

وجوہات: دانتوں سے ناخن کاٹنا، گندی غذاؤں کا استعمال، کھانے سے پہلے ہاتھوں کو اچھی طرح صاف نہ کرنا، ماحولیاتی آلودگی اور بچوں میں مٹی کھانے کی عادت

علامات: مریض کا ناک کھجانا، منہ سے رال ٹپکنا، بچوں کا سوتے میں دانت پیسنا، مقعد میں خارش کا ہونا، عموماً پیٹ پھولا رہنا۔

غذا: دودھ اور گلوکوز کے ساتھ ہلکی غذاؤں کا استعمال۔

پرہیز: گلی سڑی اور گندی غذاؤں سے پرہیز، ناخن صاف اور تراش کر رکھنا۔

آیات قرآنی سے علاج: گڑ کی چھ ڈلیاں لیں۔ تین پر یہ آیات لکھ دیں اور تین پر ان آیات سے دم کریں اور چھ دن ایک ایک کر کے مریض کو کھلائیں۔ چھٹے دن کوئی کڑوی چیز کھلائیں۔

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَo اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍo

(سورہ شعرآء، آیہ ۸۸تا۸۹، پارہ ۱۹)

ہومیو پیتھک علاج

☆ بچہ مٹی کھاتا ہو، پیٹ بڑا، ترش قے، معدہ میں تیزابیت	Calcarea Carb-30
☆ نیند میں دانت پیسنا، ہاتھ پاؤں میں جھٹکے، ناک ملنا	Cina-30
☆ کرمی علامت، کھٹاس کی علامات، چہرے کے پٹھوں کا پھڑکنا	Natrum Phos-6x

☆ دل کا شدید دھڑکنا، گلے میں کیڑے کے اوپر چڑھنے کا احساس — Spigelia-30

☆ ہانیمن اعظم کے بقول یہ دوا کیڑوں کو مخبوط الحواس کرتی ہے۔ — Stannum-30

☆ لمبے کرموں کو باہر نکالنے والی سب سے کارآمد دوا۔ — Areca-12X

☆ ٹیپ ورم کے لئے بہترین دوا۔ — Ferrum Sulph-6X

☆ بچوں میں کرم کی وجہ سے درد شکم کے ساتھ تشنج۔ — Cicuta Virosa-200

یونانی علاج

۱۔ مغز اخروٹ ۱ تولہ، ۲۔ خرما ۱ تولہ، ۳۔ بابڑنگ ۱ تولہ

تمام اشیا کا سفوف بنالیں۔ روزانہ نہار منہ تین ماشہ ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔

روحانی علاج: یہ تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں اور آب زم زم سے تیار شدہ روشنائی سے چینی کی پلیٹ پر یہ نقش لکھ کر شہد سے دھو کر مریض کو ۱۱ یوم تک چٹائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۲۵۶۱	۲۵۶۵	۲۵۶۸	۲۵۵۴
۲۵۶۷	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۶
۲۵۵۶	۲۵۷۰	۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۴	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

پھل اور سبزیوں سے علاج

رات کو سوتے وقت دو عدد سیب کھا لیا کریں، اس کے بعد پانی ہرگز نہ پئیں۔ سات روز ایسا کرنے سے پیٹ کے کیڑے ختم ہو جائیں گے۔

۲۱۔ پیچش (Dysentery)

اس مرض میں آنتوں میں ورم ہو کر زخم بن جاتے ہیں، پیٹ میں مروڑ ہو کر درد کے ساتھ اجابت ہوتی ہے۔

وجوہات: جدید تحقیق کے مطابق یہ چھوت دار مرض ہے جو ایک مریض سے دوسرے کو منتقل ہو جاتا ہے۔

علامات: انتڑیاں متورّم، پیٹ درد، پاخانے کی بار بار حاجت، خونی دست، جگر کی سوجن

غذا: نرم اور سیال غذائیں۔

پرہیز: گرم، ترش اور دیر ہضم غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: یہ آیت مبارکہ لکھ کر پیٹ پر باندھیں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں، شفا ہوگی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الٓمّٓ ۝ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝ (سورہ آل عمران، آیہ ۱تا۲، پارہ ۳)

ہومیو پیتھک علاج

☆ پیٹ درد اور اینٹھن، درد ختم نہ ہونے کا احساس۔	Merc Sol-200
☆ خزاں کی پیچش میں سفید چیتھڑے والے مادے کا زیادہ اخراج	Colchicum-200
☆ معمولی کھانے پینے سے پیچش کے فضلے میں اضافہ۔	Colocynth-200
☆ گہرے رنگ کے خونی اور بدبودار فضلے کا اخراج۔	Arsenic Alb-30
☆ نہ ختم ہونے والی متلی اور قے کے ساتھ چکنے فضلے کا اخراج۔	Ipecac-200
☆ فضلہ بغیر کوشش کے اور بے خبری میں خارج ہو جائے۔	Aloes-200
☆ پیچش کے علاج میں مخصوص مقام رکھنے والی دوا۔	Trombidium-200

☆ پیچش میں اضافہ سرد پانی یا کافی پینے سے۔ Cantharis-200

☆ فضلہ گرم، خونی، چکنا اور بدبودار۔ Merc Cor-200

☆ ہر طرح کی پیچش کے لیے مفید دوا۔ Kurchi-Q

یونانی علاج

۱۔ فلفل سیاہ آدھ تولہ ۲۔ زنجبیل آدھ تولہ

۳۔ نوشادر آدھ تولہ ۴۔ گیرو آدھ تولہ


تمام اشیاء کا سفوف بنا کر بڑی عمر کے افراد ۳ ماشے اور کم عمر افراد ۲ ماشے ہمراہ خمیرہ مروارید صبح، شام استعمال کریں۔

روحانی علاج

جس شخص کو پیچش کا عارضہ ہو، اس نقش کو لکھ کر گھول کر پیئے۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۲۴۴۴۸	۲۴۴۵۱	۲۴۴۵۴	۲۴۴۴۰
۲۴۴۵۳	۲۴۴۴۱	۲۴۴۴۷	۲۴۴۵۲
۲۴۴۴۲	۲۴۴۵۶	۲۴۴۴۹	۲۴۴۴۶
۲۴۴۵۰	۲۴۴۴۵	۲۴۴۴۳	۲۴۴۵۵



پھل اور سبزیوں سے علاج

آملہ وٹامن سی کا خزانہ ہے۔ رات کو سوکھے آملے باریک پیس کر پانی یا شہد میں ملا کر کھانے سے پیچش جیسی بیماری سے نجات مل جاتی ہے۔

۲۲۔ پیشاب بند ہونا

(Retention of Urine)

مریض کو پیشاب مشکل سے آتا ہے۔ پیشاب پیدا نہیں ہوتا یا رک جاتا ہے۔

وجوہات: پیشاب کی نالی میں رکاوٹ، پتھری، پرانا سوزاک، بوڑھوں میں پراسٹیٹ گلینڈ کا بڑھ جانا۔

علامات: پیشاب کی بار بار حاجت، پیشاب کا رک رک کر آنا یا بالکل نہ آنا، پیشاب کی بندش سے مریض کو سخت تکلیف، پیشاب کی دھار باریک۔

غذا: پتلی اور پیشاب آور غذاؤں کا استعمال۔

پرہیز: گوشت، انڈا، سرخ مرچ، دال مسور اور مصالحہ دار غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر یہ سورہ گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو تھوڑا تھوڑا کر کے روزانہ پلائیں۔ اس تکلیف سے نجات ملے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ لا وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

(سورہ اخلاص مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ پیشاب کی فوری بے سود کوشش، درد مثانہ اور تشنجی رکاوٹ	Cantharis-30
☆ مثانہ میں بوجھ، جنگاسہ میں دردیں، پیشاب کی خواہش متواتر اور ساتھ بخار۔	Aconite-30
☆ بوڑھے لوگوں میں پیشاب کے رکنے کی شکایت۔	Secale Cor-200
☆ پیشاب کی خواہش جو کنٹرول نہ کی جا سکے۔	Thuja-Q

☆ رات کے وقت پیشاب کرنے کی بار بار خواہش۔ Sabal Serrulata-Q

☆ بوڑھے آدمی کا پیشاب رک جائے۔ Ferrum Picricum-3X

☆ پیشاب رکنے کی معمولی حالت میں۔ Populin-Q

☆ پیشاب کرنے میں تشنجی رکاوٹ۔ Mag Phos-30

☆ پیدائش کے بعد بچے کا پیشاب رُک جانا۔ Opium-30

یونانی علاج


۱۔ جوں کھار ۱ تولہ ۲۔ نمک مولی ۱ تولہ ۳۔ قلمی شورہ ۱ تولہ

۴۔ نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ ۵۔ ریوند چینی ۱ تولہ ۶۔ کوزہ مصری ۵ تولہ

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ ۲ ماشہ خوراک صبح و شام ہمراہ شربت بزوری استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھیں یا چاندی کی چوڑی پر کندہ کروا کر ہاتھ میں پہنیں۔ پیشاب فوراً آئے گا۔ ان شاءاللہ



۷۸۶

منتشا عشره عينا

پھل اور سبزیوں سے علاج

کھیرا پیشاب کھول کر لاتا ہے۔ اس کے کھانے کا وقت صبح سے دوپہر تک ہے۔

اس کا لگاتار استعمال بند پیشاب کو کھولتا ہے۔

۲۳۔ پیشاب خطا ہونا

(Enuresis)

اس مرض میں پیشاب روکنے کی طاقت زائل ہو جاتی ہے۔

وجوہات: یہ بذاتِ خود کوئی مرض نہیں ہے، بلکہ مثانے کی کمزوری کی علامت ہے، جیسے عام کمزوری، فالج، کانچ نکلنا، پیٹ کے کیڑے اور بلاارادہ پیشاب کا جاری رہنا۔

علامات: خراب ہاضمہ، کمزوری مثانہ، ڈھیلا پن اور کم ہمتی

غذا: گرم، قابض اور مقوی مثانہ غذاؤں کا استعمال۔

پرہیز: تلی ہوئی اشیاء، مٹھائیاں اور گرم مصالحہ جات

آیاتِ قرآنی سے علاج: یہ آیت سات مرتبہ لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں۔

وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَo (سورہ ھود، آیہ ۴۴، پارہ ۱۲)

<u>ہومیو پیتھک علاج</u>

☆ بچوں میں غیر ارادی یا بحالت نیند بستر پر پیشاب، بوڑھی عورتوں کا غیر ارادی پیشاب یا پاخانہ۔ — Equisetum-Q

☆ قطرہ قطرہ بار بار زیادہ مقدار میں غیر ارادی پیشاب، پروسٹیٹ غدود بڑھے ہوئے۔ — Belladonna-30

☆ کمزوری مثانہ، بے خبری یا بوڑھوں میں قطرہ قطرہ پیشاب — Rhus Aromatica-30

☆ پیشاب روکنے کی صلاحیت ختم، رات کو غیر ارادی پیشاب — Physalis-Q

☆ رات کے پہلے حصے میں غیر ارادی پیشاب کا اخراج، مریض پیشاب نکلنے کا احساس کھو دے۔ — Causticum-30

☆مریض پیشاب کرنے کا خواب دیکھے، جلد پیشاب کی خواہش Kreasotum-200

یونانی علاج

درج ذیل ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ مقدار خوراک صبح وشام بچوں کے لیے ۲ ماشہ بڑوں کے لیے ۶ ماشہ ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔

۱۔ پھول انار آدھ تولہ ۲۔ پھٹکڑی سفید بریاں آدھ تولہ ۳۔ گوند کیکر ۱ تولہ

۴۔ کشنیز خشک ۱ تولہ ۵۔ گلِ ارمنی ۱ تولہ ۶۔ کندر ڈھائی تولہ


۷۔ بلوط ۴ تولہ

رُوحانی علاج

اس تعویذ کو لکھ کر مریض کے بازو پر باندھیں اور روزانہ یہ تعویذ چینی کی رکابی پر لکھ کر آبِ زم زم سے دھو کر ۲۱ یوم تک مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۴۰۳	ہوالشافی	ہوالشافی
ہوالشافی	ہوالشافی	ہوالشافی
ہوالشافی	ہوالشافی	ہوالشافی



پھل اور سبزیوں سے علاج

میتھی ہمارے ملک کے ہر حصے میں کاشت کی جاتی ہے۔ اس کی اپنی الگ خوشگوار خوشبو ہوتی ہے۔ اس کا ساگ اور دانہ دونوں ہی طاقتور ہوتے ہیں۔ اس کا ساگ یا میتھی دانے کا ۵ گرام روزانہ کا استعمال پیشاب خطا ہونے کے مرض کا خاتمہ بن کر سامنے آئے گا۔

۲۴۔ پیشاب میں خون آنا

(Haematuria)

اس مرض میں مریض کے پیشاب کے ساتھ خون آتا ہے۔

وجوہات: گرم چیزوں کا زیادہ استعمال، گردہ مثانہ کی پتھری، بواسیر کے خون کی بندش، عورتوں میں ایام کی رکاوٹ، چوٹ یا سخت سردی۔

علامات: خون پیشاب سے پہلے یا بعد یا پیشاب کے ساتھ ملا ہوا آتا ہے۔ کبھی پیشاب کی بجائے صرف خون ہی آتا ہے۔

غذا: دودھ، چاول، پپیتہ، بھنڈی توری، سیب، پالک اور مونگ کی دال۔

پرہیز: زیادہ گرم غذائیں، گرم مصالحے، پکوڑے، اچار، میٹھی اور مٹھائیاں۔

آیات قرآنی سے علاج: ہر نماز کے بعد پانی پر دم کر کے اکیس یوم لگاتار استعمال کریں۔ مکمل آرام آجائے گا۔ اگر عام آدمی ہمیشہ اس معمول کو اپنالے تو کبھی اس عارضے میں مبتلا نہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ o اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ o فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ o
الَّذِیْۤ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ o (سورۃ القریش، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ پیشاب میں خونی مواد اور بڑے چھیچھڑے کی مانند بلغم کے ڈھیلے، اخراج کے بعد جلن	Uva Ursi-Q
☆ خون آلود اور البیومن والے پیشاب کا ٹھنڈا ٹھنڈا اخراج	Nitric Acid-200
☆ قطرہ قطرہ خون آلود پیشاب، دوران پیشاب، پہلے اور	Cantharis-30

بعد میں نا قابل برداشت درد۔

☆ پیشاب کی تھیلی کی گردن پر شدید قسم کا درد، پیشاب کے اختتام پر فوراً خون آئے۔ Sarsaparilla-30

☆ پیشاب کی تھیلی کے مقام اور کمر میں درد، پیشاب بار بار Berberis Vulgaris-Q

یونانی علاج

۱۔ دم الاخوائن ۱تولہ ۲۔ گلِ ارمنی ۲تولہ

۳۔ سنگِ جراحت ۲تولہ ۴۔ گیرو ۱تولہ


تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور تین ماشہ خوراک ہر دو گھنٹے بعد پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

روحانی علاج

اس تعویز کو لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں اور ایک تعویذ چینی کی رکابی میں لکھ کر ایک چمچ شہد سے دھو کر ایک کپ سادہ پانی میں ملا کر اکیس یوم تک مریض کو پلائیں۔

۷۸۶

۳۷۹۴۶	۳۷۹۴۹	۳۷۹۵۲	۳۷۹۳۹
۳۷۹۵۱	۳۷۹۴۰	۳۷۹۴۵	۳۷۹۵۰
۳۷۹۴۱	۳۷۹۴۵	۳۷۹۴۷	۳۷۹۴۴
۳۷۹۴۸	۳۷۹۴۳	۳۷۹۴۲	۳۷۹۵۳



پھل اور سبزیوں سے علاج

کریلہ ایک عمومی سبزی ہے۔ مقوّی معدہ اور قبض کُشا ہے۔ جسم سے تمام فاضل زہروں کو بتدریج ختم کر دیتا ہے۔ اس کا لگاتار استعمال اس مرض کے مریضوں کی عمر بڑھاتا ہے۔

۲۵۔تپ دق

(Tuberculosis)

یہ چھوت دار مرض ہے۔کوئی فرقہ،قوم یا جنس اس مرض کی زد سے محفوظ نہیں۔

وجوہات: اس مرض کا سبب مائیکرو بیکٹیریا ٹیوبرکلوسس ہے۔یہ جسم کے ہر حصہ میں سرایت کر سکتا ہے۔مریض کے بلغم،تھوک اور پاخانہ سے یہ مرض صحتمند افراد کو باآسانی منتقل ہو جاتا ہے۔

علامات: تحقیق کے بعد اس کے تین درجے متعین کئے گئے ہیں۔

اول: معمولی بخار،نبض تیز،طبیعت سُست، سُستی کا اثر شام کو زیادہ

دوئم: تیز بخار،پیشاب سرخ،چہرہ بے رونق،رخساروں پر سرخ رنگ کے حلقے

سوئم: بدن کا گوشت تحلیل،پاؤں پر ورم،بال گرنا،وزن میں تیزی سے کمی

غذا: خالص دودھ،دیسی گھی،مکھن،پرندوں کا شوربہ،تازہ پھل اور مرغن غذائیں۔

پرہیز: تلی ہوئی اور ترش اشیاء

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو تین مرتبہ روزانہ پلائیں۔اکتالیس یوم مسلسل یہ عمل پورا کریں۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

(سورہ بنی اسرائیل،آیہ۸۲،پارہ۱۵)

هومیو پیتھک علاج

☆ سینہ میں درد،خون آلود بلغم کا اخراج،سینے میں کھٹے پن کا احساس Calcarea Carb-30

☆ ابتدائی درجہ میں دو پہر میں جسم کے درجہ حرارت کا بڑھنا Arsenic Iod-30

☆ سخت کانٹے کی مانند آواز والی کھانسی،وزن میں تیزی سے کمی Tuberculinum-200

☆ پھیپھڑے کے درمیانی حصے کا زیادہ متاثر ہونا، بدبودار بلغم Phellandrium-30
کا اخراج جو مریض کو اٹھ کر بیٹھ جانے پر آمادہ کرے۔

یونانی علاج

۱۔روغن لونگ ۱تولہ ۲۔روغن جائفل ۱تولہ ۳۔روغن الائچی خورد ۱تولہ

۴۔ست پودینہ ۲تولہ ۵۔ست اجوائن ۲تولہ ۶۔کافور ۴تولہ

تمام ادویات کو ملا لیں۔ دو قطرے پانی میں ملا کر دن میں چار بار تین ماہ تک استعمال کریں۔خالی پیٹ استعمال نہ کریں۔

رُوحانی علاج

تپ دق کا مریض اس نقش کو روزانہ لکھ کر پیئے اور گلے میں بھی لٹکائے۔

۷۸۶



۲۸۳۳۲	۲۸۳۳۶	۲۸۳۳۹	۲۸۳۲۵
۲۸۳۳۸	۲۸۳۲۶	۲۸۳۳۱	۲۸۳۳۷
۲۸۳۲۷	۲۸۳۴۱	۲۸۳۳۴	۲۸۳۳۰
۲۸۳۳۵	۲۸۳۲۹	۲۸۳۲۸	۲۸۳۴۰

پھل اور سبزیوں سے علاج

سیب میں فولاد کا خزانہ ہے۔اسکو کھاتے رہنے سے خون بکثرت پیدا ہوتا ہے۔
تپ دِق کے مریض اگر تین ماہ لگا تار سیب کھائیں، دوسری غذاؤں کا کم استعمال کریں اور صرف سیب ہی کو اپنی غذا و دوا بنالیں تو تین ماہ سے بھی کم عرصے میں اس مرض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

۲۶۔ تپ محرکہ

(Typhoid Fever)

یہ متعدی بخار ہے۔ اس کا سبب ایک خاص قسم کا جرثومہ بیسی لس ٹائی فوسس ہوتا ہے۔ یہ مریض کے پاخانہ اور پیشاب میں پایا جاتا ہے۔ بوڑھے افراد میں یہ مرض کم ہوتا ہے۔

وجوہات: گنجان آبادی، مریض کے ساتھ میل جول، موسم خزاں میں یہ مرض تیزی سے پھیلتا ہے۔

علامات: اس مرض میں گردن، چھاتی اور پیٹ پر خشخاش کی طرح دانے نکل آتے ہیں۔ کیونکہ یہ ایک میعادی بخار ہے، اس لئے اگر دوران مرض کوئی پیچیدگی پیدا نہ ہو تو ایک مقررہ مدّت کے بعد خود بخود ختم ہو جاتا ہے۔

غذا: دودھ، دال مونگ، عرق گاؤزبان، نرم غذائیں۔

پرہیز: ثقیل اور سخت غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو صبح شام پانی پر دم کر کے مریض کو اکیس روز تک مسلسل پلائیں۔

وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝

(سورہ انشقاق، آیہ ۴ تا ۵، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ بے چینی، درجہ حرارت زیادہ، تھوڑی تھوڑی دیر بعد پانی کی خواہش۔ Arsenic Alb-30

☆ پورے جسم میں حرارت میں اضافہ، بڑے جوڑوں میں درد، بھوک ندارد۔ Baptisia-200

☆ کم سمجھنا، مدہوشی اور ٹھنڈے دودھ کی پیاس — Phosphoric Acid-200

☆ کند ذہن، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے، ضعف اور بےچینی۔ — Muriatic Acid-200

☆ چھاتی کھڑکھڑائے، تنگی سانس۔ — Antim Tart-30

یونانی علاج

۱۔منقیٰ ۵عدد ۲۔انجیر ۲عدد ۳۔اعناب ۷دانے

۴۔خوب کلاں ۶ماشہ ۵۔پرسیاؤشاں ۳ماشہ ۶۔گاؤزبان ۴ماشہ

تمام ادویات کو ۱کلوگرام پانی میں جوش دیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے تو اتار لیں۔خوب مل چھان کر دن میں تین مرتبہ مصری ملا کر ۲ تا ۴ تولہ مریض کو پلائیں۔

روحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر مریض کو روزانہ تین مرتبہ پلائیں۔ان شاءاللہ سات یوم میں شفا ہوگی۔

۷۸۶



۹۳۶۴	۹۳۶۷	۹۳۷۰	۹۳۵۶
۹۳۶۹	۹۳۵۷	۹۳۶۳	۹۳۶۸
۹۳۵۸	۹۳۷۲	۹۳۶۵	۹۳۶۲
۹۳۶۶	۹۳۶۱	۹۳۵۹	۹۳۷۱

پھل اور سبزیوں سے علاج

تربوز ایک ایسا پھل ہے، جو وٹامن اے، بی اور سی کا خزانہ ہے۔ٹائیفائڈ بخار میں سب سے بہترین غذا اور دوا تربوز ہے۔اگر صرف تربوز کا ہی استعمال کروایا جائے تو کسی دوائی کی ضرورت نہیں۔

۲۷۔ تلی کا بڑھنا

(Enlargment of Spleen)

ورم اور عظم دونوں میں تلی بڑھ جاتی ہے۔ورم میں شدید درد بھی ہوتا ہے۔

وجوہات: یہ مرض اکثر ملیریا بخار کے بعد ہوتا ہے۔ بخار کی حالت میں زیادہ پانی پینے سے، تلی کی بناوٹ میں کوئی خرابی پیدا ہونے سے، بلغمی رطوبت تلی میں جمع ہو جانے سے تلی بڑھ جاتی ہے۔

علامات: صحت کی حالت میں تلی بائیں طرف کی پسلیوں کے نیچے ہاتھ لگا کر محسوس نہیں ہوتی لیکن مرض کی حالت میں بڑھ کر کبھی کبھی تمام پیٹ کو روک لیتی ہے۔ مریض کا پیٹ قدرے بڑھ جاتا ہے۔ مریض کمزور، ہاضمہ خراب، ورم کے ساتھ اکثر بخار بھی ہو جاتا ہے۔

غذا: ٹھنڈی اور پیشاب آور غذائیں۔

پرہیز: قابض اور گرم و ترش غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیہ کو لکھ کر مریض کے پیٹ پر باندھیں، ساتھ ہی اس کو سات مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔ چند یوم میں شفا ہوگی۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

(سورۃ بقرہ، آیہ ۲۵۵، پارہ ۳)

ہومیو پیتھک علاج

☆امراضِ تلی میں سب سے کارآمد دوا۔	Helianthus-Q
☆تلی کے ورم کی شدید حالت، بائیں کوکھ میں شدید دکھن	Polymnia Uvedalia-Q
☆بائیں کوکھ میں گہرائی تک درد، مریض بائیں کروٹ لیٹنے سے معذور۔	Ceanothus-Q
☆خون کے سفید ذرات میں اضافہ، ملیریا، نمک کی خواہش، مچھلی یا چربی سے نفرت۔	Natrum Mur-30

یونانی علاج

تینوں اشیاء کو چوڑے منہ کی بوتل میں بھر کر ایک ہفتہ تک دھوپ میں رکھیں۔ بعد ازاں اُوپر والا پانی نتھار لیں۔ روزانہ کھانے کے بعد ٦ ماشہ استعمال کریں۔

١۔ ہلدی ۵ تولہ ٢۔ سیندھا نمک ۵ تولہ ٣۔ رس گودا گھیکوار ١ پاؤ

روحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر مریض کو اکتالیس یوم تک روزانہ پلائیں۔ ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

٧٨٦

٣٠١١٢	٣٠١١۵	٣٠١١٨	٣٠١٠۵
٣٠١١٧	٣٠١٠٦	٣٠١١١	٣٠١١٦
٣٠١٠٧	٣٠١٢٠	٣٠١١٣	٣٠١١٠
٣٠١١٤	٣٠١٠٩	٣٠١٠٨	٣٠١١٩

پھل اور سبزیوں سے علاج

جامن کا پھل وٹامن سی کا خزانہ ہے۔ اس کا سرکہ تیار کر کے ٣ سے ٩ ماشہ خوراک میں شہد ملا کر چند روز استعمال کرنے سے بڑھی ہوئی تلی اپنی اصل جگہ پر واپس آجاتی ہے۔

۲۸۔ جریان (Spermatorrhoea)

جماع کے بغیر پیشاب سے پہلے، دوران یا بعد میں سفید رطوبت کا خارج ہونا، کام کرتے وقت خیالاتِ شہوانی کا پیدا ہونا۔

وجوہات: کثرت جماع، شہوانی خیالات، کمزوریٔ خزانہ منی، پلاؤ کا بکثرت استعمال، گرم و مقوی غذائیں۔

علامات: پیشاب اور پاخانہ کے وقت سفید رطوبت کے قطرے نکلتے ہیں۔ خصیے چھوٹے اور نازک، آلہ تناسل سکڑا ہوا، مریض تنہائی پسند، ست اور غمگین۔

غذا: لوکی، دال مونگ، لطیف غذائیں، غذا سونے سے چار گھنٹے قبل لیں۔

پرہیز: گرم اور مقوی غذائیں، شراب اور مباشرت۔

آیات قرآنی سے علاج: بعد از نماز عصر یہ آیہ سو مرتبہ اوّل و آخر درود ابراہیمی سات سات مرتبہ پڑھ کر سات یوم تک پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ج اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ o

(سورہ تحریم، آیہ ۸، پارہ ۲۸)

ہومیو پیتھک علاج

☆سخت قبض، صبح اُٹھنے پر مرض میں زیادتی۔	Nux Vomica-200
☆بار بار سفید پیشاب، کسی خوف کا اثر۔	Acid Phos-200
☆اجابت کے وقت تکلیف۔	Calcarea Phos-6X
☆بلا ارادہ جریان و احتلام۔	Caladium-200
☆مایوسی و خودکشی کا خیال۔	Aurum Met-200
☆چلنے پھرنے اور رفع حاجت کے وقت جریان۔	Selenium-30

یونانی علاج

۱۔ موصلی سیاہ ۱ تولہ
۲۔ موصلی سفید ۱ تولہ
۳۔ ثعلب مصری ۱ تولہ
۴۔ شقاقل ۱ تولہ
۵۔ تال مکھانہ ۱ تولہ
۶۔ ستاور ۱ تولہ
۷۔ کرکس ۱ تولہ
۸۔ گوکھرو خورد ۱ تولہ
۹۔ ہریڑ خورد ۱ تولہ
۱۰۔ الائچی خورد ۱ تولہ
۱۱۔ گوند ببول ۱ تولہ
۱۲۔ پودینہ خشک ۱ تولہ
۱۳۔ اجوائن دیسی ۱ تولہ
۱۴۔ کوزہ مصری ۲۰ تولہ

تمام اشیاء کو کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں اور ۵ ماشہ روزانہ صبح و شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

روحانی علاج

یہ نقش زعفرانی روشنائی سے لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں۔ ایک نقش لکھ کر اکیس (۲۱) یوم تک مریض کو صبح شام پلائیں۔

۷۸۶

۲۵۶۱	۲۵۶۵	۲۵۶۸	۲۵۵۴
۲۵۶۷	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۶
۲۵۵۶	۲۵۷۰	۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۴	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

پھل اور سبزیوں سے علاج

کیلا ایک مقوی معدہ اور مغلّظ منی پھل ہے۔ مادہ منویہ کو گاڑھا کرتا ہے۔ اس لئے جریان میں بے حد فائدہ مند ہے۔ کم مقدار میں استعمال باعثِ قبض اور زیادہ استعمال تریاقِ قبض ہے۔

۲۹۔ جلق (Masturbation)

غیر فطری طریقوں، مالش وغیرہ سے اعضائے تناسل میں انتشار وانزال پیدا کرنا۔
عام طور پر مریض اپنے ہاتھ سے کام لیتا ہے، اس لئے اسے مُشت زنی بھی کہتے ہیں۔

وجوہات: بُری صحبت، شادی نہ کرنا، تنگ لباس، گھڑ سواری، فحش وعریاں تصاویر، ناول اور فلمیں وغیرہ دیکھنا۔

علامات: مریض ڈاکٹر یا طبیب کے پاس جانے سے گھبراتا ہے، وہم اور وسوسوں میں مبتلا رہتا ہے، اشتہاری ادویات کا استعمال کرتا ہے، کمزور قوتِ ارادی۔

غذا: مقوی غذاؤں اور ادویات کا اعتدال کے ساتھ استعمال۔

پرہیز: تلی ہوئی ترش اشیاء، مباشرت سے گریز۔

آیات قرآنی سے علاج: پہلے تین دن مسلسل روزہ رکھے۔ پھر مسلسل سات یوم نصف شب کو اٹھ کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر تانبے کی قلم سے زعفران اور گلاب سے لکھ کر ہتھیلی کو چاٹ لیں۔

اِنَّمَا يَسْتَجِيبُ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ ط وَالْمَوْتَى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُونَ o

(سورہ انعام، آیہ ۳۶، پارہ ۷)

ہومیو پیتھک علاج

☆ جلق کے برے اثرات کے لیے کارآمد دوا۔ Bellis Per-Q

☆ پیشاب کی بار بار اور فوری خواہش، پروسٹیٹ غدود کے بڑھنے سے آلہ تناسل میں درد۔ Thuja-30

☆ خصیے سے منی کی نالی تک کھچاؤ، آلہ تناسل میں شدید اُٹھان Zincum Met-30

☆ پیڑو میں درد، مباشرت کی وجہ سے جسمانی ودماغی کمزوری Phosphoric Acid-200

یونانی علاج

موم کو مکھن میں پکا کر باقی ادویات کا سفوف بنا کر اس میں مکس کریں۔ خوب کھرل کریں۔ چند قطرے رات کو سوتے وقت عضوِ مخصوص پر طلا کریں اور گرم پٹی باندھیں۔

۱۔ شنگرف ۲ تولہ ۲۔ جمال گوٹہ ۲ تولہ ۳۔ سم الفار ۳ ماشہ

۴۔ موم زرد ۴ تولہ ۵۔ مکھن تازہ ۱۲ تولہ

نوٹ

اگر طلا کے استعمال سے عضوِ مخصوص پر دانے نکل آئیں تو مالش روک کر چنبیلی کا تیل لگائیں۔

رُوحانی علاج

جلق والے مریض کو یہ نقش روزانہ گھول کر اکتالیس (۴۱) یوم تک پلائیں۔
ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶



۹۲۱۳۰	۹۲۱۳۴	۹۲۱۳۷	۹۲۱۲۳
۹۲۱۳۶	۹۲۱۲۴	۹۲۱۲۹	۹۲۱۳۵
۹۲۱۲۵	۹۲۱۳۹	۹۲۱۳۲	۹۲۱۲۸
۹۲۱۳۳	۹۲۱۲۷	۹۲۱۲۶	۹۲۱۳۸

پھل اور سبزیوں سے علاج

آم پھلوں کا بادشاہ ہے۔ قوتِ باہ کے لیے تمام پھلوں میں آم ایک خاص مقام کا حامل پھل ہے۔ پختہ آم کے رس کو شہد میں ملا کر چالیس روز تک مسلسل استعمال کرنے سے جلق کے مریضوں کے چہرے پر بہار آ جاتی ہے۔

۳۰۔ چنبل (Psoriasis)

مریض کی جلد پر سرخ داغ پیدا ہو جاتے ہیں۔جلد سے مچھلی کے چھلکوں کی طرح چھلکے اترتے ہیں۔خارش سے چھلکے اتر کر خون خارج ہوتا ہے۔

وجوہات: میلا کچیلا رہنا، زہریلے زخم، جوڑوں کا درد، شراب خوری۔

علامات: جلد سخت ہو جاتی ہے، سفید چھلکے اترتے ہیں، جب مرض بڑھ رہا ہو تو کبھی کبھار خارش بھی ہوتی ہے۔

غذا: لطیف اور زود ہضم غذائیں جن میں وٹامن بی کی مقدار زیادہ ہو۔

پرہیز: چائے، کافی، دودھ، انڈا، نمک کا استعمال کم کریں، قبض نہ ہونے دیں۔

آیات قرآنی سے علاج: ملتانی مٹی پر لکھ کر تھوڑا پانی ملا کر چنبل پر لگائیں۔پانی پر دم کر کے بھی مریض کو پلائیں، شفا ہوگی۔

"فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ" (سورہ بقرہ، آیہ ۲۶۶، پارہ ۳)

ہومیو پیتھک علاج

☆ کنپٹی اور بازوؤں کی جلد پر نمودار ہونے والا چنبل۔ Paullinia Sorbilis-1X

☆ ناک اور گالوں پر پھیلے، پیلے اور بھورے داغ کی شکل، پیٹ پر بھورے داغ، مریض دماغی طور پر اپنے سب سے زیادہ محبوب سے بے رخی برتے۔ Sepia-200

☆ گردن، سر اور کنپٹی پر خشک دانے۔ Mezereum-30

☆ جسم موٹا تازہ، بلغمی مزاج، خشک یا تر چنبل۔ Calcarea Carb-30

☆ جلد بہت موٹی اور خشک۔ Hydrocotyle-Q

یونانی علاج

۱۔اعناب ۵تولہ ۲۔شاہترہ ۵تولہ ۳۔سرپھوکہ ۵تولہ

۴۔برادہ شیشم ۵تولہ ۵۔منڈی ۵تولہ ۶۔برگِ مہندی ۵تولہ

۷۔چرائیتہ ۲تولہ ۸۔صندل سفید ۲تولہ ۹۔صندل سرخ ۲تولہ

۱۰۔الائچی کلاں ۲تولہ ۱۱۔پرسیاؤشاں ۲تولہ ۱۲۔کاسنی ۱۰تولہ

۱۳۔مکوخشک ۱۰تولہ

رات کوتمام ادویات ۱۰کلوگرام پانی میں بھگوکرر کھ دیں۔صبح پانچ کلوگرام عرق کشید کریں۔۳تولہ مذکورہ عرق کو ۲تولہ شربتِ عناب کے ساتھ دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

روحانی علاج

تین عدد تعویذ لکھیں،ایک مریض کے بازو پر باندھیں،دوسرا گھول کر پلائیں اور تیسرا مریض کے تکیے کے نیچے رکھیں۔ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

الحمد للّٰہ رب العلمین	یا رحمن	یا رحیم	یا کریم
یا حنان	یا منان	یا دیان	یا برھان
یا سلطان	یاحی	یاقیوم	برحمتك
یاارٓ	حم	الرٓا	حمین

پھل اور سبزیوں سے علاج

انجیر بے حد لذیذ غذا اور دوا ہے۔تازہ انجیر توڑنے پر جو دودھ نکلتا ہے۔اس دودھ کے دو تا پانچ قطرے چنبل والی جگہ پر لگانے سے چند یوم میں مرض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

۳۱۔ چھائیاں (Freckles)

اس مرض میں سیاہی مائل یا بھورے رنگ کے چھوٹے چھوٹے داغ چہرے پر نمودار ہو جاتے ہیں اور چہرے کی خوبصورتی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

وجوہات: خرابیٔ خون، دھوپ، عورتوں میں ماہواری کے نقائص اور بدن کی مناسب صفائی نہ کرنے سے یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے۔

علامات: چہرے پر افسردگی، بجھا ہوا دل، ہاتھوں کی پشت پر بھی سیاہ داغ دھبے نظر آتے ہیں۔

غذا: زود ہضم غذائیں اور سبز ترکاریوں کا بکثرت استعمال

پرہیز: دیر ہضم غذائیں، تیز مرچ، مصالحہ جات۔ دھوپ

آیات قرآنی سے علاج: مریض شبِ جمعہ کو اس سورہ مبارکہ اور درودِ ابراہیمی کو ایک ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی کو چہرے پر ملے، پیئے اور سو جائے۔ پانچ شب روزانہ یہ عمل کرے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّآ أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ o فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ o إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ o

(سورہ کوثر، پارہ ۳۰)

<u>ہومیوپیتھک علاج</u>

☆ چوٹ لگنے پر بھورے اور نیلے داغ۔ Badiaga-200

☆ نرم مزاج کالے بالوں والی عورتوں کی جلد پر داغ اور رحم کی خرابیاں۔ Sepia-100

☆ دورانِ خون میں کمی، دماغی تھکان، دودھ ناقابل برداشت Aethusa Cynapium-200

☆ست، موٹے اور کاہل لوگوں کی جلد ٹھنڈک کے ساتھ کالی یا نیلی ہو۔ Carbo Veg-200

☆چوٹ کے بعد طویل عرصہ تک داغ موجود رہے تو۔ Ledum-200

یونانی علاج

۱۔سنگترے کے چھلکے ۲تولہ ۲۔کالے تل اتولہ ۳۔ہلدی زرد ۶ماشہ
۴۔صندل سفید۶ماشہ ۵۔بالچھڑ۶ماشہ ۶۔ناگرموتھا ۶ماشہ
۷۔چھڑیلہ ۶ماشہ ۸۔مغزبادام ۶ماشہ ۹۔میدہ گندم۲تولہ
۹۔تیل چنبیلی اتولہ

تمام ادویات کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔ ۶ ماشہ دوا تازہ پانی میں ملا کر چھائیوں پر ہلکا لیپ کریں۔ آٹھ گھنٹے بعد صابن سے دھولیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں اور ایک نقش روزانہ لکھ کر گھول کر پلائیں۔ چند ہی یوم میں ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۵۰۰۵۴	۵۰۰۴۷	۵۰۰۵۲
۵۰۰۴۹	۵۰۰۵۱	۵۰۰۵۳
۵۰۰۵۰	۵۰۰۵۵	۵۰۰۴۸

پھل اور سبزیوں سے علاج

سنگترے کے چھلکے یا سنگترے کا پانی چند روز تک چہرے کی چھائیوں پر لیپ کیا جائے تو یہ مرض دِنوں میں ختم ہو جاتا ہے اور چہرے پر نکھار آجاتا ہے۔

۳۲۔ چھپاکی (Urticaria)

اس مرض میں تمام جسم پر گول گول ابھار بن جاتے ہیں، جو چند منٹوں یا گھنٹوں میں ہی دور ہو جاتے ہیں۔

وجوہات: گرم تیز غذاؤں، خراب مچھلی اور اینٹی بائیونک ادویات کا استعمال۔ کھٹمل کا کاٹنا۔

علامات: جسم پر گول سرخی مائل دھبے اچانک ظاہر ہوتے ہیں، جن میں تیز جلن اور خارش ہوتی ہے۔ بعض دفعہ معمولی بخار بھی ہو جاتا ہے۔

غذا: لطیف، مقوی اور زود ہضم غذائیں۔

پرہیز: گرم، تیز، نمکین، بادی اور خراب اشیاء سے پرہیز کریں۔

آیات قرآنی سے علاج: سورہ قدر صبح وشام سات مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ صرف تین یوم میں ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّآ اَنْزَلْنَاهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ○ وَمَآ اَدْرَاكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ○ لَیْلَةُ الْقَدْرِ لا خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ○ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ج مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ○ سَلٰمٌ قف هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ○ (سورہ قدر، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ مرطوب موسم میں چھپاکی۔ Dulcamara-30

☆ نرم مزاج عورتوں میں خرابیٔ حیض کی وجہ سے۔ Pulsatilla-30

☆ ہاتھ میں جلن اور رات میں چھپاکی میں اضافہ۔ Sulphur-200

☆ چھپاکی یک دم ہو جائے، چھاتی میں درد۔ Bryonia-30

☆شدید بخار، بے چینی۔	Aconite-30
☆جوڑوں اور کمر میں درد،حرکت سے آرام،سرد مرطوب موسم میں اضافہ۔	Rhus Tox-30
☆جلد پر شدید قسم کے سرخ داغ۔	Anti Pyrine-3x
☆ٹی بی کے مریضوں کی جلد پر سرخ داغ۔	Tuberculinum-1000
☆جلد سرخ، گانٹھ دار داغ، دکھن اور خراش کا احساس۔	Arnica-200
☆ڈنگ مارنے کی مانند درد، معمولی کھجلانے سے ورم۔	Merc Sol-30

یونانی علاج

۱۔طباشیر ۲ ماشہ ۲۔الائچی خورد ۲ ماشہ ۳۔کافور ۱ رتی

۴۔زعفران ۱ رتی

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔ایک ماشہ شربت سکنجبین کے ہمراہ لیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر آب باراں سے لکھ کر انیس یوم تک صبح شام پلائیں۔ ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَ شِفَا ءٌ لِمَا فِی الصَّدُور

پھل اور سبزیوں سے علاج

گرما ایک ایسا پھل ہے جو اکثر جلدی بیماریوں میں بے حد مفید پایا گیا ہے۔خاص طور پر چھپاکی کے مریض اس سے بہترین استفادہ کر سکتے ہیں۔لیکن اسے لگاتار دس دن استعمال کرنا چاہیے۔

۳۳۔ چیچک (Small Pox)

یہ ایک شدید متعدی مرض ہے۔اس میں یکایک لرزے سے بخار ہو جاتا ہے۔

وجوہات: یہ مرض ایک خوردبینی جرثوے کی وجہ سے ہوتا ہے۔عام طور پر گرم وتر مزاج لوگوں میں یہ مرض ہوتا ہے۔ یہ مرض بچوں میں بہت زیادہ، جوانوں میں کم اور بوڑھوں میں بہت کم ہوتا ہے۔

علامات: پہلے جسم پر خارش ہوتی ہے۔پھر باجرے کے دانوں کی مانند دانے نکل آتے ہیں۔ پھر چیچک نکل آتی ہے اوران دانوں میں پیپ پڑ جاتی ہے جو آہستہ آہستہ کھرنڈ بن جاتے ہیں اور خشک ہو کر جھڑ جاتے ہیں۔

غذا: دودھ اور دیگر نرم غذائیں۔

پرہیز: دیرہضم غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: یہ آیت کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر مریض کو تھوڑا تھوڑا کر کے پلائیں۔ مسلسل اکتالیس یوم تک یہ عمل کریں۔

بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ o

(سورہ انعام، آیہ ۴۱، پارہ ۷)

هومیو پیتھک علاج

☆پیپ دار دانے جو سوکھنے پر نیلا یا سرخی مائل نشان چھوڑیں	Antim Tart-200
☆مرض کو باہر نکالنا اور مواد کی پیداوار کو ختم کرنا۔	Sarracenia Purpurea-30
☆اس مرض کی مدت کم کرنے کیلئے لاثانی دوا	Hydrastis-200
☆حفظ ماتقدم اور شفایابی میں مددگار دوا	Variolinum-200

☆ بخار یکدم تیز ہو جائے، پیاس اور موت کا خوف Aconite-30

☆ غنودگی، پاؤں سرد، خشک کھانسی اور ہذیان Belladonna-30

یونانی علاج

۱۔ اعناب ۴ دانے ۲۔ مویز منقیٰ ۵ دانے ۳۔ انجیر زرد ۳ دانے


۴۔ خاکشی ۳ ماشہ ۵۔ چینی ۱ تولہ

تمام ادویات کو صاف کر کے دو کپ پانی میں جوش دیں اور گھونٹ گھونٹ کر کے مریض کو پلائیں۔ کمزوری زیادہ ہو تو ہمراہ خمیرہ مروارید ۳ ماشہ کھلایا جائے۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو پانی میں گھول کر تمام جسم پر ملنے سے ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

۷۸۶



۷۸۰۵	۷۸۰۸	۷۸۱۲	۷۷۹۸
۷۸۱۱	۷۷۹۹	۷۸۰۴	۷۸۰۹
۷۸۰۰	۷۸۱۴	۷۸۰۶	۷۸۰۳
۷۸۰۷	۷۸۰۲	۷۸۰۱	۷۸۱۳

پھل اور سبزیوں سے علاج

ناریل ایک ایسا پھل ہے جو چیچک کے مریضوں کے لیے از حد مفید ہے۔ بچوں کو تین ماشہ اور بڑوں کو چھ ماشہ ناریل کا روزانہ استعمال چند یوم میں چیچک کا خاتمہ کر دیتا ہے۔

۳۴۔حیض کی بندش (Amenorrhoea)

عورتوں میں ماہانہ نظام میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔ ماہواری اول تو شروع ہی نہیں ہوتی یا پھر کچھ عرصہ ہو کر بند ہو جاتی ہے یا زیادہ دیر کے بعد آتی ہے۔مخصوص ایام میں دو ماہ کا تعطل دراصل حیض کی بندش ہی سمجھنا چاہیئے ۔

وجوہات: قلتِ خون، پیدائشی کمزوری، جریان خون، بواسیر، بچہ دانی کی سوجن، موٹاپا، کثرتِ مباشرت، ایام کے دنوں میں سردی لگنا۔

علامات: جسم کا رنگ پھیکا، جگر کمزور اور جسم لاغر، نیند زیادہ آنا، مباشرت میں تکلیف، تھوڑے کام سے دھڑکن تیز۔

غذا: چپاتی، مونگ اور ارہر کی دال، مکھن دودھ حسبِ ضرورت۔

پرہیز: انڈہ، چائے اور سرد تر کاریاں۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو لکھ کر کمر پر باندھ لیں۔ ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ

وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ؕ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ ○ (سورہ انبیاء، آیہ ۳۰، پارہ ۱۷)

ہومیو پیتھک علاج

☆ حیض کبھی رکے کبھی چلے، تمام علامات شام کو زیادہ	Pulsatilla-30
☆ مٹی کھانے کی عادت، سر پر پسینہ، پہلے حیض میں رکاوٹ	Calcarea Carb-30
☆ ٹخنوں میں سوجن، چہرہ گلنار، پہلے حیض میں دیر۔	Ferrum Metallicum-30
☆ پہلے حیض کی بجائے لیکوریا، گالوں پر بھورے داغ، اعضائے تناسل کا نیچے کی طرف دباؤ ۔	Sepia-30

☆حیض کی جگہ پر نکسیر، حرکت سے تکلیف۔ Bryonia-30

☆ماہواری میں تاخیر کے سبب درد اور پیشانی کے داغ۔ Caulophyllum-Q

☆حیض کی بندش کے سبب خون کی کمی، کمزوری اور سبز یرقان Natrum Mur-200

☆سرد، خشک ہوا لگنے یا ڈر کی وجہ سے ایام بند ہوں۔ Aconite-30

یونانی علاج: درج ذیل ادویات کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ چھ ماشے خوراک روزانہ ہمراہ دودھ شام کے وقت استعمال کریں۔ اگر حیض کی تاریخ معلوم ہو تو دس دن پہلے شروع کریں۔

۱۔مغز تخم خربوزہ ۱تولہ ۲۔تخم کلتھی ۱تولہ ۳۔تخم خیارین ۱تولہ

۴۔تخم کاسنی ۱تولہ ۵۔مرکی ۶ماشہ ۶۔دارچینی ۶ماشہ

۷۔سونف ۶ماشہ ۸۔زعفران ۳ماشہ ۹۔کشتہ فولاد ۳ماشہ

۱۰۔دیسی چینی ۴تولہ

رُوحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر عورت کے گلے میں لٹکائیں اور روزانہ گھول کر بھی پلائیں۔

۷۸۶

۲۵۷۲۲	۲۵۷۲۶	۲۵۷۲۹	۲۵۷۱۵
۲۵۷۲۸	۲۵۷۱۶	۲۵۷۲۱	۲۵۷۲۷
۲۵۷۱۷	۲۵۷۳۱	۲۵۷۲۴	۲۵۷۲۰
۲۵۷۲۵	۲۵۷۱۹	۲۵۷۱۸	۲۵۷۳۰

پھل اور سبزیوں سے علاج

آم حیض کی بندش میں مفید پایا گیا ہے۔ اگر آم کے درخت کی ۵۰ گرام چھال اُبال کر صبح اور شام مریض کو پلائیں تو چند ہی یوم میں فائدہ ہوگا۔

۳۵۔حیض کی کثرت *(Menorrhagia)*

عورتوں میں معمول سے زیادہ ماہواری آنا بھی ماہانہ نظام کے نادرست ہونے کی علامت ہے۔اس سے مزید کئی پیچیدگیاں پیدا ہونے کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔

وجوہات: جسم میں خون کی زیادتی، کثرتِ مباشرت، کثرتِ اولاد، عام کمزوری، بار بار حمل گرنا، بچہ دانی کی سوجن اور جگر کے امراض۔

علامات: ایام بکثرت آتے ہیں۔کبھی کبھی کم مقدار میں بکثرت آتے ہیں۔کبھی ایک ہی بار میں زیادہ خارج ہوتے ہیں۔مریضہ نڈھال، سخت کمزور، بھوک نہیں لگتی، پیڑو میں درد، پاؤں پر ورم۔

غذا: ساگودانہ، مونگ کی کھچڑی، دودھ، زود ہضم غذائیں۔

پرہیز: گرم و ترش اشیاء، مباشرت، دھوپ میں چلنا پھرنا۔

آیات قرآنی سے علاج: روزانہ باوضو ہو کر اس سورہ کو تین سو تیرہ مرتبہ بارش کے پانی پر دم کر کے پلائیں۔ چند یوم میں شفا ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّآ اَعۡطَيۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانۡحَرۡ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ ۝

(سورہ کوثر، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆خون کا بہت زیادہ چمکیلا اور زوردار اخراج، متلی، ماہواری جلد اور زیادہ۔	Ipecac-200
☆چہرہ سرخ، بخار، گردن کی نالیوں میں پھڑکن، چمکیلا خون	Belladonna-200
☆سردی کا احساس، چھیچھڑے دار خون کا اخراج، پیڑو میں دباؤ۔	Platina-200

☆جلد ماہواری درد کے ساتھ، پیٹ پھولا ہوا، سخت دباؤ سے افاقہ۔ China-200

☆بہت زیادہ مقدار میں بہت دن تک ماہواری، ہاتھ پاؤں میں اجماعِ خون کی علامات۔ Sangnuisorba Off-30

یونانی علاج

۱۔آملہ خشک ۱تولہ ۲۔چھلکا جامن ۱تولہ ۳۔الائچی خورد ۶ماشہ

۴۔پرانے ٹاٹ کی راکھ ۶ماشہ ۵۔کوزہ مصری ۳تولہ

تمام ادویات کو باریک پیس کر پانی کے ہمراہ دن میں دو مرتبہ ۶ ماشہ خوراک استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

ایک نقش لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں اور ایک نقش روزانہ چینی کی رکابی میں زعفرانی روشنائی سے لکھ کر مریض کو پلائیں۔ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۴ے۲۰۶	۴ے۲۱۰	۴ے۲۱۳	۴ے۱۱۹
۴ے۲۱۲	۴ے۲۰۰	۴ے۲۰۵	۴ے۲۱۱
۴ے۲۰۱	۴ے۲۱۵	۴ے۲۰۸	۴ے۲۰۴
۴ے۲۰۹	۴ے۲۰۳	۴ے۲۰۲	۴ے۲۱۴

پھل اور سبزیوں سے علاج

انگور کے رس یا انگور کا استعمال اگر پورے موسم میں کیا جائے تو حیض سے متعلق تمام بیماریاں، خاص طور پر کثرتِ حیض کی بیماری ختم ہو جاتی ہے۔

۳۶۔ خارش (Scabies)

یہ ایک متعدی مرض ہے، اس کا سبب ایک چھوٹا سا حیوانی کرم ہے۔ جو خارش کا سبب بنتا ہے۔

وجوہات: خارش والے مریض سے چھوت لگ کر یہ عارضہ ہو جاتا ہے۔

علامات: تمام جسم پر کبھی تر کبھی خشک خارش ہوتی ہے، جس سے مریض بے چین ہو جاتا ہے۔ رات کو مرض میں اضافہ، کھجانے سے جسم پر آبلے اور پھنسیاں۔

غذا: گاجر، شلجم، پالک اور مونگ کی دال، جسم پر تلوں کے تیل کی مالش

پرہیز: مٹھائی، اچار، لسی، دیر ہضم اشیاء، جسم کو گندہ ہونے سے بچائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: صبح و شام سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ چند روز یہ عمل دہرانے سے شفایابی حاصل ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّآ أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ○ وَمَآ أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ○ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ○ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ○ سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ○ (سورہ القدر، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ گندے میلے لوگوں کی خارش، جلن، دھونے اور کھرچنے سے اضافہ	Sulphur-30
☆ جلد گہری سرخ، جوڑوں کے موڑ کی جلد پر ناقابل برداشت خارش	Psorinum-1000
☆ جلد پر آبلے دار اور پیپ والے دانے، کھجلی کے خاص دانے کے چاروں طرف چھوٹے دانے	Merc Sol-200
☆ جلد گہری سرخ اور رات کو خارش زیادہ۔	Rhus Venenata-200

☆خارش کی ایسی حالت جس میں آسانی سے خون بہنے لگے۔ Hepar Sulph-200

☆جلد خشک، کھردری، کمزوری اور تھکان۔ Arsenic Alb-200

☆ہاتھوں کی جلد پر خارش جس میں موسم سرما میں اضافہ۔ Petroleum-1000

☆سینہ، کندھے اور چہرے پر خارش۔ Kali Brom-3X

☆جلد پر چھوٹے چھوٹے دائروں کی شکل میں پرتیں پڑ جائیں۔ Hydrocotyle-3X

یونانی علاج

۱۔کتھ سفید ۱ تولہ ۲۔صندل سفید ۱ تولہ ۳۔صندل سرخ ۱ تولہ


۴۔مرداسنگ ۱ تولہ ۵۔کمیلہ ۱ تولہ ٦۔برگِ حنا ۱ تولہ

۷۔شاہترہ ۱ تولہ ۸۔کافور ۱ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنا کر تین گنا وزن شہد ملا کر مرہم بنا لیں۔صبح شام مالش کریں۔

رُوحانی علاج: اس نقش کو چینی کی پلیٹ میں لکھیں اور پھر اس میں خالص سرسوں کا تیل حل کریں اور روئی سے خارش والی جگہ پر اس تیل کو لگائیں۔ان شاءاللہ شفا ہو گی۔

۷۸٦



۷٦	۸۰	۸۳	٦۹
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۸۵	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

پھل اور سبزیوں سے علاج

کیلے کی پھلیاں سرکے یا لیموں کے رس میں ملا کر خارش والی جگہ لیپ کرنے سے خارش دور ہو جاتی ہے۔

۳۷۔خسرہ (Measles)

یہ ایک متعدی بخار ہے۔ یہ صفراوی چیچک کی مانند ہوتا ہے۔اس کے دانے چیچک کی نسبت چھوٹے،تعداد میں تھوڑے اور آنکھوں پر کم ہوتے ہیں۔

وجوہات: چیچک کی طرح جب خون میں بطور عفونت کوئی بگاڑ ہوتو یہ مرض پیدا ہوتا ہے۔

علامات: اس مرض میں نزلہ،زکام کے ساتھ ساتھ تین چار روز بعد جسم پر سرخ دانوں کے خوشے نمودار ہوکر چھ سات دن بعد مرجھا جاتے ہیں۔

غذا: دودھ اور دیگر نرم غذائیں۔

پرہیز: دیرہضم غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: یہ آیت اکتالیس بار پانی پر دم کر کے اکتالیس یوم صبح وشام مریض کو پلائیں۔ان شاء اللہ شفا ملے گی۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ O (سورہ یٰسین،آیہ ۵۸ ،پارہ ۲۳)

<u>ہومیو پیتھک علاج</u>

☆ بغیر پیاس کے،ضدی اور سرد قسم کے افراد،سرد غذا کھانے پینے سے — Pulsatilla-200

☆ زکام کی علامتیں،دانے باہر آنے میں مدد،جلد گرم،خارش اور غنودگی — Gelsemium-200

☆ ورمی بخار،چھونے،جھٹکنے اور حرکت سے مرض میں شدت،زکام — Ferrum Phos-200

☆ آبلے دار دانے جن میں گاڑھا رقیق سفید مادہ بھرا ہو۔زبان کی جڑ پر سفید یا بھورے رنگ کا میل — Kali Mur-200

☆ خشک کھانسی،جلد گرم خشک،آنکھیں سرخ اور بے چینی — Aconite-30

یونانی علاج

درج ذیل ادویات کو ایک پاؤ پانی میں اتنا جوش دیں کہ پانی آدھارہ جائے۔ ایک تولہ شربت عناب کے ہمراہ پندرہ یوم کیلئے صبح شام استعمال کریں۔

۱۔عناب ۳دانے ۲۔مویز منقّٰی ۳دانے ۳۔ملٹھی مقشّر ۲ماشے

۴۔لسوڑیاں ۲ماشہ ۵۔خوب کلاں ۲ماشہ ۶۔گاؤزبان ۲ماشہ

۷۔انجیر اعدد

رُوحانی علاج

اس نقش کولکھ کر گلے میں لٹکانے سے ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۱۰۱۷۷۹	۱۰۱۷۸۳	۱۰۱۷۸۶	۱۰۱۷۷۲
۱۰۱۷۸۵	۱۰۱۷۷۳	۱۰۱۷۷۸	۱۰۱۷۸۴
۱۰۱۷۷۴	۱۰۱۷۸۸	۱۰۱۷۸۱	۱۰۱۷۷۷
۱۰۱۷۸۲	۱۰۱۷۷۶	۱۰۱۷۷۵	۱۰۱۷۸۷

پھل اور سبزیوں سے علاج

خوبانی ایسا پھل ہے، جو پیٹ کو خوب صاف کرتا ہے۔ یہ خون کی کمی والے مریضوں کے علاوہ بواسیر، بخار اور آنتوں کے سدّوں کے لئے مفید ہے۔ خاص طور پر خسرے کے مریض کیلئے جادو اثر پھل ہے۔ اس کا باقاعدہ استعمال اس بیماری سے نجات دلاتا ہے۔

۳۸۔ خصیوں کا ورم (Orchitis)

خصیوں یا ان کے خاص حصوں میں ورم یا سوجن ہو جاتی ہے۔

وجوہات: چوٹ لگنا، جوڑوں کا درد، پتھری مثانہ، پیشاب کی نالی کا زخم، کیتھیٹر کا استعمال، شدید بخار، میلا کچیلا رہنا۔

علامات: خصیہ بڑا اور سخت ہو جاتا ہے، درد اور بخار کے علاوہ کبھی کبھار زخم ہو کر فوطے برہنہ ہو جاتے ہیں۔

غذا: چپاتی، دودھ، ساگ، زود ہضم اور سرد غذائیں۔

پرہیز: گرم، ثقیل اور مصالحے دار اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیہ مبارکہ کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر تلوں کے تیل پر دم کریں اور خصیوں پر مالش کریں۔ اس کے ساتھ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ لا وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا o

(سورہ بنی اسرائیل، آیہ ۸۲، پارہ ۱۵)

ہومیو پیتھک علاج

☆ خصیوں میں درد، موت کا ڈر، شدید گھبراہٹ۔	Aconite-200
☆ رونے والا مزاج، درد کے ساتھ سردی، پیاس ندارد۔	Pulsatilla-30
☆ آنکھیں سرخ، پاؤں ٹھنڈے، سر کی جانب اجتماع خون زیادہ	Belladonna-200
☆ منی کی ڈوری میں درد زیادہ، عصبی درد کا زور۔	Arnica Montana-Q
☆ خصیوں کے درد کی حالت میں ہائی بلڈ پریشر اور مایوسی۔	Aurum Met-30
☆ منی کی نالی میں پھولن اور درد۔	Spongia-3X
☆ پیشاب کرتے وقت بہت زیادہ زور لگانا پڑے۔	Alumina-30

☆ پیشاب گاڑھا، رنگدار اور درد کے ساتھ۔ Ilex-Q

☆ پیشاب بوند بوند ٹپکے اور زور لگانا پڑے۔ Baryta Carb-30

یونانی علاج

ا۔اکلیل الملک ۲تولہ ۲۔گلِ بابونہ ۲تولہ ۳۔قیصوم ۲تولہ

۴۔گلِ بنفشہ ڈیڑھ تولہ ۵۔گلِ خطمی ڈیڑھ تولہ ٦۔گلِ سرخ ۹ماشہ

تمام ادویات کو کوٹ چھان کر السی کے لعاب میں ضماد تیار کریں۔ سبز مکو کے پانی میں ملا کر مقامِ ورم یا درد پر لیپ کریں اور گرم پٹی باندھ لیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو چینی کی رکابی پر لکھ کر بارش کے پانی یا آبِ زم زم سے دھو کر متواتر اکیس (۲۱) یوم تک پلانے سے ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

٧٨٦

٦٦٣٠٩	٦٦٣٠٤	٦٦٣١١
٦٦٣١٠	٦٦٣٠٨	٦٦٣٠٦
٦٦٣٠٥	٦٦٣١٢	٦٦٣٠٧

پھل اور سبزیوں سے علاج

تربوز ایک ایسا پھل ہے جو مذکورہ بالا بیماری میں اکسیر ہے۔ تربوز ہمیشہ نمک لگا کر کھانا چاہیے۔ اگر چند یوم غذا کا سلسلہ منقطع کر کے صرف تربوز بطور غذا اور دوا استعمال کیا جائے تو سونے پر سہاگے والی بات ہے۔ یاد رہے کہ تربوز کھانے کے بعد پانی کا استعمال ہیضہ کا سبب بنتا ہے۔

۳۹۔خنازیر (Scrofula)

اس مرض میں گردن کے غدود پھول کر مالا کی طرح ہو جاتے ہیں۔

وجوہات: اکثر یہ مرض موروثی ہوتا ہے۔آتشکی والدین کے بچے بھی اس مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔جدید تحقیق کے مطابق اس مرض کا سبب مادۂ سل ہے۔

علامات: گردن کے غدود پھولنا، گلٹیوں کا علیحدہ علیحدہ نظر آنا، کمزور بچوں کے پیٹ میں گلٹیوں کا پیدا ہو جانا۔

غذا: زود ہضم اور مقوی غذاؤں کا استعمال۔

پرہیز: دیر ہضم اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں۔ مسلسل اکتالیس روز یہ عمل کریں، ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

رَبِّكَ ذِى الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ٥ (سورہ الرحمٰن، آیہ ۷۸، پارہ ۲۷)

ہومیو پیتھک علاج

☆ بھوک کے باوجود جسم میں گوشت کی کمی، وزن میں تیزی سے کمی، سانس لینے میں دقت۔ Iodium-200

☆ دل کی کمزوری، اچھی بھوک کے باوجود زبردست دبلا پن، عام جسمانی کمزوری۔ Arsenic Iod-30

☆ اعصابی کمزوری، قوتِ حیات کی کمی، سرد پانی کی پیاس، عاشقانہ مزاج۔ Phosphorus-30

☆ بہت زیادہ خون کی کمی، مرض میں اضافہ رات کے وقت Merc Sol-200

☆ ٹھنڈک سے زبردست حسی پن اور پھولے ہوئے غدود Calcarea Carb-200

یونانی علاج

۱۔جدوار ۶ ماشہ ۲۔رسونت ۶ ماشہ ۳۔صندل سرخ ۶ ماشہ

۴۔گلِ ارمنی ۶ ماشہ ۵۔ریوند چینی ۶ ماشہ

تمام ادویات کو پیس کر پانی ملائیں اور گاڑھا لیپ تیار کرلیں،متعلقہ جگہ پر لگائیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو روزانہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر مریض کو اکتالیس یوم تک پلانے سے ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۶۴۸	۶۵۱	۶۵۴	۶۴۰
۶۵۳	۶۴۱	۶۴۷	۶۵۲
۶۴۲	۶۵۶	۶۴۹	۶۴۶
۶۵۰	۶۴۵	۶۴۳	۶۵۵

پھل اور سبزیوں سے علاج

شہتوت پوری دنیا میں پایا جانے والا خوش ذائقہ پھل ہے۔اس میں آئیوڈین بقدر موجود ہوتا ہے۔جسم کے مختلف غدودوں کو بڑھنے سے روکتا ہے۔اس کے باقاعدہ استعمال سے خنازیر،ٹانسلز اور گلہڑ کے خاتمے میں مدد ملتی ہے۔

۴۰۔ خون کے دباؤ میں اضافہ

(Hypertension)

اگر خون کا دباؤ معمول سے زیادہ ہو تو یہ بلند فشارِ خون کہلاتا ہے۔ اصطلاحاً اسے ہائی بلڈ پریشر کہتے ہیں۔

وجوہات: شراب، چائے، کافی، تمباکو اور گوشت کا کثرتِ استعمال، انتڑیوں اور گردوں کے نقائص، غم وغصہ، فکر، خوف۔

علامات: سر میں بھاری پن، دردِ سر، نیند نہ آنا، دل کا پھڑکنا۔

غذا: سرد اور معتدل تاثیر غذاؤں کا استعمال۔

پرہیز: گرم وتُرش اور خون میں جوش پیدا کرنے والی غذائیں۔ ورزش، تمباکو، شراب۔

آیات قرآنی سے علاج: ہر فرض نماز کے بعد ان آیات کو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں۔ چند یوم میں شفا ہوگی۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝
اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝

(سورہ رعد، آیت ۲۸، ۲۹، پارہ ۱۳)

ہومیو پیتھک علاج

☆ سر کی جانب دوران خون زیادہ، سر جھکانے پر سر چکرانا	Aurum Met-30
☆ پھولا ہوا سرخ چہرہ، جھگڑالو دماغ، ہذیان اور ضعف	Veratrum Viride-200
☆ سر اور دل کی جانب دوڑتے ہوئے خون کا احساس	Glonoine-30
☆ تمام اشیا چاروں جانب گھومتی محسوس ہوں، سر میں بھاری پن اور اُلجھن کا احساس۔	Baryta Mur-30

☆دل کی طاقت کو بڑھانا اور بلڈ پریشر کو کم کرنا۔ Spartium Scoparium-Q

☆بلڈ پریشر کی زیادتی کو روکنے کی اہم دوا۔ Lycopus-30

☆سر چکرانے پر مریض بائیں یا پیچھے کی جانب گرے۔ Belladonna-30

☆ورم گردہ اور سر چکرانا جیسی علامات۔ Pituitary Gland-30

یونانی علاج

۱۔گلِ سرخ ۵تولہ ۲۔اسرول ۵تولہ ۳۔گوند کیکر ۵تولہ

۴۔کشنیز خشک ۵تولہ ۵۔برادہ صندل سفید ۵تولہ ۶۔تخم کاہو مقشر ۵تولہ

۷۔دانہ الائچی خورد ۵تولہ

تمام اشیا کا سفوف بنا کر ارجن کی چھال کے پانی میں ملا کر چنے برابر گولیاں بنا لیں۔دو گولیاں صبح دوپہر شام کھانے کے دو گھنٹے بعد استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو آبِ زم زم سے لکھ کر تعویذ کو دھو کر ایک بوتل بھر لیں اور صبح شام ساٹھ روز تک مریض کو پلائیں۔ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَ شِفَاءٌ لِمَا فِی الصُّدُوْر

پھل اور سبزیوں سے علاج

تربوز پاکستان میں بکثرت پایا جانے والا پھل ہے۔یہ گرمی کو دور کرتا ہے، پیاس بجھاتا ہے اور خاص طور پر پیشاب آور ہے۔اس کے لگاتار کھانے سے بلند فشارِ خون سے نجات مل جاتی ہے۔

۱۴۔خون کے دباؤ میں کمی

(Hypotension)

بعض اوقات خون کا دباؤ معمول سے کم ہو جاتا ہے، اصطلاحاً اسے لو بلڈ پریشر کہتے ہیں۔

وجوہات: کمزوریٔ دل، کمیٔ خون، شدید جریان، سل، دِق اور عمومی کمزوری۔

علامات: ذہنی و جسمانی محنت سے معمول سے زیادہ تھکاوٹ محسوس ہونا، آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جانا، پریشانی، غشی، چہرہ زرد ہونا۔

غذا: اُبلے ہوئے انڈے، گوشت کا شوربہ مفید ہے۔

پرہیز: دیر ہضم اور سرد غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ صبح و شام اکیس یوم تک مریض کو پلائیں۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (سورہ توبہ، آیہ ۱۲۸، پارہ ۱۱)

ہومیو پیتھک علاج

☆دماغی اور جسمانی کمزوری، چلتے وقت لڑکھڑانا، جسم کے غدودوں کا سوجنا۔ Baryta Carb-30

☆تمام جسم کا سرد ہونا، شدید ضعف، دل کی یک دم کمزوری۔ Camphora-30

☆قبض، سر درد، چہرے کا رنگ زرد، نمک کھانے کی خواہش زیادہ۔ Natrum Mur-30

☆بوڑھے لوگوں کی نبض کمزور اور سست۔ Gelsemium-200

☆ لیٹنے کے بعد اٹھنے پر کمزوری، موت کا ڈر اور بے چینی۔	Aconite-30
☆ کسی معمولی سبب سے ہی کمزوری محسوس ہونے لگے۔	Coffea-30
☆ سر چکرانا، سرد پسینہ، سردی سے بدن اکڑ جائے۔	Lachesis-30
☆ دماغی محنت یا شراب پینے سے کمزوری۔	Nux Vonica-30

یونانی علاج

۱۔لونگ ۳عدد ۲۔لیموں ۱عدد ۳۔شہد (چھوٹی مکھی) ۲چمچ

لونگ کو باریک پیس لیں۔ ایک گرم پانی میں لیموں نچوڑ کر اس میں شہد شامل کر کے قہوہ بنالیں۔ لونگ کے سفوف کو پھانک کر قہوہ پی لیں۔ سات یوم صبح شام استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر روزانہ مریض کو پلائیں۔ تا شفا یہ علاج جاری رکھیں۔

۷۸۶

۳۳۳۶۵	۳۳۳۶۸	۳۳۳۷۱	۳۳۳۵۷
۳۳۳۷۰	۳۳۳۵۸	۳۳۳۶۴	۳۳۳۶۹
۳۳۳۵۹	۳۳۳۷۳	۳۳۳۶۶	۳۳۳۶۳
۳۳۳۶۷	۳۳۳۶۲	۳۳۳۶۰	۳۳۳۷۲

پھل اور سبزیوں سے علاج

خربوزہ ایک عام پھل ہے۔ اس کے گودے میں فاسفورس، چونا اور نشاستہ دار غذائی اجزاء ہوتے ہیں۔ یہ بدن میں چستی پیدا کرتا ہے۔ خون کے دباؤ میں کمی والے مریضوں کے لیے ٹانک کا درجہ رکھتا ہے۔

۴۲۔ دانت درد (Tooth Ache)

دانتوں یا مسوڑھوں میں درد ہوتا ہے۔

وجوہات: دانت خراب ہونا، کیڑا لگنا، صفائی نہ رکھنا، دانتوں پر چوٹ لگنا، ترش اور میٹھی اشیاء کا بکثرت استعمال۔

علامات: دانت یا اس کی جڑ میں شدید درد، مسوڑھے سوجنا، بعض دفعہ گال یا پورا منہ سوجا نظر آتا ہے۔

غذا: وٹامن سے بھرپور غذائیں۔

پرہیز: باسی، گلی سڑی اور ترش اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: ان آیات کو پانی پر دم کر کے دن میں تین مرتبہ مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ط إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا o وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ لا وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ إِلَّا خَسَارًا o

(سورہ بنی اسرائیل، آیہ ۸۱ تا ۸۲، پارہ ۱۵)

__ہومیو پیتھک علاج__

☆ دانت میں اچانک شدید پھڑکن والا درد جس میں چھونے سے اضافہ۔ Belladonna-200

☆ گرم اشیاء پینے سے درد میں اضافہ۔ Chamomilla-200

☆ گلے سڑے دانت میں درد جو کان تک پھیل جائے۔ کبھی کبھی گال کی دردبھری پھولن، سرد و گرم کھانے سے درد میں اضافہ۔ Merc Sol-30

☆دانت درد کی حالت میں پلکوں میں دھیما درد، دونوں گالوں میں پھولن، کھانے کے دوران افاقہ، بیرونی طور پر اس دوا کا مدر ٹنکچر استعمال کریں۔ Plantago Major-30

☆دانت اکھاڑنے کے بعد درد اور خون روکنا مقصود ہو۔ Arnica-30

یونانی علاج

۱۔چونا ان بجھا ۲تولہ ۲۔نوشادر ۲تولہ

دونوں کو باریک پیس کر کھلے منہ والی بوتل میں ڈال کر مضبوط کارک لگا لیں۔

بوقت ضرورت سونگھ لیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر چار تہہ لگا کر دانتوں کے درمیان درد والی جگہ پر رکھیں۔ان شاءاللہ فوراً شفا ہوگی۔

۷۸۶

الحفیظ	الشافی	الکافی
۲۸۶	۱۳	۱۲۹
۲۵۸	۸۰۱	۱۲۰

پھل اور سبزیوں سے علاج

لہسن ایک عام سبزی ہے۔اٹلی اور فرانس کا جنگلی لہسن زیادہ مقبول اور بہترین خیال کیا جاتا ہے۔لہسن کو گرم کر کے چبانے سے دانت کا درد دور ہو جاتا ہے۔

۴۳۔ دُبلا پن (Lean Ness)

مریض کا بدن قد کاٹھ اور عمر کی نسبت کافی کم ہوتا ہے، جسم بہت زیادہ دبلا نظر آتا ہے۔

وجوہات: متوازن غذا کی کمی، ناقص غذا کا استعمال، مٹی کھانا، مادہ منویہ کا بکثرت ضیاع، پیٹ کے کیڑے، خون پیدا نہ ہونا، غم و غصہ، فکر و تردّد

علامات: مختلف اسباب سے مختلف علامات ظاہر ہوتی ہیں، علامات کے مطابق علاج کریں۔

غذا: دودھ، انڈہ، سنگترہ، انگور، لیموں، گوبھی اور کیلشیم والی غذائیں۔

پرہیز: تُرش غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو بعد از نماز عشاء ایک ہزار تیرہ مرتبہ پڑھ کر ایک پاؤ تیل سرسوں پر دم کر کے رکھ لیں۔ اکتالیس روز اس تیل سے مالش کریں۔

فَانْظُرْ اِلٰی اٰثَارِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ (سورہ روم، آیہ ۵۰، پارہ ۲۱)

ہومیو پیتھک علاج

☆دبلا پن اور قلت خون کی بہترین دوا۔	Vanadium-30
☆گردن میں دبلا پن زیادہ، نمک کھانے کی خواہش، نہ بجھنے والی پیاس۔	Natrum Mur-30
☆سرخ ذرات کو بڑھاتی ہے۔ تھکے تھکے اور کمزور لوگوں کیلئے	Lecithin-1X
☆قلت خون والے بچے، سست ہاضمہ اور غدود پھولنے کا رحجان	Calcarea Phos-30
☆مذکورہ مرض کی سب سے کامیاب دوا	Ferrum Cit Chin-3X
☆کمی خون اور سبز یرقان	Ferrum Ars-3X

☆قلت خون اور متوازن غذا کی کمی — Ferrum Protoxalatum-3X

☆جلق کی شکایت کی وجہ سے پیدا شدہ تکالیف — China-30

☆فوطے ڈھیلے، خون کی کمی اور کمزوری — Aurum Met-30

یونانی علاج

۱۔اسگند ناگوری ۶ ماشہ ۲۔موصلی سفید ۶ ماشہ


۳۔کوزہ مصری ۱ تولہ ۴۔ ادرک ۲ ماشے

تمام ادویات کو باریک پیس کر ا تولہ صبح شام آدھ کلو نیم گرم دودھ کے ساتھ ایک ماہ استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر آب زم زم سے لکھ کر گیارہ یوم تک پینے سے ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

۷۸۶



۱۷۵۹۰۳	۱۷۵۹۰۶	۱۷۵۹۱۰	۱۷۵۸۹۶
۱۷۵۹۰۹	۱۷۵۸۹۷	۱۷۵۹۰۲	۱۷۵۹۰۷
۱۷۵۸۹۸	۱۷۵۹۰۱	۱۷۵۹۰۴	۱۷۵۹۰۱
۱۷۵۹۰۵	۱۷۵۹۰۰	۱۷۵۸۹۹	۱۷۵۹۱۱

پھل اور سبزیوں سے علاج

روزانہ تین عدد میٹھے سیب چھلکے سمیت آہستہ آہستہ چبا کر رس چوستے جائیں اور بعد میں دودھ پی لیں۔دو ماہ کے لگا تار استعمال سے چہرہ سرخ اور جسم فربہ ہو جائے گا۔جسم میں چستی آئے گی اور کام سے تھکاوٹ نہ ہوگی۔

۴۴۔ دردِ دل (Angina Pectoris)

مریض کے دل میں سخت درد محسوس ہوتا ہے۔

وجوہات: خون کے دباؤ میں زیادتی، بے خوابی، ذیابیطس، شراب نوشی، قبض، بدہضمی، جوش، غصہ۔

علامات: بائیں بازو یا کندھے میں درد، مرض کے دورے سے پہلے قدرے بے چینی، دل کی جگہ گرانی، بہت زیادہ پسینہ، بعض دفعہ غصہ

غذا: زود ہضم اور لطیف غذائیں۔

پرہیز: چائے، تمباکو، کافی، غم وغصہ، شراب۔

آیات قرآنی سے علاج: یہ آیت چند مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں اس طرح لٹکائیں کہ تعویذ دل پر رہے۔

يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ

(سورہ نحل، آیہ ۶۹، پارہ ۱۴)

ہومیو پیتھک علاج

☆ سینہ میں بائیں جانب درد دل، دھڑکن شدید اور سنائی دے، دل کے نچلے سرے سے کندھے تک درد۔	Spigelia-200
☆ درد بائیں کندھے کی جانب لپکے، دھڑکن تیز اور سانس میں تنگی۔	Oxalic Acid-200
☆ دل کے مقام پر بار بار تیز چبھن اور تکلیف دہ سانس۔	Bryonia-200
☆ درد دل کے ساتھ دل اور سر کی جانب خون کا اُمڈنا۔	Glonoine-200
☆ سرد پسینہ اور دل شکنجے میں جکڑا محسوس ہو۔	Cactus Grand-200

☆دل کے نچلے حصے میں درد جس میں ذرا سی حرکت سے اضافہ Lobelia Inflata-200

☆تیز درد دل جو دل کے نچلے حصہ کے شروع میں ہو۔ Syphillinum-1000

یونانی علاج

۱۔صندل سفید ۹تولہ ۲۔آب زلال تمر ہندی اپاؤ ۳۔آب انار ترش اپاؤ

۴۔طباشیر اتولہ ۵۔زعفران ۳ماشے ۶۔چینی ڈیڑھ کلوگرام

صندل سفید کو پانی میں بھگولیں۔آب انار اور آب تمر ہندی بھی شامل کرلیں۔ چینی ڈال کر قوام بنالیں۔طباشیر اور زعفران کا سفوف بھی شامل کرلیں۔عرق گاؤزبان کے ہمراہ ۶ ماشہ خوراک صبح شام استعمال کریں۔

روحانی علاج

یہ نقش کاغذ پر لکھ کر مریض کو چند یوم پلانے سے ہی ان شاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

۷۸۶

۱۷۷۵۵	۱۷۷۴۸	۱۷۷۵۳
۱۷۷۵۰	۱۷۷۵۲	۱۷۷۵۴
۱۷۷۵۱	۱۷۷۵۶	۱۷۷۴۹



پھل اور سبزیوں سے علاج

آم پھلوں کا بادشاہ ہے۔اعضاء کی تقویت کیلئے تمام پھلوں میں آم ایک خاص مقام کا حامل پھل ہے۔ پختہ آم کے رس کو ادرک کے رس میں ملا کر چند یوم استعمال کرنے سے درد دل میں افاقہ ہوجاتا ہے۔

۴۵۔ دردِ شقیقہ (Migraine)

یہ ایک قسم کا باری کا درد ہے جو آدھے سر میں ہوتا ہے، کبھی کبھار پورے سر میں بھی ہوتا ہے۔ درد کی مدت چند منٹ سے لے کر کئی یوم تک ہو سکتی ہے۔

وجوہات: یہ درد اکثر موروثی ہوتا ہے۔ کمزوری، بدہضمی، نظر کی کمزوری، کثرتِ جماع، متواتر شب بیداری۔ عورتوں میں حیض کی خرابی۔

علامات: دورہ شروع ہونے سے قبل طبیعت ست اور سر گھومتا ہوا محسوس ہوتا ہے، نبض کمزور، قے اور متلی، چہرہ پھیکا۔

غذا: شدید درد ہو تو کھانا نہ دیں اور درد کم ہو جائے تو صرف زود ہضم غذائیں۔

پرہیز: دال ماش، آلو گوبھی، پیاز، گھی اور دیر ہضم غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: ان آیات کو سات بار پڑھ کر چینی پر دم کر کے کھلائیں اور کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر سر پر باندھیں۔ ان شاء اللہ درد شقیقہ جاتا رہے گا۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنسٰٓیo اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہُ ط (سورہ اعلیٰ، آیہ ۶ تا ۷، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ سر جیسے کسی شکنجے میں کسا جا رہا ہو، جو دھیرے دھیرے بڑھتا گھٹتا ہو۔ Stannum-200

☆ ڈنک مارنے کی مانند درد، متلی اور قے، آسانی سے بے ہوشی Sepia-200

☆ ناقابلِ برداشت درد جو مایوسی پیدا کر دے۔ Coffea-200

☆ درد وقفہ سے دورے کی شکل میں نمودار ہو، مریض دانتوں میں کپڑا رکھ کر اسے خوب دبائے پھر بھی شدت زیادہ۔ Morgan Pure-200

☆ ہر چیز گھومتی نظر آئے۔ پیچھے کو گرنے کا ڈر۔ Belladonna-30

☆ پیشانی کے دونوں جانب ابھرے ہوئے مقام پر درد۔ Menispermum-200

☆ سر درد صبح دس بجے سے تین بجے تک انتہائی شدید۔ Natrum Mur-30

یونانی علاج

۱۔ اسطوخودوس ۳ ماشہ ۲۔ فلفل سیاہ ۷ عدد ۳۔ کشنیز خشک ۴ ماشہ

تینوں ادویات رات کو ڈیڑھ چھٹا نک پانی میں بھگو دیں۔ صبح گھوٹ چھان کر ۶ عدد بتاشوں میں ڈال کر سورج نکلنے سے پہلے کھلا دیں۔ ان شاء اللہ ایک ہی خوراک سے فائدہ ہوگا۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر مریض کے بازو یا سر پر باندھیں۔ ان شاء اللہ تین یوم میں شفا نصیب ہوگی۔

۷۸۶

۲۳۴۲۶	۲۳۴۳۰	۲۳۴۳۳	۲۳۴۱۹
۲۳۴۳۲	۲۳۴۲۰	۲۳۴۲۵	۲۳۴۳۱
۲۳۴۲۱	۲۳۴۳۵	۲۳۴۲۸	۲۳۴۲۴
۲۳۴۲۹	۲۳۴۲۳	۲۳۴۲۲	۲۳۴۳۴



پھل اور سبزیوں سے علاج

دو عدد سیب لے کر چھیل لیں اور نہار منہ اچھی طرح چبا کر کھالیں۔ صرف پانچ یوم لگا تار استعمال سے مرض کا خاتمہ ہو جائے گا۔

۴۶۔ دردمثانہ (Vesatical Spasm)

اس مرض میں مثانہ کے مقام پر درد ہوتا ہے۔

وجوہات: مثانہ پر چوٹ لگنا، مثانہ کی پتھری، پیشاب کی بندش، جوڑوں کا درد، ورمِ مقعد، عورتوں میں بچہ دانی کی سوزش۔

علامات: پیشاب لگ کر آنا، بخار ہونا، پاخانہ بار بار آنا، مثانہ کے مقام پر درد کے ساتھ جی متلانا۔

غذا: دودھ اور سیال غذائیں۔

پرہیز: چائے، قہوہ، شراب، مصالحہ جات ہر قسم۔

آیات قرآنی سے علاج: اس سورہ مبارکہ کو کھانے پر دم کر کے کھلانا اور پانی پر دم کر کے پلانا انتہائی مفید ہے۔ چند ایام کے لگاتار استعمال سے مرض جاتا رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍo اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِo فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِo

الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ لا وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍo (سورہ القریش، پارہ ۳۰)

<u>ہومیو پیتھک علاج</u>

☆ پیشاب کی حاجت بار بار اور خفیف جلن۔	Apis-30
☆ مثانہ کے اندر کانٹے دار درد۔	Berberis Vulgaris-Q
☆ مثانہ میں درد اور خراش کے علاوہ سرخ ریگ کا اخراج۔	Lycopodium-200
☆ کھانسنے یا چھینکنے پر بے اختیار پیشاب کا نکل جانا۔	Camphora-Q
☆ دردمثانہ کے دوران دردناک حاجتِ پیشاب۔	Causticum-Q
☆ پیشاب کی شدید حاجت، تیز بخار اور بے چینی۔	Aconite-30
☆ دردگردہ کی حالت میں تیز بخار اور تیز پیشاب۔	Belladonna-30

☆ دردگردہ کے ہمراہ قبض اور پیشاب رک جانا۔ Nux vomica-30

☆ دردگردہ کی حالت میں پیشاب سے بھرا مثانہ۔ Arnica-30

یونانی علاج

۱۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ ۲۔ ہریڑ خورد ۶ ماشہ ۳۔ جوں کھار ۱ ماشہ

۴۔ قلمی شورہ ۱ ماشہ ۵۔ سوڈا بائی کارب ۱ تولہ

تمام ادویات کا باریک سفوف تیار کر لیں۔ شربتِ بزوری کے ہمراہ صبح دوپہر شام ۶ ماشہ استعمال کریں۔

روحانی علاج

یہ نقش لکھ کر مریض کے بازو پر باندھیں اور نقش کے درمیانی خانہ میں مریض کا نام لکھ لیں۔ ان شاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن
یا اللہ یا رحمٰن		یا اللہ یا رحمٰن
یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن

پھل اور سبزیوں سے علاج

تازہ کھیرے کی قاشیں کاٹ کر نمک، کالی مرچ اور زیرے کا سفوف چھڑک کر کھانے سے دردِ مثانہ دور ہو جاتا ہے۔ یاد رہے دن میں جب بھی بھوک لگے صرف کھیرے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔

۴۷۔ دمہ (Asthma)

سانس کی تنگی کے دورے ہوتے ہیں اور سانس بہت مشکل سے آتا ہے۔

وجوہات: گاڑھی بلغم، پھیپھڑوں کی خشکی اور ورم، گرد و غبار، نزلہ وزکام، کھانسی اور خرابیٔ معدہ

علامات: عام طور پر دورہ مرض رات کے پچھلے حصے میں نیند کی حالت میں ہوتا ہے۔ بار بار پیشاب، ناک میں خراش۔

غذا: بکری کا شوربہ، کدّو، یخنی، ارہر کی دال اور ہلکی غذائیں۔

پرہیز: لال مرچ، برف کا ٹھنڈا پانی، لسی، گرم اور ثقیل اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: مندرجہ ذیل آیات لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ اور روزانہ صبح و شام گیارہ گیارہ بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ لَاۤ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ (سورہ بقرہ، آیہ ۲۵۵ تا ۲۵۷، پارہ ۳)

ہومیو پیتھک علاج

☆ خراٹے دار سانس، سکڑی ہوئی سانس کی نالیاں، بے چینی — Arsenic Alb-30

☆تنگی سانس، سینے میں گڑگڑاہٹ، نزلہ اور شدید کھانسی Ipecac-200

☆ترقسم کا دمہ سینہ میں کھڑکھڑاہٹ صبح چار بجے کے بعد Natrum Sulph-200

☆زبردست تنگی سانس اور دھڑکن کے ساتھ ہوا کی نالی والا دمہ Eucalyptus Glob-Q

یونانی علاج

۱۔آب ادرک ۵تولہ ۲۔شہد چھوٹا ۵تولہ ۳۔کلونجی ۲تولہ

۴۔سناکی ۲تولہ ۵۔دودھ برگد ۲تولہ ۶۔زعفران ۲ماشہ

۷۔کشتہ فولاد ۲ماشہ

آب ادرک اور شہد میں بقیہ اشیاء کا سفوف بنا کر قوام بنالیں۔اک چوتھائی چھوٹا چمچ صبح دوپہر شام نیم گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

دمہ کے مریض اس نقش کو چینی کی پلیٹ میں لکھ کر شہد سے دھو کر پئیں۔ان شاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

۷۸۶

۱۹۹۳۵	۱۹۹۳۸	۱۹۹۴۱	۱۹۹۲۷
۱۹۹۴۰	۱۹۹۲۸	۱۹۹۳۴	۱۹۹۳۹
۱۹۹۲۹	۱۹۹۴۳	۱۹۹۳۶	۱۹۹۳۳
۱۹۹۳۷	۱۹۹۳۲	۱۹۹۳۰	۱۹۹۴۲

پھل اور سبزیوں سے علاج

آم کی گٹھلی کا سفوف روزانہ پانچ گرام ہمراہ پانی صبح شام استعمال کرنے سے دمے کی شکایت کا دنوں میں خاتمہ کر دیتا ہے۔

۴۸۔ دھند غبار (Amblyopia)

نظر روز بروز کمزور ہوتی جاتی ہے۔ مرض بڑھ جائے تو نظر آنا بالکل بند ہو جاتا ہے۔

وجوہات: دائمی قبض، دائمی درد سر، کثرت چائے، کثرت شراب، کثرت جماع، تمباکو نوشی

علامات: نظر بتدریج کم ہوتی جاتی ہے، مطالعہ سے آنکھیں جلد تھک جاتی ہیں، نیند کم، آنکھوں کے سامنے اندھیرا

غذا: مکھن، انڈا، کلیجی اور مقوی غذائیں۔

پرہیز: لوبیا، گوبھی، دال مسور، ترش اور بادی اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: نمازِ فجر کے بعد یہ آیات پانچ مرتبہ پڑھ کر انگلیوں پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیریں اور چینی کی پلیٹ پر لکھ کر شہد سے صاف کریں اور بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ط اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ ط اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَیْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا غَرْبِیَّةٍ لا یَّكَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ط نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ط یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ط وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ط وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ o

(سورہ نور، آیہ ۳۵، پارہ ۱۸)

ہومیو پیتھک علاج

☆ یہ عارضہ آنکھوں سے زیادہ کام لینے سے لاحق ہو — Ruta-30

☆ باریک بینی کا کام، آنکھوں کے آگے مختلف رنگ دکھائی دیں۔ — Santoninum-3X

☆ کثرتِ جماع — Acid Phos-Q

☆بوجہ اخراج رطوبات زندگی	China-30
☆آنکھوں کے سامنے کالے نکتے نظر آئیں۔	Calcarea Carb-30
☆نظر اچانک کم ہو جائے۔	Gelsemium-30
☆حروف بے رنگ نظر آئیں۔شام کا اندھاپن۔	Lycopodium-30

یونانی علاج

۱۔لونگ ۱عدد ۲۔مازوسبز ۴عدد ۳۔دارچینی آدھ ماشہ

۴۔عرق گلاب ۵تولہ ۵۔سرکہ انگوری ۱بوتل

لونگ، مازوسبز اور دارچینی کو نیم کوفتہ کر کے عرق گلاب میں بھگو دیں، چوبیس گھنٹے بعد چھان کر سرکہ انگوری شامل کریں۔صبح شام صرف ایک ایک قطرہ ڈراپر سے آنکھوں میں ڈالیں۔

رُوحانی علاج

سوگرام پانی لے کر اس کو گرم کریں۔۵۰ گرام رہ جانے پر اس نقش کو گھول کر اس میں کپڑا بھگو کر ۷ یوم تک ٹکور کریں۔ان شاءاللہ شفا نصیب ہوگی۔

۷۸۶

۹۰	۸۵	۹۲
۹۱	۸۹	۸۷
۸۶	۹۳	۸۸

پھل اور سبزیوں سے علاج

جامن کی گٹھلی کے سفوف میں برابر مقدار شہد شامل کر کے صبح شام آنکھوں میں ڈالیں۔دھند وغبار کے ساتھ ساتھ موتیا اترنے کے مرض میں بھی افاقہ ہوگا۔

۴۹۔ دودھ کی کمی (Agalactia)

زچہ کی چھاتی میں اتنا دودھ پیدا نہیں ہوتا جس سے بچے کی پرورش ہو سکے۔

وجوہات: دورانِ حمل ناقص غذا اور جسم میں کیلشیم کی شدید کمی۔

علامات: عام جسمانی کمزوری، جریان خون، اسہال، لیکوریا۔

غذا: زود ہضم اور مقوی غذائیں۔

پرہیز: دیر ہضم، ثقیل اور بادی اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: یہ آیات چینی کی پلیٹ پر لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر دو حصے کر لیں۔ نصف حصہ عورت کو پلائیں اور نصف حصہ اس کے کھانے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ سات یوم میں شفا ہو گی۔

الَّذِیْٓ اَحْسَنَ کُلَّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ٥ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ٥ ثُمَّ سَوّٰهُ وَنَفَخَ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ٥ (سورہ سجدہ، آیہ ۷ تا ۹، پارہ ۲۱)

ہومیو پیتھک علاج

- ☆سب سے کارآمد دوا جب مریضہ میں اُداسی بھی پائی جائے — Agnus Cast-Q
- ☆دودھ کے اخراج میں کمی یا بالکل رک جانا۔ — Urtica Uren-Q
- ☆دودھ کی مقدار کو بڑھاتی ہے۔ — Ricinus Communis-30
- ☆عورتوں کے دودھ کو بڑھانے والی سب سے کارگر دوا۔ — Lactuca Virosa-Q
- ☆پستان سخت اور پُر درد، غصہ کی وجہ سے دودھ کا دب جانا۔ — Chamomilla-30
- ☆دوران حمل مٹی کھانے والی عورتوں میں دودھ کی کمی۔ — Calcarea Carb-30

☆اچانک سردی لگنے یا خوف سے دودھ کم ہونا۔ Aconite-30

☆سردی لگ جانے سے دودھ میں کمی۔ Dulcamara-30

☆اچانک دودھ کا کم یا بند ہو جانا۔ Asafoe Tida-30

یونانی علاج

۱۔ چنے کابلی ۵ تولہ ۲۔ سوئے ۶ ماشہ ۳۔ دودھ ۱ پاؤ


رات کو چنے اور سوئے دودھ میں بھگو دیں صبح دودھ الگ کر کے ابال لیں۔ چنے اور سوئے چبا چبا کر اسی دودھ کے ساتھ سات یوم کھائیں۔

رُوحانی علاج

یہ نقش لکھ کر مریضہ کو کم از کم پانچ روز پلائیں۔ ان شاء اللہ دودھ کثرت سے پیدا ہوگا۔

۷۸۶

۵۸۹۰۴	۵۸۸۹۹	۵۸۹۰۶
۵۸۹۰۵	۵۸۹۰۳	۵۸۹۰۱
۵۸۹۰۰	۵۸۹۰۷	۵۸۹۰۲



پھل اور سبزیوں سے علاج

تازہ سنگترے کا ایک چمچ رس دن میں چار مرتبہ ۴۵ یوم تک استعمال کریں۔ دودھ کی کمی نہ صرف دور ہو جائے گی بلکہ مریض کا رنگ سرخ و سفید اور جسم خوبصورت ہو جائے گا۔

۵۰۔ ڈبہ اطفال

(Broncho Pneumonia)

یہ نمونیا کی ایک قسم ہے۔ کم عمر بچوں کا مرض ہے۔ کمزور بچے اس میں زیادہ مبتلا ہوتے ہیں۔

وجوہات: اس مرض کا سبب ایک خوردبینی جاندار ہے جو مریض کے تھوک اور بلغم میں پایا جاتا ہے۔

علامات: سانس کی تنگی، ناک کے نتھنے پھولنا، سانس لیتے وقت پسلیوں کے نیچے اور معدہ کے مقام پر گڑھا پڑ جانا۔

غذا: اُبلا ہوا انڈا، شوربہ، یخنی۔

پرہیز: سرد اور دیر ہضم غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: یہ آیت لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ اور اسی آیت کو گیارہ بار پڑھ کر تیل پر دم کر کے مقامِ مرض پر مالش کریں۔ مزید گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔

عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ o (سورہ معارج، آیہ ۳۷، پارہ ۲۹)

<u>ہومیو پیتھک علاج</u>

☆مریض درد والے پہلو پر لیٹے تو اسے سکون ملے۔	Bryonia-30
☆برائی اونیا اور ایکونائٹ دینے پر مریض صحتمند نہ ہو رہا ہو۔	Sulphur-30
☆کھانسی، ناک کے نتھنے پھولے ہوئے اور تنگیٔ سانس۔	Ipecac-30
☆مریض انتہائی کمزور اور جھلّی میں پانی۔	Arsenic Alb-30

☆خشک کھانسی اور دم گھٹنے والے دورے۔ Spongia-3x

☆تر کھانسی لیکن بلغم مشکل سے خارج۔ Hepar Sulph-3x

یونانی علاج

۱۔کشتہ بارہ سنگھا ۱ماشہ ۲۔کاکڑا سنگی ۲ماشہ ۳۔سونٹھ ۱ماشہ

تینوں اشیاء کا سفوف تیار کر لیں۔ایک رتی عرق گاؤزبان کے ساتھ ہر چار گھنٹے بعد استعمال کریں۔

روحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں لٹکائیں۔ان شاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

۷۸۶

۳۱۰۲	۱۴۷	۱۰۰۹	۱۴۲
یاشافی	یامومن	یاحفیظ	یاسلام
۱۰۰۸	۱۴۳	۳۱۰۱	۱۴۸
۱۴۴	۱۰۱۱	۱۴۵	۳۱۰۰
۱۴۶	۳۰۹۹	۱۴۲	۱۰۱۰



پھل اور سبزیوں سے علاج

خوبانی ایک مشہور پھل ہے۔اعضاء کو طاقت دیتا ہے۔جوشِ خون کو تسکین دیتا ہے۔ڈبہ اطفال، بواسیر، بخار، آنتوں کی سوزش اور پھیپھڑوں کے ورم کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔اس مرض کے لیے یہ خاص طور پر ٹانک کا درجہ رکھتا ہے۔

۵۱۔ ذیابیطس

(Diabetes Mellitus)

اس مرض میں شکر آمیز پیشاب بکثرت آتا ہے، جسم لاغر و کمزور ہو جاتا ہے۔

وجوہات: جدید تحقیق کے مطابق لبلبہ کی اندرونی رطوبت میں نقص پیدا ہونے سے شکر کا تغذیہ نہیں ہو پاتا بلکہ شکر پیشاب کے راستے خارج ہونے لگتی ہے۔ کسی نقص کی بنا پر انسان یا جانور کا لبلبہ نکال دینے سے بھی پیشاب میں شکر کا مرض پیدا ہو جاتا ہے۔

علامات: پیشاب میں شکر آنا، پیاس زیادہ لگنا، جسم بہت زیادہ کمزور ہونا، منہ خشک ہونا، قوتِ مردانہ کم یا ختم ہونا، ماہانہ ایام کا بند ہونا، بعض دفعہ مریض کی خوراک کافی بڑھ جاتی ہے۔

غذا: انڈہ، دودھ، مکھن، بادام، سیب، ناشپاتی، ساگ، کریلا، ناریل کا پانی۔

پرہیز: شکر قندی، گنا، کھجور، انگور، مٹھائیاں اور شکر۔

آیات قرآنی سے علاج

اس آیت کو ہر فرض نماز کے بعد اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو اکیس دن تک پلائیں۔ ان شاء اللہ اس عارضے سے نجات مل جائے گی۔

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِیْرًا o (سورہ بنی اسرائیل، آیہ ۸۰، پارہ ۱۵)

ہومیو پیتھک علاج

☆ سب سے اہم دوا جو پیشاب میں موجود شوگر کو نارمل Syzygium Jambolanum-Q کرتی ہے۔

☆ذیابیطس کی حالت میں نامردی بھی پائی جائے۔ Coca-Q

☆پیشاب کی باربار خواہش، ذہنی دباؤ، عام پٹھوں کی کمزوری Helleborus-Q

☆بہت زیادہ پیشاب، ہائی بلڈ پریشر، زبردست دبلا پن Uranium Nitricum-12X

☆زبردست پیاس، غذا میں تیکھی چیزوں کی خواہش Codeinum-6X

☆ذیابیطس کے لیے استعمال ہونے والی سب سے کارگر دوا Arsenic Brom-6x

یونانی علاج

۱۔کلونجی ۱تولہ، ۲۔تخم سرس ۱تولہ، ۳۔گوندکیکر ۱تولہ، ۴۔تمہ خشک ۱تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنا کر بڑے سائز کے کیپسول بھرلیں۔ایک کیپسول دن میں چارمرتبہ ایک ماہ تک استعمال کریں۔

روحانی علاج

اس نقش کو کستوری یا زعفران سے لکھ کر ۱۲تعویذ تیار کریں۔روزانہ رات کو ایک تعویذ دودھ میں گھول کر پئیں۔دس دن کے وقفہ سے یہی عمل دہرائیں۔

۷۸۶

ع	ص	م	ح
ء	ا	ی	ق
ا	ك	ل	ت
ل	ت	ا	ی

پھل اور سبزیوں سے علاج

ذیابیطس فی زمانہ ایک عام اور موذی مرض ہے۔فالسے کے پیڑ کی اندورونی چھال پچاس تا ساٹھ گرام لے کر موٹا کوٹ لیں اور رات کو پانی میں بھگودیں۔صبح نتھار کر نہار منہ پی لیں۔صرف پندرہ یوم میں آپ واضح فرق محسوس کریں گے۔



۵۲۔ رسولیاں (Tumors)

جسم کے کسی حصّے میں زیادہ بڑھی ہوئی بیمار بافت کی وجہ سے نمودار ہونے والی پھولن یا بڑھی ہوئی بافت کو رسولی کہتے ہیں۔

وجوہات: جسم میں فالتو چربی، موروثی زہر سائیکوس کی وجہ سے، معدہ کی خرابیاں، گرم پسینے کا اخراج، زندگی میں ہونے والی مختلف تبدیلیاں، عورتوں میں بچوں کو دودھ نہ پلانا، عورتوں میں تنگ زیر جاموں کا استعمال۔

علامات: گردن کے قریب چربی دار رسولیاں، پستان کے غدود میں سختی، اعضائے تناسل پر اسفنج جیسی رسولیاں، بغلی غدود بڑھے ہوئے، جسم کے کسی بھی حصے میں پتھر کی طرح سخت غدود/ابھار، دبے ہوئے پستان کی وجہ سے چھاتی پر رسولیاں۔

غذا: دودھ، گوشت، مچھلی، پنیر، انڈہ اور خشک میوہ جات۔

پرہیز: پان، سگریٹ، شراب، عورتوں میں تنگ زیر جامے۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کا تعویذ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ صبح و شام گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک پلائیں۔ مریض خود بھی اس آیہ مبارکہ کا ورد کرتا رہے۔ اللہ کی رحمت سے شفایاب ہوگا۔

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ۔ (سورہ حٰم سجدہ، آیہ ۴۴، پارہ ۲۴)

ہومیو پیتھک علاج

☆ گردن کے قریب چربی دار رسولیاں۔	Baryta Carb-30
☆ اعضائے تناسل اور جلد کی رسولیاں۔	Thuja-1000
☆ پستانوں کے غدود سخت، دکھن اور درد بھرے ورم۔	Plumbum Iod-30
☆ پستان کی رسولیوں کے علاوہ بغلی غدود بڑھے ہوئے۔	Phytolacca-CM

☆ پتھر کی مانند سخت رسولیاں۔ Calcarea Fluor-30

☆ چھاتی کی رسولیاں نمودار ہونے پر سر اور پستان دبے ہوئے Hydrastis-30

یونانی علاج

علاوہ بیروزہ باقی ادویات کو ڈھائی کلو پانی میں جوش دیں۔ دو تہائی پانی رہ جانے پر چھان کر روغن گند سائٹھ تولہ میں ملا کر دوبارہ پکائیں۔ جب پانی جل جائے تو بیروزہ شامل کر کے مرہم بنالیں۔ نیم گرم مرہم گلٹیوں پر لیپ کر کے کپڑا یا روئی باندھ لیں۔

۱۔ دیودار ۳ تولہ ۲۔ ہلدی ۳ تولہ ۳۔ جدوار ۶ ماشہ

۴۔ گندہ بیروزہ ۱ تولہ ۵۔ اصل السوس ۳ تولہ ۶۔ برگِ حنا ۳ تولہ

۷۔ بھڑ بھونجہ کی چھت کا دھواں ۳ تولہ ۸۔ پوست درخت کیکر ۵ تولہ ۹۔ برگ نیم ۵ تولہ

۱۰۔ رتن جوت ۵ تولہ

روحانی علاج

رسولیوں والے مریض ایک تعویذ گلے میں لٹکائیں اور یہی تعویذ چینی کی رکابی پر لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر پئیں۔

۷۸۶

۲۲۸۲۵	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۳
۲۲۸۲۰	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۴
۲۲۸۲۱	۲۲۸۲۶	۲۲۸۱۹



پھل اور سبزیوں سے علاج

انار کا شمار ان پھلوں میں ہوتا ہے، جن کا ذکر قرآن مجید میں موجود ہے۔ یہ حدت کو کم کرتا ہے اور پیٹ کے امراض میں بہت مفید ہے۔ ایک پاؤ انار کا رس تین ماشے ہلیلہ زرد کے سفوف کے ہمراہ چند یوم لگاتار پینے سے رسولیاں ختم ہو جاتی ہیں۔

۵۳۔ رعشہ/لرزہ (Chorea)

اختیاری عضلات میں بلا ارادہ حرکت ہونے لگتی ہے، جس میں نظم نہیں ہوتا۔ عام طور پر ہاتھ اور گردن زیادہ لرزتے ہیں۔

وجوہات: عصبی امراض، بندشِ حیض، خون کی کمی، سرد اشیاء کا استعمال، کثرتِ جماع، دماغی کمزوری، اعصابی خشکی۔

علامات: ابتدائے مرض میں جسم، چہرہ، زبان اور ہاتھ پاؤں لرزنے لگتے ہیں۔ بے قاعدہ اور بے اختیار حرکات شروع ہو جاتی ہیں۔ شدّتِ مرض میں آدھا یا پورا جسم لرزنے لگتا ہے۔ عموماً بڑھاپے کا مرض ہے۔

غذا: تیتر، بٹیر، کبوتر کے گوشت کا شوربہ، چنا، کریلا، مونگ کی دال اور انڈہ وغیرہ۔

پرہیز: کدو، پالک، سرد و تُرش غذائیں، برف، ٹھنڈا پانی۔

آیات قرآنی سے علاج: مریض اس آیت کو روزانہ ورد میں رکھے۔ تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے۔ پانی پر دم کر کے دن میں تین بار پی لے۔

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝ (سورہ ابراھیم، آیہ ۱۲، پارہ ۱۳)

ہومیو پیتھک علاج

☆ پٹھوں میں غیر ارادی کھچاؤ، چہرے کی تشنجی پھڑکن — Absinthium-200

☆ کانپتی زبان، ہاتھ پاؤں میں تھرتھراہٹ، ہونٹوں اور پلکوں میں پھڑکن۔ — Agaricus Musc-200

☆ پٹھوں کے کھچاؤ کے لیے سب سے بہترین دوا۔ — Mygale Lasiodora-30

☆دل میں تھرتھراہٹ، جوڑوں میں درد، ہاتھ پاؤں Cimicifuga Racemosa-30
میں جھٹکے۔

یونانی علاج

۱۔مغز فندق ۵تولہ ۲۔مغز نارجیل ۵تولہ ۳۔مغز خربوزہ ۵تولہ
۴۔مغز پستہ ۵تولہ ۵۔مغز چلغوزہ ۵تولہ ۶۔مغز تربوز ۵تولہ
۷۔مغز کھیرا ۵تولہ ۸۔مغز ککڑی ۵تولہ ۹۔مغز اخروٹ ۵تولہ
۱۰۔مغز کدو ۵تولہ ۱۱۔نشاستہ ۳پاؤ ۱۲۔دیسی گھی ۵پاؤ
۱۳۔چینی اکلوگرام

نشاستہ گھی میں ڈال کر بریاں کریں۔اول دس اشیاء کا سفوف اس میں شامل کر دیں۔چینی ڈال کر معجون تیار کر لیں۔مقدار خوراک ۳تولہ صبح نہار منہ ہمراہ آدھا کلو نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

روحانی علاج: یہ تعویذ لکھ کر سامنے رکھ کر درود ابراہیمی پڑھتے ہوئے روزانہ دیکھا کریں۔

۷۸۶

۳۲۴	۳۲۸	۳۳۱	۳۱۷
۳۳۰	۳۱۸	۳۲۳	۳۲۹
۳۱۹	۳۳۳	۳۲۶	۳۲۲
۳۲۷	۳۲۱	۳۲۰	۳۳۲

پھل اور سبزیوں سے علاج

ناشپاتی ایک ایسا پھل ہے جو تمام عصبی امراض میں نہایت مفید ہے۔رعشے کے مریض چالیس یوم تک صبح دوپہر اور شام ناشپاتی کا استعمال کریں۔



۵۴۔ زہریلے جانور کا کاٹنا

(Poisonous Bites)

کسی زہریلے جانور کے کاٹنے سے خون میں زہر پھیل جاتا ہے اور مریض سخت نڈھال ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات یہ زہر جان لیوا بھی ثابت ہوتا ہے۔

وجوہات: سانپ، بچھو، بھڑ، شہد کی مکھی، دیوانے کتے، پسو، مچھر یا کھٹمل وغیرہ کا ڈسنا یا کاٹنا۔

علامات: ڈسنے کی جگہ پر شدید درد، بے قاعدہ اور بے اختیار حرکات، سوجن، جسم، چہرہ، زبان اور ہاتھوں کا زہر کے اثر سے نیلا ہونا۔

غذا: اگر جسم سرد ہو جائے تو گرم پانی کی بوتلیں، بغلوں یا رانوں میں رکھیں۔ ناگزیر صورت حال میں وہسکی یا برانڈی کافی مقدار میں پلا دیں۔

پرہیز: مریض پر غنودگی یا بے ہوشی طاری ہو تو اسے سونے نہ دیں۔

آیات قرآنی سے علاج: اس سورہ مبارکہ کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سمیت باوضو ہو کر پڑھتا جائے اور مریض پر دم کرتا جائے۔ نمک پر گیارہ مرتبہ دم کر کے مریض کو چٹاتے رہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ إِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ۝

(سورہ والناس، مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ سانپ کے کاٹے کی مفید دوا۔ Golondrina-Q

☆ بچھو کا ڈنک مارنا، ورم کی زیادتی پر ہر پانچ منٹ بعد خوراک۔ Apis-200

☆ بھڑ یا شہد کی مکھی کا کاٹنا۔ Ledum Palus Tre-200

☆ دیوانے کتے کا کاٹنا۔ Hydrophobinum-200

☆ مچھر، پسو یا کھٹمل کا کاٹنا۔ Ledum Palus Tre-200

یونانی علاج

مندرجہ ذیل ادویات کا باریک سفوف تیار کرلیں۔عرق بادیان کے ہمراہ ۵ ماشہ صبح شام یا بوقت ضرورت استعمال کریں۔

۱۔مرمکی ڈھائی تولہ ۲۔حب الفار ڈھائی تولہ ۳۔پکفان بید ڈھائی تولہ

۴۔قسط تلخ ڈھائی تولہ ۵۔فلفل سیاہ ڈیڑھ تولہ ۶۔زراوندطویل ڈیڑھ تولہ

۷۔زعفران ۹ ماشہ ۸۔دارچینی ۹ ماشہ

روحانی علاج

اس نقش کو گھول کر مریض کو پلائیں۔انشاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۱۱۳۶۵۷	۱۱۳۶۵۰	۱۱۳۶۵۵
۱۱۳۶۵۲	۱۱۳۶۵۴	۱۱۳۶۵۶
۱۱۳۶۵۳	۱۱۳۶۵۸	۱۱۳۶۵۱

پھل اور سبزیوں سے علاج

آملہ کے رس میں اتنی طاقت ہے کہ سانپ کے زہر کے اثر کو آسانی سے زائل کر دیتا ہے۔کوئی بھی زہریلا جانور کاٹ لے، آملے کا رس پلانے سے نہ صرف زہر کا اثر کم ہو جاتا ہے بلکہ لگاتار استعمال سے زہر کا اثر بالکل زائل ہو جاتا ہے۔

۵۵۔ سرعتِ انزال

(Premature Ejaculation)

وقتِ جماع طبعی مدت سے کم وقت میں مادہ منویہ کا اخراج ہو جانا۔ یہ ایک ایسا عارضہ ہے جس سے مباشرت کا عمل درست طریقے سے مکمل نہیں ہو پاتا۔

وجوہات: اختلافِ مزاج، کثرتِ جماع، طویل عرصہ کے لیے ترکِ مباشرت، پیشاب کی نالی کی سوجن، ورمِ غدہ مذی، کمزوری اعضائے رئیسہ۔

علامات: وقتِ جماع طبعی مدت سے کم وقت میں مادہ منویہ کا اخراج ہو جانا۔ بعض اوقات شہوانی خیالات سے بلا مباشرت منی خارج ہو جاتی ہے۔

غذا: زود ہضم اور لطیف غذاؤں کا استعمال۔

پرہیز: گرم و محرک اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: مندرجہ ذیل آیت کو زعفران سے لکھ کر اکتالیس یوم تک مریض کو بوقت نماز فجر پلائیں۔ اور صبح و شام چٹکی بھر چھلکا اسبغول دم کر کے مریض کو دیں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَاِسْمٰعِیْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۰﴾ (سورہ البقرہ، آیہ ۱۲۷، پارہ ۱)

ہومیو پیتھک علاج

☆ مریض قبل از وقت بوڑھا، جنسی خواہش مفقود۔	Agnus Cast-Q
☆ جسمانی اور دماغی طاقت کا کھو جانا۔	Baryta Carb-30
☆ عضو چھوٹا، سرد، خواہش زیادہ مگر عملاً صفر۔	Lycopodium-200
☆ دودھیا رنگ کا بکثرت پیشاب اور انتہائی مایوسی۔	Phosphoric Acid-200

☆ہاتھ پاؤں میں جلن، بھوک کم اور پیاس زیادہ Sulphur-Q

☆انتہائی اعصابی کمزوری، مرض غالب، مریض مغلوب Zincum Metallicum-30

یونانی علاج

۱۔شنگرف رومی ۲تولہ ۲۔کچی افیم ۲تولہ ۳۔جائفل ۲تولہ

۴۔الائچی خورد ۴۰عدد ۵۔لونگ ۴۰عدد ۶۔زعفران ۱تولہ

شنگرف رومی کو لوہے کے ہاون دستے میں ڈال کر ایک لاکھ چوٹیں لگائیں۔ باریک کپڑے سے چھان کر بقیہ ادویات کا سفوف بنا کر اس میں شامل کر کے بڑے سائز کے کیپسول بھر لیں۔ صبح وشام ایک کیپسول نیم گرم دودھ کے ساتھ پندرہ یوم استعمال کریں۔

روحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر گلے میں پیٹ تک لٹکائیں۔ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۱۸۳۸۱	۱۸۳۸۴	۱۸۳۸۷	۱۸۳۷۳
۱۸۳۸۶	۱۸۳۷۴	۱۸۳۸۰	۱۸۳۸۵
۱۸۳۷۵	۱۸۳۸۹	۱۸۳۸۲	۱۸۳۷۹
۱۸۳۸۳	۱۸۳۷۸	۱۸۳۷۶	۱۸۳۸۸

پھل اور سبزیوں سے علاج

بھنڈی توری ایک عام سبزی ہے۔اس میں فولاد، کیلشیم، فاسفورس، وٹامن اے اور وٹامن سی وافر مقدار میں پایا جاتا ہے۔جریان، احتلام اور سرعت انزال کے امراض میں اس کا لگاتار استعمال اچھے نتائج کا حامل ہوتا ہے۔

۵۶۔ سیلان الرحم/سفید پانی آنا

(Leucorrhoea)

عورتوں میں اندام نہانی سے سفید یا زردی مائل رطوبت بُو یا بے بُو خارج ہونا۔

وجوہات: چھوٹی عمر میں حمل، خون کی کمی، ورمِ رحم، کثرتِ مباشرت، بندشِ ایام، خوف، غصہ وغیرہ۔

علامات: بیرونی طور پر یونی میں خارش ہوتی ہے اور اس سے سفید پانی نکلتا ہے۔ کمر میں درد، بار بار پیشاب کی حاجت، ماہواری میں تکالیف کی موجودگی کے باوجود حمل کا ٹھہرنا۔

غذا: دودھ، شوربہ، ساگودانہ، پالک اور زود ہضم غذائیں۔

پرہیز: گرم و ترش اشیاء، رنج والم، مباشرت اور ورزش۔

آیات قرآنی سے علاج: ان آیات کو ایک کاغذ پر زعفران سے لکھ کر آبِ زم زم میں گھول کر مریضہ کو پلائیں۔ ان شاء اللہ سات ایام میں مرض جاتا رہے گا۔

وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَىٰ ○ وَأَنَّهُ هُوَ أَمَاتَ وَأَحْيَا ○ وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنثَىٰ ○ مِن نُّطْفَةٍ إِذَا تُمْنَىٰ ○ وَأَنَّ عَلَيْهِ النَّشْأَةَ الْأُخْرَىٰ ○ وَأَنَّهُ هُوَ أَغْنَىٰ وَأَقْنَىٰ ○ (سورہ نجم، آیہ ۴۳۔۴۸، پارہ ۲۷)

<u>ہومیو پیتھک علاج</u>

☆ لیکوریا کمر درد کے ساتھ نمودار ہو۔	Ova Testa-30
☆ رحم میں دانے دار زخم، فرج کی خارش اور گرمی کا احساس۔	Hydrocotyle-200
☆ آسانی سے تھک جانے والی، بوڑھی یا قبض والی عورتیں۔	Hydrastis-200
☆ پیلا خراش دار لیکوریا جس سے سبز اناج کی بُو آئے۔	Kreosote-20

☆سبزی مائل سرخ پانی، پیپ دار دودھ کی مانند اخراج۔ Sepia-100

☆نرم مزاج عورتیں، بلوغت سے پہلے لڑکیوں میں دودھ جیسا رقیق مادہ۔ Pulsatilla-1000

☆نوجوان لڑکیوں میں لیکوریا۔ Asperula-200

یونانی علاج

تمام ادویات کا سفوف گائے کے نیم گرم دودھ کے ساتھ ۹ ماشہ روزانہ استعمال کریں۔

۱۔ستاور ۳ ماشہ ۲۔کندر ۳ ماشہ ۳۔چنیا گوند ۳ ماشہ

۴۔مصطگی رومی ۳ ماشہ ۵۔ثعلب مصری ۳ ماشہ ۶۔الائچی خورد ۳ ماشہ

۷۔پھول پستہ ۳ ماشہ ۸۔پھول سپاری ۳ ماشہ ۹۔تجسک ۳ ماشہ

۱۰۔طباشیر ۳ ماشہ ۱۱۔موصلی سفید ۳ ماشہ ۱۲۔سنگ جراحت ۳ ماشہ

۱۳۔لودھ پٹھانی ۳ ماشہ ۱۴۔کوزہ مصری ۴ تولہ

رُوحانی علاج

اس نقش کو چینی کی پیالی میں لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر مریضہ کو ۲۱ یوم تک پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔



۷۸۶

۲۵۳۳۷	۲۵۳۴۰	۲۵۳۴۳	۲۵۳۳۰
۲۵۳۴۲	۲۵۳۳۱	۲۵۳۳۶	۲۵۳۴۱
۲۵۳۳۲	۲۵۳۵۴	۲۵۳۳۸	۲۵۳۳۵
۲۵۳۳۹	۲۵۳۳۴	۲۵۳۳۳	۲۵۳۴۴

پھل اور سبزیوں سے علاج

کیلے کی کچی پھلیاں لے کر سائے میں خشک کر کے سفوف بنا لیں۔ ۵ گرام صبح اور ۵ گرام شام کو صرف پندرہ یوم استعمال کرنے سے لیکوریا بالکل ختم ہو جاتا ہے۔

۵۷۔سوزاک (Gonorrhoea)

یہ متعدی مرض ہے۔ یہ مرض گونوریا جرثومے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ پیشاب کی نالی میں زخم ہوکر پیپ آنے لگتی ہے۔ انتہائی خطرناک مرض کا روپ دھار سکتا ہے۔

وجوہات: بری حرکات، زنا، پیشہ ورعورتوں سے مباشرت، سرخ مرچ اور گرم مصالحہ جات کا بکثرتِ استعمال۔

علامات: مرض کی چھوت لگنے کے دوسرے تیسرے دن پیشاب کی نالی میں سخت سوجن، پیشاب جل کراور درد کے ساتھ، کمر درد، بھوک کی کمی، پیشاب میں رکاوٹ۔

غذا: ڈبل روٹی، دودھ، چاول، جو کا دلیہ، دال، چپاتی، سردتر کاریاں۔

پرہیز: گرم اور خراش دار اشیاء، گوشت، انڈہ، اچار، چٹنی، مرچ، شراب

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو عرقِ گلاب سے لکھ کر آبِ زم زم میں گھول کر مریض کے لیے پلانا بہت فائدہ مند ہے۔ اکیس روز مسلسل یہ عمل کرنے سے یہ مرض ختم ہو جائے گا۔ ان شاءاللہ۔

يَآ أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ لا وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ o (سورہ یونس، آیہ ۵۷، پارہ ۱۱)

ہومیو پیتھک علاج

☆ گاڑھے پیلے بلغم اور پیپ کا اخراج، ذکر کی اٹھان درد بھری، سیون میں گہرا درد۔ Oleum Santali-200

☆ پیشاب کی بار بار خواہش، کانٹے دار درد اور خارش۔ Petroselinum-Q

☆ پیشاب کی نالی میں درد، جسم میں ڈھیلا پن۔ Gelsemium-Q

☆ حد درجہ کا سوزاک، آلہ تناسل ورم شدہ۔ Cannabis Sativa-Q

☆سبزی مائل مواد اور معمولی خون کا اخراج۔ Merc Sol-200

یونانی علاج

درج ذیل ادویات کو ملا کر سفوف تیار کریں اور سات برابر حصوں میں تقسیم کر کے سات یوم تک گائے کے دودھ کی لسی کے ساتھ استعمال کریں۔

۱۔گوندکتیرہ ۱تولہ ۲۔تال مکھانہ ۱تولہ ۳۔رال سفید ۱تولہ ۴۔چینی ۳تولہ

روحانی علاج

اس تعویذ کو لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں۔آب باراں میں گھول کر ۴۱ یوم تک مریض کو پلائیں۔انشاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

الحمد للّٰہ	رب العلمین	الرحمن الرحیم	مالِ یوم الدین
ایاك نعبد	و ایاك نستعین	اهدنا الصراط	المستقیم
صراط الذین	انعمت	غیرالمغضوب	علیهم
ولاالضالین	آمین	بسم اللّٰہ	الرحمن الرحیم

پھل اور سبزیوں سے علاج

آم کے پتوں کا جوشاندہ چالیس روز تک صبح وشام استعمال کرنے سے سوزاک کا مرض ختم ہوجاتا ہے۔

۵۸۔ سوکھا مسان (Marasmus)

یہ مرض زیادہ تر بچوں میں پایا جاتا ہے۔ یہ مرض آنتوں کی کمزوری اور غذا کی کمی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ متعدی مرض ہے جو متاثرہ بچے سے دوسرے بچوں میں منتقل ہو جاتا ہے۔

وجوہات: اس مرض کا سبب ایک خاص قسم کا جرثومہ ہے۔ متعدی مرض ہونے کی وجہ سے بیماری کے شکار بچوں سے صحت مند بچوں میں منتقل ہو جاتا ہے۔

علامات: بچے کا کافی عرصہ تک قے / دستوں میں مبتلا رہنا، سبزی مائل اور مٹیالے دست، پیٹ پھولنا، جسم سوکھ جانا، کبھی کبھار بخار اور منہ میں چھالے

غذا: سفیدی بیضۂ مرغ، لائیم واٹر، چاولوں کی پیچھ، زود ہضم غذائیں۔ بدن پر روغن زیتون کی مالش کریں۔

پرہیز: مریض کو دوسرے بچوں سے دور رکھیں۔ مرغن اور مقوی غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: روزانہ تین مرتبہ باوضو ہو کر اس سورہ مبارکہ کو گیارہ دفعہ پڑھیں اور گیارہ یوم تک مریض کو پلائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ○ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ○ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ○ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ○ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ○ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ○ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ○ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ○

(سورہ والتین، مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ دست آنکھیں اور پاؤں میں زبردست دبلا پن۔ Abrotanum-30

☆ زبردست بھوک، پیاس زیادہ، بڑھے ہوئے غدود۔ Iodium-1000

☆ کمزوری، گردن میں زیادہ دبلا پن، خون کی کمی، نمک کی خواہش۔ Natrum Mur-30

☆شدید پیاس، بہت زیادہ ضعف، رات کے وقت پسینہ کا اخراج۔ Arsenic Iod-30

یونانی علاج

تمام اشیا کو نیم کوب کر کے کسی برتن میں ڈالیں۔ پانچ کلوگرام چینی ڈال کر اتنا پانی ڈالیں کہ ادویات سے دو چار انچ اوپر آ جائے۔ برتن کا منہ بند کر کے پندرہ دن کے لیے زمین میں دفن کر دیں۔ پانی کا ایک تہائی عرق کشید کریں۔ ایک چھوٹا چمچ صبح دوپہر شام استعمال کریں۔

۱۔دارچینی آدھ پاؤ ۲۔گلِ دھاوا ڈیڑھ پاؤ ۳۔صندل سفید ۳تولہ
۴۔بالچھڑ ۳تولہ ۵۔موصلی سیاہ ڈھائی تولہ ۶۔کالی زیری ڈھائی تولہ
۷۔اسگندنا گوری ڈھائی تولہ ۸۔اجوائن ڈھائی تولہ ۹۔سونف ڈھائی تولہ
۱۰۔الائچی کلاں ڈھائی تولہ ۱۱۔الائچی خورد ڈھائی تولہ ۱۲۔خشخاش آدھا پاؤ
۱۳۔سیب آدھا پاؤ ۱۴۔لونگ آدھا پاؤ ۱۵۔جائفل آدھا پاؤ

روحانی علاج: سات مختلف نلکوں کا پانی اور سات مختلف درختوں کے پتے لے کر گرم کریں۔ یہ نقش گھول لیں۔ اتوار بعد از نماز عشاء اس پانی سے بچے کو نہلائیں۔ پانی کو گڑھا کھود کر دفن کر دیں۔

۷۸۶

۹	۹	۹
۹	۹	۹
۹	۹	۹



پھل اور سبزیوں سے علاج

انگور اس مرض میں بہت مفید پھل ہے۔ ایک پاؤ انگور روزانہ رات کو دو چمچ شہد ملا کر دیا جائے تو چند ہی یوم میں مریض کی صحت قابلِ رشک ہو جائے گی۔

۵۹۔ ضعفِ دماغ

(Cerebral Anaemia)

اس مرض میں پورے دماغ یا اس کے کسی حصے کو خون کم پہنچتا ہے۔ خوراک کی کمی اور شدید ذہنی کام سے دماغ کمزور ہو جاتا ہے۔

وجوہات: عام جسمانی کمزوری، کثرتِ جماع، احتلام، جلق، دائمی نزلہ، خون کا رک رک کر دماغ میں جانا، رسولیاں۔

علامات: اکثر سر درد رہنا، چہرہ سفید و غمگین، آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھانا، مرض کی شدت میں مریض دیوانوں کی سی حرکات کا مرتکب ہوتا ہے، بے ہوشی۔

غذا: یخنی، شوربہ، انڈہ، دودھ، پھل، سبزیاں، مقوی غذائیں۔

پرہیز: بینگن، دال مسور، لہسن، پیاز، ترش اور بادی اشیاء۔

آیاتِ قرآنی سے علاج: اس سورہ کو سات مرتبہ کشمش پر دم کر کے سات دانے روزانہ نہار منہ مریض کو دیں۔ ان شاء اللہ کامل شفا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ أَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَإِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝ (سورہ النشرح مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیوپیتھک علاج

☆ رطوبات زندگی کا جسم سے لگاتار اخراج۔	China-30
☆ سر چکرانا، حیض و اسہال، خاص طور پر مستورات کی دوا۔	Pulsatilla-200
☆ دماغی محنت، صدمہ، دماغ میں خون کی کمی۔	Phosphorus-200
☆ سستی، کاہلی، بھوک ختم ہونا۔	Ammonium Carb-30

☆سخت کمزوری، غشی اور دل کا پھڑ پھڑانا۔ Ferrum Metallicum-30

☆زیادہ سردی محسوس کرنے والے مریضوں کی دوا۔ Silicea-30

☆ضعف دماغ خصوصاً بچوں میں۔ Zincum Met-30

☆کمزور یادداشت اور خود اعتمادی کی کمی۔ Anacardium-200

یونانی علاج

۱۔مغز بادام مقشر ۷دانے ۲۔مغز کدو ۳ ماشے ۳۔مغز تربوز ۳ماشہ

۴۔مغز کھیرا ۳ماشہ ۵۔مغز خربوزہ ۳ماشہ ۶۔خشخاش ۳ماشے

۷۔نشاستہ ۳ماشہ ۸۔روغن گائے ڈھائی تولہ ۹۔چینی ڈھائی تولہ

۱۰۔دودھ اپاؤ

موخرالذکر تین اشیاء کے علاوہ باقی کا سفوف تیار کرلیں اور دودھ ملا کر جوش دیں۔روغن گائے اور چینی شامل کردیں۔نیم گرم روزانہ نہار منہ استعمال کریں۔

روحانی علاج

یہ نقش لکھ کر پانی میں گھول کر مریض کو اکیس یوم تک پلائیں۔ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶



۹۶۵۳	۹۶۵۶	۹۶۵۹	۹۶۴۵
۹۶۵۸	۹۶۴۶	۹۶۵۲	۹۶۵۷
۹۶۴۷	۹۶۶۱	۹۶۵۴	۹۶۵۱
۹۶۵۵	۹۶۵۰	۹۶۴۸	۹۶۶۰

پھل اور سبزیوں سے علاج

اعلیٰ قسم کے دو عدد سیب بغیر چھیلے روزانہ کھانا کھانے سے دس منٹ پہلے کھانے سے ضعفِ دماغ کی تکلیف جاتی رہے گی۔

۶۰۔ فالج (Para Plegia)

بدن کا کوئی حصہ یا پورے بدن کا نصف حصہ بے حس ہو جاتا ہے۔ حرکت کرنے کے قابل نہیں رہتا اور اس عضو یا اعضاء کے معمول کے حرکی وظائف میں معذوری در آتی ہے۔

وجوہات: سرد ہوا لگنا، ٹھنڈا پانی بکثرت پینا، بلغم کی زیادتی، اعصاب کا کٹ جانا، رنج والم، کثرتِ جماع، منشیات کا استعمال، اعصابی کمزوری، رعشہ، کثرتِ کتابت۔

علامات: جسم کا کوئی حصہ یا آدھا جسم مفلوج ہو جاتا ہے۔ مفلوج اعضاء پہلے گرم، پھر سرد ہو جاتے ہیں۔ مریض کے ہوش وحواس متاثر ہو جاتے ہیں۔ پورے جسم میں کمزوری، حرکات سے معذوری۔

غذا: شوربہ، یخنی، پالک، سیب، انار، انگور اور شہد وغیرہ۔

پرہیز: سرخ مرچ، بینگن، آلو، عام بادی اشیاء، دماغی اور ذہنی کام۔

آیات قرآنی سے علاج: چینی کی نئی رکابی میں اس آیت کو لکھ کر اس کا پانی فالج کے مریض کو اکتالیس یوم تک پلائیں۔ یہ عمل ان شاءاللہ تیر بہدف ثابت ہوگا۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا لا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ م بِاَمْرِهٖ ط اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ط تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ (سورہ اعراف، آیہ ۵۴، پارہ ۸)

ہومیو پیتھک علاج

☆ چربی کی تنزلی، ریشوں کی سختی اور لاغر پن کے ساتھ فالج۔ Plumbum Met-1000

☆ جوڑوں کا درد، اعصابی بخار، ہاتھ پاؤں میں اکڑن کا فالج۔ Rhus Tox-1000

☆ جسم کے واحد حصے مثلاً چہرہ، زبان، ہاتھ اور پاؤں کا فالج۔ Causticum-30

☆ جنسی نظام پر بار بار دباؤ اور تھکان کی وجہ سے فالج۔ Phosphorus-1000

☆انجکشن لگنے کی وجہ سے فالج۔ Thuja-30

☆دانت نکلنے کے زمانے میں بچوں کا فالج۔ Calcarea Phos-6x

یونانی علاج

۱۔جندبدستر ۱تولہ ۲۔فلفل سیاہ ۵تولہ ۳۔فلفل دراز ۵تولہ

۴۔کالی ہریڑ ۵تولہ ۵۔کلونجی ۵تولہ ۶۔اجوائن ۵تولہ

۷۔سہاگہ بریاں ۵تولہ ۸۔سنا مکی ۵تولہ ۹۔پپلا مول ۵تولہ

تمام اشیا کا سفوف ایک کلو شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔صبح دوپہر شام کھانے کے دو چمچ ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو زعفرانی روشنائی سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر ایک چمچ شہد میں حل کر لیں اور شہد کو چاٹ لیں۔یہ عمل صبح وشام ۴۱ یوم تک کریں۔ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

یَا نُورُ	یَا نُورُ	یَا نُورُ	یَا نُورُ
یَااللّٰہُ	یَااللہ	یَااللہ	یَااللہ
یَامُنَوِّرُ	یَامُنَوِّرُ	یَامُنَوِّرُ	یَامُنَوِّرُ

پھل اور سبزیوں سے علاج

انجیر ایک ایسا پھل ہے جو فولاد، فاسفورس، تانبا، کیلشیم، سوڈیم اور آئیوڈین اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔فالج کے مریض انجیر کو مسلسل استعمال کریں تو ایک ماہ میں ہی افاقہ محسوس ہوگا۔

۶۱۔ قبض (Constipation)

اس مرض میں پاخانے کا اخراج معمول کے مطابق نہیں رہتا بلکہ رفع حاجت میں زیادہ وقت صرف ہوتا ہے۔

وجوہات: خون کی کمی، جگر و اعصاب کی کمزوری، موٹاپا، بواسیر، رحم کے امراض، بلغم کی زیادتی، دیر ہضم غذاؤں کا بکثرت استعمال۔

علامات: پاخانہ کے وقت دیر لگتی ہے۔ جسم کی رنگت زرد ہو جاتی ہے۔

غذا: پالک، کدو، ٹماٹر، گیہوں کی روٹی، بکری اور پرندوں کا شوربہ، شلجم، انار، سیب، سنگترہ۔

پرہیز: تلی ہوئی اشیاء، آلو، چاول، گوبھی اور مٹھائیاں۔

آیات قرآنی سے علاج: اس سورۃ کو پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھائے۔ ان شاء اللہ سات یوم میں اس عارضے سے نجات مل جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ ○ إِيلَافِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ ○ فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هَٰذَا الْبَيْتِ ○ الَّذِي أَطْعَمَهُم مِّن جُوعٍ وَآمَنَهُم مِّنْ خَوْفٍ ○ (سورہ القریش، مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ قبض میں پاخانے کی خواہش کا نہ ہونا، فضلہ سخت۔	Opium-200
☆ بقول ڈاکٹر ولیم بورک قبض کی اول درجہ کی دوا۔	Iris Versicolor-30
☆ فضلہ بڑے سائز کا، زور لگانے پر اخراج، مقعد درد بھرا۔	Lac Defloratum-30
☆ جوڑوں کے درد، گیس اور بدہضمی والوں کی قبض۔	Magnesia Phos-30
☆ غیر تسلی بخش پاخانے کی خواہش، احساس جیسے فضلہ اندر رہ گیا ہو۔	Nux Vomica-200

☆قبض کے ساتھ بواسیر، بغیر اخراج کے پاخانے کی حاجت۔ Paraffine-30

یونانی علاج

درج ذیل ادویات کو باریک پیس لیں۔ ۳ ماشہ خوراک صبح دو پہر شام عرقِ سونف کے ہمراہ لیں۔

۱۔ پودینہ خشک ۲ تولہ ۲۔ سنا مکی ۲ تولہ ۳۔ ٹھیکری نوشادر ۱ تولہ

۴۔ فلفل دراز ۱ تولہ ۵۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ ۶۔ سونف ۱ تولہ

۷۔ اجوائن ۱ تولہ ۸۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ ۹۔ سوڈا بائی کارب ۱ تولہ

۱۰۔ آملہ خشک ۱ تولہ ۱۱۔ ہریڑ زرد ۱ تولہ ۱۲۔ گلِ سرخ ۱ تولہ

۱۳۔ سونٹھ ۱ تولہ ۱۴۔ نمک سیاہ ۱ تولہ ۱۵۔ خوردنی نمک ۱ تولہ

رُوحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں۔ سات روز تک نقش ملے پانی کو مریض کے پیٹ اور سینہ پر ملیں۔

۷۸۶

۸	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۳
۳	۱۷	۱۰	۶
۱۱	۵	۴	۱۶



پھل اور سبزیوں سے علاج

دو عدد سیب روزانہ کھانا کھانے سے پہلے استعمال کریں۔ چند روز میں قبض ختم ہو جائے گی۔ کھانا کھانے کے بعد سیب کا استعمال مرض میں اضافے کا سبب بنے گا۔

۶۲۔ قے اور متلی

(Nausea / Vomiting)

اس مرض میں غیر ہضم شدہ خوراک معدہ کی حرکت سے منہ کے ذریعے خارج ہو جاتی ہے۔اسے قے کہتے ہیں۔

وجوہات: معدہ کی حرکت کی وجہ سے غیر ہضم شدہ خوراک منہ کے راستے خارج ہو جاتی ہے۔ اگر حرکت قوی نہ ہو تو اندر کی غذا خارج نہیں ہوتی۔ اس سے جی متلاتا ہے۔اسے متلی کہتے ہیں۔ معدے کی کمزوری، زہریلی اشیاء، شراب اور تیزاب وغیرہ کا معدے میں چلا جانا اس کا سبب ہو سکتے ہیں۔

علامات: ہضم کی خرابی، صفراء کی زیادتی، غذا میں بے اعتدالی کے سبب معدے میں نفخ اور ریاح کی کثرت،، جی متلانا، بار بار قے۔

غذا: چوبیس گھنٹے منہ کے ذریعے کوئی چیز نہ دیں۔ تاکہ معدے کو آرام ملے۔ چوبیس گھنٹے بعد کوئی نرم غذا دیں۔

پرہیز: دیر ہضم غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو دن میں تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ۝ (سورہ محمد، آیہ ۲، پارہ ۲۶)

<u>ہومیوپیتھک علاج</u>

☆ مستقل قے اور متلی، خون اور بلغم کی قے، لیٹنے سے اضافہ — Ipecac-200

☆ دودھ نا قابلِ برداشت، دودھ پینے پر فوراً قے۔ — Aethusa-200



☆بے ہوشی اور قے کے ساتھ متلی، گاڑی یا کشتی کو حرکت میں دیکھ کر قے۔ Cocculus Indica-200

☆بحری سفر، دوران حمل یا کھانے کے فوراً بعد قے اور متلی Cucurbita Pepo-200

☆ایام حمل کی متلی۔ Nux Vomica-200

☆قے کرنے کی شدید خواہش اور پسینہ زیادہ۔ Apomorphia-12x

☆ٹھنڈے پانی کی شدید خواہش۔ Phosphorus-30

یونانی علاج

۱۔قلمی شورہ ڈھائی تولہ ۲۔الائچی خورد ڈھائی تولہ ۳۔طباشیر نقرہ ۲ ماشے
۴۔کشتہ ابرک سیاہ آدھا پاؤ ۵۔کوزہ مصری آدھا پاؤ

تمام ادویات کا سفوف بنا کر ۳ رتی صبح شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو چینی کی رکابی میں زعفران سے لکھ کر ایک چمچ شہد سے دھو کر صبح دوپہر اور شام مریض کو چٹانے سے ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَ لَا یَؤُدُہٗ حِفظُهُمَا وَ هُوَالعَلِیُّ العَظِیم

پھل اور سبزیوں سے علاج

سنگترہ ایک ایسا پھل ہے جو قبض کو ختم کرتا ہے، معدے کو قوی بناتا ہے۔ خاص طور پر یہ قے اور متلی کے لئے اکسیر درجے کا حامل ہے۔ لیکن کھٹا سنگترہ گلے کی خرابی اور کھانسی کا سبب بنتا ہے، اس لئے میٹھے سنگترے کا استعمال کریں۔

۶۳۔ کالی کھانسی (Whooping Cough)

اکثر بچوں کو ہوتی ہے۔ دورے کی صورت ہوتی ہے۔ کھانستے کھانستے قے ہو جاتی ہے۔ چہرہ متورّم اور نیلا ہو جاتا ہے۔ سانس سیٹی کی طرح نکلتی ہے۔

وجوہات: دائمی نزلہ وزکام، نمونیہ، سانس کی تنگی، دردِ سر، متلی، پھیپھڑوں کی بڑی اور چھوٹی نالیوں میں سوجن۔

علامات: شدید کھانسی، لیکن دورے کی شکل میں، سانس لینے میں دشواری، بلغم کا اخراج، سینے میں درد، مرض بڑھنے کی صورت میں بخار، کھانستے کھانستے قے، سانس لیتے وقت سیٹی کی آواز۔

غذا: مونگ کی دال، گوشت کا شوربہ، پالک، باتھو کا ساگ وغیرہ۔

پرہیز: سرد، بادی، دیر ہضم اور بلغم پیدا کرنے والی غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: اس سورہ کو اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ سات یوم یہ عمل دہرانے سے ان شاء اللہ صحت یابی ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ۝ الَّذِىْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ۝ (سورہ الم نشرح مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ کالی کھانسی اور تشنجی کھانسی۔	Pertusin-30
☆ قے، پانی پینے سے افاقہ۔	Cuprum Met-200
☆ سانس لینا مشکل، گلے میں گھٹن، تشنجی کھانسی۔	Drosera-30

☆لیٹنے میں دقت، سردی سے اضافہ اور گرمی سے افاقہ Magnesia Phos-200

☆کالی کھانسی کی سب سے مفید دوا۔ Passiflora Incarnata-Q

☆ابتدائی درجہ کی دوا۔ Castanea Vesca-Q

یونانی علاج

۱۔گلِ گاؤزبان ۲تولہ ۲۔گاؤزبان ۲تولہ ۳۔گلِ بنفشہ ۲تولہ

۴۔زوفا ۱تولہ ۵۔ملٹھی ۱تولہ ۶۔ابریشم مقشر ۱تولہ

۷۔اعناب ۱۰تولہ

تمام ادویات کو ڈیڑھ کلوگرام پانی میں چوبیس گھنٹے کے لیے بھگودیں، پھر پانچ جوش دے کر چھان لیں اور چھنا ہوا پانی آگ پر چڑھا دیں۔تین پاؤ رہ جانے پر ایک کلو چینی اور ایک پاؤ شہد شامل کر کے قوام بنالیں۔صبح دو پہر شام کھانے کے دو چمچ پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

روحانی علاج: اس نقش کو آب زم زم ملی زعفرانی روشنائی سے چینی کی پلیٹ پر لکھیں اور ایک چمچ خالص شہد سے پلیٹ کو دھو کر صبح شام پئیں۔گیارہ یوم میں ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ
یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ
یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ

پھل اور سبزیوں سے علاج

ناریل خشک اور تازہ دونوں حالتوں میں کھایا جاتا ہے۔تازہ کھوپرے کو کوٹنے سے دودھ جیسی رطوبت نکلتی ہے۔یہ رطوبت کالی کھانسی اور دمے کے مریضوں کو دو چمچ اور بچوں کو ایک چمچ صبح، دوپہر اور شام کو دینے سے ان امراض کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔

۶۴۔ کان بہنا (Otorrhoea)

کان کی بیرونی نالی کی جھلّی میں سوجن ہوکر پیپ آنے لگتی ہے۔ متواتر کان بہنے سے دماغ کمزور ہو جاتا ہے۔

وجوہات: کان کو سردی لگنا، بدہضمی، کان میں کوئی چیز چلے جانا، کان میلا ہونا، خون کی خرابی، کوئی جلدی بیماری۔

علامات: کان میں سخت سوزش، کان میں درد، دو چار دن کے بعد زرد رنگ کی رطوبت خارج ہونا جو بعد میں پیپ کی شکل اختیار کر جاتی ہے۔

غذا: زود ہضم اور مقوی غذائیں۔

پرہیز: تیل والی غذائیں، تُرش اور گرم اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: بہنے والے کان پر ہاتھ رکھ کر ان آیات کو تین مرتبہ پڑھ کر پھونک ماریں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ط وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ o هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ o هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ o هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ o (سورہ حشر، آیہ ۲۱۔۲۴، پارہ ۲۸)

ہومیو پیتھک علاج

☆ کان میں میل جمع، بدبو دار زردی مائل یا خونی اخراج۔	Elaps Cor-30
☆ دقت سے سنائی دینا، کان سے گاڑھا، پیلا یا سبزی مائل اخراج۔	Pulsatilla-200

☆ کان کے غدود پھولے ہوئے، کان کے اندر آوازوں کا احساس Kali Mur-12

☆ کان زخم کی وجہ سے پھٹ جائے، گنڈ مالا والی پھولن اور بڑھے Calcarea Carb-30
ہوئے غدود۔

یونانی علاج

۱۔سفید پھٹکوی ۱ ماشہ ۲۔شہد چھوٹی مکھی ۳ ماشہ

پھٹکوی کا سفوف شہد میں ملا کر کان صاف کرنے کے بعد ململ کے کپڑے کے ٹکڑے کو دوائی میں بھگو کر دن میں دو بار کان میں رکھیں۔

رُوحانی علاج

اس تعویذ کو زعفرانی روشنائی سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں۔

۷۸۶

۴۰۳	هو الشافی	هو الشافی
هو الشافی	هو الشافی	هو الشافی
هو الشافی	هو الشافی	هو الشافی

پھل اور سبزیوں سے علاج

مولی ایک عام سبزی ہے، اس کے پتوں کی گرمی، جڑ سے زیادہ ہوتی ہے۔اگر کان بہنا بند نہ ہوں تو نمک مولی ۳ ماشہ ایک تولہ شہد میں ملا لیں۔روئی کو اس سے تر کر کے کان میں رکھیں۔ان شاءاللہ کان بہنا بند ہو جائے گا۔

۶۵۔کان درد (Ear Ache)

اس مرض میں کان کے اندر شدید یا خفیف درد ہوتا ہے۔

وجوہات: کان میں میل کچیل جمع ہونا، سردی لگنا، دانتوں کے نقائص، کان میں پانی داخل ہوجانا، زکام وغیرہ

علامات: درد کی ٹیسیں کان سے چہرے اور ماتھے تک جاتی ہیں جس سے مریض بے چین ہوجاتا ہے۔

غذا: بکری کا شوربہ، چپاتی، کدو اور مونگ کی دال۔

پرہیز: ٹھنڈی اور بھاری غذائیں، مولی، گوبھی، آلو، ماش کی دال۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو پڑھ کر کان درد کے مریض کو دم کریں۔

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا وَلَّىٰ مُسْتَكْبِرًا كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا كَأَنَّ فِي أُذُنَيْهِ وَقْرًا ۖ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ (سورہ لقمان، آیہ ۷، پارہ ۲۱)

ہومیو پیتھک علاج

☆پھاڑنے والا درد، ورم، بچہ نیند میں چیخ پڑتا ہو۔	Belladonna-200
☆بیلاڈونا کی ناکامی کے بعد کان درد کی بہترین دوا۔	Ferrum Phos-200
☆کان کی پھولن، درد کے ساتھ دکھن، گرمی سے مریض پاگل ہوجائے۔	Chamomilla-200
☆کان کے بیرونی سوراخ میں پھوڑے، درد لکڑی چبھنے کی مانند۔	Merc Sol-30
☆اعصابی درد، کان کے ساتھ دانت میں بھی درد۔	Plantago Major-30
☆بیرونی کان پھولا ہوا، درد میں اضافہ رات کے وقت۔	Pulsatilla-200
☆کان درد میں بیرونی استعمال کی دوا۔	Mullein Oil-Q

☆کان میں رکاوٹ کا احساس۔ Verbascum-6x

☆کان کی ہڈی میں زخم، درد وقفوں کے ساتھ۔ Gelsemium-30

☆سردی سے کان میں ورم اور تیز بخار۔ Aconite-30

یونانی علاج

۱۔پوست ہلیلہ ۱تولہ ۲۔پوست بلیلہ ۱تولہ ۳۔آملہ ۱تولہ

۴۔گوگل ۳تولہ ۵۔منقی ۴تولہ ۶۔روغن بادام ۲تولہ

۷۔آب گندنا سبز ۱۰تولہ ۸۔شہد خالص ۳پاؤ

گوگل کو گندنا کے پانی میں حل کرلیں۔منقی کو باریک کرکے، باقی ادویات کا سفوف اور شہد اس پانی میں ملادیں۔۶ ماشہ خوراک صبح شام ہمراہ عرقِ گاؤزبان لیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر بارش کے پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔

۷۸۶

۸۱۵۶۵	۸۱۵۶۰	۸۱۵۶۷
۸۱۵۶۶	۸۱۵۶۴	۸۱۵۶۲
۸۱۵۶۱	۸۱۵۶۸	۸۱۵۶۳

پھل اور سبزیوں سے علاج

آڑو ایک خوش ذائقہ پھل ہے۔اس کی گٹھلی کا روغن نکال کر کان میں ٹپکائیں۔ تین یوم میں کان درد جاتا رہے گا۔

٦٦۔ کانچ نکلنا (Prolapsus-Ani)

اس مرض میں پاخانہ کے وقت کانچ باہر نکل آتی ہے۔ جب مرض کی شدّت ہو جائے تو معمولی حرکت یا کھانسنے سے بھی کانچ باہر نکل آتی ہے۔

وجوہات: عام جسمانی کمزوری، دائمی قبض، بواسیر، پیچش، پیٹ کے کیڑے، مثانہ کی پتھری اور مقعد کا ڈھیلا پن۔

علامات: شروع میں یہ تکلیف پاخانہ کے وقت ہی ہوتی ہے لیکن بعد میں کھانسنے سے یا معمولی حرکت سے کانچ باہر نکل آتی ہے۔ اس میں زخم ہو جاتے ہیں اور پاخانہ کے وقت سخت تکلیف ہوتی ہے۔

غذا: زود ہضم اور مقوی غذائیں دیں۔

پرہیز: سُرخ مرچ اور مصالحہ دار غذاؤں سے پرہیز، کھانسی اور قبض نہ ہونے دیں۔

آیات قرآنی سے علاج: صبح و شام گیارہ گیارہ مرتبہ یہ سورہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں، ان شاء اللہ سات یوم میں نفع ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّآ أَنزَلْنَاهُ فِى لَيْلَةِ ٱلْقَدْرِ ٥ وَمَآ أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ ٱلْقَدْرِ ٥ لَيْلَةُ ٱلْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ٥ تَنَزَّلُ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ وَٱلرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم ۚ مِّن كُلِّ أَمْرٍ ٥ سَلَٰمٌ ۛ هِىَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ ٱلْفَجْرِ ٥ (سورہ قدر، مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ اس مرض کی سب سے اچھی دوا۔ عام مریض استعمال کریں۔	Ignatia-30
☆ ہر پاخانہ کے بعد کانچ نکلنا، قے اور چھینکنے سے۔	Podophyllum-30
☆ پاخانے کی حاجت، پیچش کے ساتھ کانچ نکلنا۔	Merc Sol-30

☆ مستقل قبض، کانچ پاخانے کے بعد نکلتی ہے خصوصاً صبح کے وقت Nux Vomica-30

☆ پیشاب کرتے وقت مقعد کا باہر نکلنا۔ Muriatic Acid-30

☆ پاخانہ کی ہر وقت حاجت، پیچش اور خون بہنا۔ Merc Cor-200

☆ بدہضمی کی وجہ سے کانچ کا نکلنا۔ Ferrum Phos-200

یونانی علاج

۱۔ مازو سبز ۱ ماشہ ۲۔ چھلکا انار ۱ ماشہ ۳۔ پھول انار ۱ ماشہ

باریک سفوف بنا کر کانچ پر چھڑکیں اور لنگوٹ بندھوائیں۔ سات یوم تک علاج کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر کمر پر باندھنے سے کانچ نکلنے کے مرض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ ان شاءاللہ

۷۸۶

۲۰۴۲۹	۲۰۴۳۲	۲۰۴۳۶	۲۰۴۲۲
۲۰۴۳۵	۲۰۴۲۳	۲۰۴۲۸	۲۰۴۳۳
۲۰۴۲۴	۲۰۴۳۸	۲۰۴۳۰	۲۰۴۲۷
۲۰۴۳۱	۲۰۴۲۶	۲۰۴۲۵	۲۰۴۳۷



پھل اور سبزیوں سے علاج

میتھی ہمارے ملک کے ہر حصے میں کاشت کی جاتی ہے۔ اس کی اپنی الگ خوشگوار خوشبو ہوتی ہے۔ اس کا ساگ اور دانہ دونوں ہی طاقتور ہوتے ہیں۔ اس کا ساگ یا میتھی دانے کا استعمال بدہضمی، گیس اور کانچ نکلنے جیسے امراض میں جادو اثر رکھتا ہے۔ پندرہ دن میں ہی مثبت نتائج دیتا ہے۔

٦٧۔ کمر درد (Back Ache)

کمر کے درمیانی حصہ میں یا ساری کمر میں درد محسوس ہوتا ہے جس سے چلنا پھرنا دوبھر ہو جاتا ہے۔

وجوہات: کمزوری، سردی لگنا، تھکاوٹ، نقرس وغیرہ۔

علامات: اچانک کمر میں درد اٹھتا ہے جس سے مریض کسی قدر کمزور ہو جاتا ہے۔ عام طور پر رات کے وقت تکلیف زیادہ ہو جاتی ہے۔

غذا: دودھ، گھی اور سیّال غذائیں۔

پرہیز: ٹھنڈی اور دیر ہضم غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: صبح و شام باوضو ہو کر سات مرتبہ اس آیت کو پڑھیں اور مریض پر دم کریں۔ پانی پر دم کر کے بھی مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ط ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ O (سورہ انعام، آیہ ا، پارہ ۷)

ہومیو پیتھک علاج

☆خشک سرد ہوا کی وجہ سے کمر درد، تیز بخار اور بے چینی۔	Aconite-200
☆بیرونی چوٹ، زیادہ محنت یا وزن اُٹھانے سے۔	Arnica-30
☆معمولی حرکت سے جسم کا ٹھنڈے پسینے سے تر ہونا۔	Antim Tart-30
☆ذراسی حرکت سے درد شدید ہو جانا۔	Bryonia-30
☆رحم کی تکلیف اور کمر درد۔	Sepia-30
☆جوڑوں کا درد اور رحم کی تکلیف والی عورتوں کے لیے۔	Cimicifuga-30
☆اعصاب کا ضعف اور عام کمزوری۔	Oxalic Acid-200

یونانی علاج

۱۔ جڑپان ۵ تولہ ۲۔ کوڑاسک ۵ تولہ ۳۔ ستاور ۵ تولہ

۴۔ مٹھیاں سرنجاں ۵ تولہ ۵۔ موصلی سفید ۱ تولہ ۶۔ فلفل دراز ۱ تولہ

۷۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنا کر بڑے سائز کے کیپسول بنالیں۔ ایک کیپسول صبح و شام نیم گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو چاندی کے ورق میں لپیٹ کر بازو پر باندھا جائے۔

۷۸۶

۱۱۳	۱۱۶	۱۱۹	۱۰۶
۱۱۸	۱۰۷	۱۱۲	۱۱۷
۱۰۸	۱۲۱	۱۱۴	۱۱۱
۱۱۵	۱۱۰	۱۰۹	۱۲۰

پھل اور سبزیوں سے علاج

چقندر خون کو بڑھانے اور طاقت بہم پہنچانے والی بہترین سبزی ہے۔ دل کی بیماریوں، قبض اور کمر درد میں اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ اس کا لگاتار استعمال کمر درد کے خاتمے کا ذریعہ ہے۔ ذیابیطس کے مریضوں کو اس کا استعمال نہیں کرنا چاہیے۔



۶۸۔ کمزور جسم/پچکے گال (Debility)

مریض جسمانی طور پر بہت کمزور دکھائی دیتا ہے۔ اس کے گال اندر کی جانب دھنس جاتے ہیں۔ چہرہ زرد ہو جاتا ہے۔

وجوہات: جسمانی رطوبات کا زیادہ مقدار میں یا زیادہ عرصے تک اخراج، نظامِ اعصاب کمزور۔

علامات: خون کا بکثرت جسم سے نکل جانا، کسی جگہ سے پیپ کا زیادہ اخراج، اسہال، لیکوریا، بکثرت احتلام۔

غذا: سبز ترکاریاں، پھل، انڈے، گوشت، مغزیات اور مقوی غذائیں۔

پرہیز: قابض، ترش اور بادی اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: بیری کے اکیس صاف ستھرے پتوں پر گیارہ گیارہ مرتبہ درودِ ابراہیمی اور ایک ایک مرتبہ سورہ التکاثر پڑھ کر دم کریں۔ بعد میں تمام پتوں پر گیارہ مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھیں اور ان کو ایک بوتل میں ڈال کر پانی سے بھر لیں۔ مریض کو دن میں چار مرتبہ پلائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ o حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ o كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ o ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ o كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ o لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ o ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ o ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ o (سورہ التکاثر مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆وزن بڑھتا ہے، بھوک لگاتی ہے، نظام انہضام درست کرتی ہے — Alfalfa-30

☆کمزوری کے ساتھ تھکن، خون کی کمی، پچکے گال، یرقان کی علامتیں — Arsenic Alb-30

☆کمزوری، زرد چہرہ، کھوکھلی آنکھیں، نیلے حلقے China-Q

☆کم درجہ حرارت، کم بلڈ پریشر، جسم سرد، کمزور نبض Camphor-30

☆قوت باہ کی کمی، اعصابی قوت میں کمی، کمزور اور تھکے ماندے نوجوان Kali Phos-30

یونانی علاج

صاف ستھرے انگور لے کر ہاتھوں سے مل کر شیرہ نکال لیں۔ چینی کے برتن میں ڈال کر تیز دھوپ میں دو دن تک رکھیں۔ باقی اشیا کو نیم کوب کر کے شیرے میں شامل کر کے منہ بند کر دیں اور پانچ روز دوبارہ دھوپ میں رکھنے کے بعد چھان لیں۔ دو سے تین تولہ خوراک بعد غذا استعمال کریں۔

۱۔انگور سیاہ ۳ کلوگرام ۲۔چینی دو کلوگرام ۳۔بالچھڑ ڈیڑھ تولہ

۴۔لونگ ۱ تولہ ۵۔دارچینی ۱ تولہ ۶۔ساذج ہندی ۱ تولہ

۷۔الائچی خورد ۱ تولہ

رُوحانی علاج: اس نقش کو لکھ کر پانی میں گھول کر کم از کم ۲۱ دن تک پئیں۔

۷۸۶

۱۲۵۹۹۴	۱۲۵۹۹۸	۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۸۷
۱۲۶۰۰۰	۱۲۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹۹
۱۲۵۹۸۹	۱۲۶۰۰۳	۱۲۵۹۹۶	۱۲۵۹۹۲
۱۲۵۹۹۷	۱۲۵۹۹۱	۱۲۵۹۹۰	۱۲۶۰۰۲

پھل اور سبزیوں سے علاج

روزانہ تین عدد میٹھے سیب چھلکے سمیت آہستہ آہستہ چبا کر رس چوستے جائیں اور بعد میں دودھ پی لیں۔ دو ماہ کے لگاتار استعمال سے چہرہ سرخ اور گال بھر جائیں گے۔ جسم میں چستی آئے گی اور کام سے تھکاوٹ نہ ہوگی۔

۶۹۔ کھانسی (Cough)

کھانسی ایک حرکت ہے جو آلات تنفس، خاص طور پر پھیپھڑوں کے تکلیف دہ مادوں کو دور کرتی ہے۔ درحقیقت یہ ایک علامت ہے، جو آلات تنفس میں کسی بیماری کا اشارہ کرتی ہے۔

وجوہات: گرد و غبار، دائمی نزلہ و زکام، سردی لگنا اور بخار ہونا۔

علامات: سانس تکلیف سے آنا، دردِ سر اور بخار کا ہونا، کبھی متلی کا بھی آنا، شدید کھانسی میں پھیپھڑے کی بڑی نالیوں اور درمیانی نالیوں میں سوجن کا ہو جانا۔

غذا: مونگ کی دال، گوشت کا شوربہ، پالک، باتھو کا ساگ۔

پرہیز: بادی، دیر ہضم اور بلغم پیدا کرنے والی اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: سورہ اخلاص کو اکتالیس بار پڑھیں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ اس سورۃ کو نمک پر گیارہ مرتبہ دم کر کے مریض کو دو دن چٹائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ○

(سورہ اخلاص، پارہ ۳۰)

<u>ہومیوپیتھک علاج</u>

☆ گفتگو سے، گانا گانے سے، سینے میں سکڑاؤ کا احساس، مصالحہ جات سے۔ Alumina-200

☆ حلق میں کھجلاہٹ، کھانسی رات کو نمودار، لیٹنے سے اضافہ۔ Hyoscyamus-200

☆ نرخرہ میں خشک مقام کا احساس، ساتھ سینے اور حلق میں کھجلاہٹ Conium-30

☆ کھانسی کے ساتھ کولہے کے بائیں حصہ میں درد، کھانسی سے پہلے معدہ میں درد۔ Belladonna-200

☆خشک اور پھاڑنے کی مانند کھانسی جو نیند نہ آنے دے بولنے اور سرد ہوا سے اضافہ۔ Rumex-200

یونانی علاج

۱۔اعناب ۳۰ دانے ۲۔سپستان ۵۰دانے ۳۔خطمی ۵تولہ

۴۔خبازی ۵تولہ ۵۔گلِ بنفشہ ۵تولہ ۶۔زوفا ۱تولہ

۷۔ملٹھی ۱تولہ ۸۔پرسیاؤشاں ۳تولہ ۹۔انجیرزرد ۲۰عدد

تمام ادویات شام کو پانی میں بھگودیں صبح جوش دے کر چھان لیں اور ایک کلوگرام چینی ڈال کر شربت بنالیں۔دو تا چار تولہ شربت عرقِ گاؤزبان میں ملا کر صبح، دوپہر اور شام استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

ایک تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں اور ایک تعویذ چینی کی رکابی میں لکھ کر شہد سے دھو کر سات روز تک مریض کو چٹائیں۔ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

پھل اور سبزیوں سے علاج

اچھی طرح پکا ہوا ایک سیب لے کر کوٹ لیں۔کپڑے میں رکھ کر نچوڑ کر رس نکال لیں اور قدرے مصری ملا کر مریض کو صبح نہار منہ چند دن پلائیں۔

۰۷۔ کیل مہاسے (Acne)

اس مرض میں چہرے پر چھوٹے چھوٹے نوکیلے دانے پیدا ہوتے ہیں، پک جانے پر ان میں سے کیل نکلتے ہیں۔ اور کبھی کبھار پیپ خارج ہوتی ہے۔

وجوہات: خون میں خرابی، نظامِ انہضام میں نقائص، قبض، گرم اشیاء کھانا۔

علامات: چہرے اور گردن پر پیپ دار دانے، چہرے پر سرخی مائل کیل، چہرہ چکناہٹ والا۔

غذا: ٹھنڈی غذائیں، سبز ترکاریاں، دودھ، مکھن اور پھل۔

پرہیز: قابض اور گرم اشیاء، تیز مرچ مصالحہ جات۔

آیات قرآنی سے علاج: کسی بھی روشنائی سے لکھ کر روغنِ بنفشہ سے دھو کر چہرے پر یا جس جگہ پر دانے ہوں، ملیں۔

نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ إِذْ يَقُولُ أَمْثَلُهُمْ طَرِيقَةً إِنْ لَّبِثْتُمْ إِلَّا يَوْمًا ○ وَيَسْئَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ○ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ○ لَّا تَرٰى فِيهَا عِوَجًا وَّلَآ أَمْتًا ○ (سورہ طٰہٰ، آیہ ۱۰۴ تا ۱۰۷، پارہ ۱۶)

ہومیو پیتھک علاج

☆ سادہ کیس میں روزمرّہ کی دوا۔ Kali Bromatum-30

☆ چہرے پر تیز سرخ رنگ کی پھنسیاں۔ Belladonna-30

☆ عورتوں میں ماہانہ نظام کی خرابی سے کیل۔ Pulsatilla-30

☆ کمزور اور دبلے پتلے افراد میں کثرت جماع اور مشت زنی سے Phosphoris Acid-30

☆ کیلوں کی پرانی تکلیف، چہرہ دھونے سے زیادہ خشک اور اکڑا ہوا۔ Sulphur-30

☆ زبان پر سفید میل کی موٹی تہہ۔ Antim Crud-1000

☆اوّل درجہ کی کارآمد دوا۔	Hydrocotyle-200
☆پیشانی پہ مہاسے درد کے ساتھ نمودار ہوں۔	Ledum-200
☆نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں میں مہاسے اور درد ہے۔	Cimicifuga Racemosa-200
☆پکے ہوئے مہاسے چہرے پر نشان چھوڑ جائیں۔	Antim Tart-200

یونانی علاج

۱۔بیج سوسن ۱تولہ ۲۔برگِ نیب ۱تولہ ۳۔پوست سرس ۱تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔رات کو سوتے وقت بقدر ضرورت پانی میں ملا کر چہرے پر لیپ کریں۔صبح منہ دھولیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر دائیں بازو پر باندھیں۔دن میں کئی بار ان اسماء کو پڑھ کر دائیں ہاتھ پر دم کر کے چہرے پر ملیں۔ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



یاَ نافِع	یاَ نافِع	یاَ نافِع
یاَ نافِع	یاَ نافِع	یاَ نافِع
یاَ نافِع	یاَ نافِع	یاَ نافِع

پھل اور سبزیوں سے علاج

کینو کے تازہ چھلکے چہرے پر رگڑنے سے کیل اور مہاسے یوں غائب ہو جاتے ہیں جیسے یہ کبھی تھے ہی نہیں اور چہرے کا رنگ بھی بالکل صاف ہو جاتا ہے۔

۷۱۔ گلہڑ (Goiter)

اس مرض میں گردن پر غیر طبعی گوشت بڑھ جاتا ہے۔ گلا پھول جاتا ہے۔ عموماً یہ مرض عورتوں میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

وجوہات: اس مرض کا سبب کھانے میں آئیوڈین کی کمی ہے۔ پہاڑی مقامات جہاں خاص طور پر زمین میں آئیوڈین کی کمی ہو، یہ مرض عام ہوتا ہے۔

علامات: گلا پھول جاتا ہے اور گلے پر غیر طبعی انداز میں بڑھا ہوا گوشت نظر آتا ہے۔ چھوٹے گلہڑ سے کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوتی لیکن بڑا ہونے پر سانس لینے میں دشواری محسوس ہوتی ہے۔

غذا: تازہ ترکاریاں، دودھ اور میوہ جات۔

پرہیز: خراب غذا، خراب پانی، بند گوبھی اور پھول گوبھی۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو کسی کاغذ یا پارچے پر لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ اسی آیت کو پانی پر دم کر کے اکیس روز تک روزانہ تین مرتبہ مریض کو پلائیں۔

إِنَّا جَعَلْنَا فِيْ أَعْنَاقِهِمْ أَغْلٰلاً فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ۝

(سورہ یٰسین، آیہ ۸، پارہ ۲۲)

ہومیو پیتھک علاج

☆گلہڑ جو دبلے اور کالے رنگ کے افراد میں ہو، جن میں بھوک زیادہ ہو پھر بھی دبلے ہوں، ٹی بی اور گنڈ مالا کے مریض میں گلہڑ۔ Iodium-30

☆سخت قسم کا گلہڑ، خصوصاً سنہرے بالوں والے لوگوں یا گنڈ مالا والے بچوں میں۔ Bromium-30

☆موٹے، بڑے پیٹ والے بچے۔ Calcarea Carb-30

☆غدود میں سخت قسم کی پھولن، میٹھا کھانے کی خواہش، زبردست کمزوری۔ Thyroiodinum-30

☆زبان پر میل کی موٹی تہہ، جڑ میں پیلا میل۔ Merc Iod Flav-30

☆جب اورم اور سلفر کی علامات یک جا ہو جائیں۔ Aurum Sulph-30

یونانی علاج

درج ذیل ادویات کا سفوف بنا کر گھیکوار کے پتے پر چھڑک کر نیم گرم گرم کر کے گلہڑ پر باندھیں۔

۱۔ہلدی ۳ماشہ ۲۔دارہلد ۳ماشہ ۳۔سوہاگہ ۳ماشہ

روحانی علاج

اس تعویذ کو لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں اور روزانہ ایک تعویذ پانی میں گھول کر بھی پلائیں۔ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۴۵۱۶۳	۴۵۱۶۶	۴۵۱۷۰	۴۵۱۵۶
۴۵۱۶۹	۴۵۱۵۷	۴۵۱۶۲	۴۵۱۶۷
۴۵۱۵۸	۴۵۱۷۲	۴۵۱۶۴	۴۵۱۶۱
۴۵۱۶۵	۴۵۱۶۰	۴۵۱۵۹	۴۵۱۷۱

پھل اور سبزیوں سے علاج

شہتوت پوری دنیا میں پایا جانے والا خوش ذائقہ پھل ہے۔اس میں آئیوڈین بقدر موجود ہوتا ہے۔جسم کے مختلف غدودوں کو بڑھنے سے روکتا ہے۔اس کے باقاعدہ استعمال سے ٹانسلز اور گلہڑ کے خاتمے میں مدد ملتی ہے۔

۲۷۔ گوہانجنی (Hardiolumstye)

آنکھ کے بالائی اور زیریں پپوٹوں پر سرخی اور خارش ہو کر دانے نکل آتے ہیں۔

وجوہات: خون میں خرابی، بدہضمی، مسلسل باریک بینی سے بھی مرض کی شدت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

علامات: پلکوں کی جڑ میں پہلے خارش اور سُرخی ہوتی ہے، پھر وہاں پھنسی نکل آتی ہے جو چند یوم میں پھوٹ جاتی ہے۔ کبھی ایک اور کبھی یکے بعد دیگرے زیادہ نکلتی ہیں۔

غذا: ہلکی پھلکی غذائیں، مونگ کی دال، گیہوں کی روٹی، پالک، کدو، وغیرہ۔

پرہیز: دہی، لسّی، گڑ، ترش اور دیر ہضم اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: یہ آیت باوضو ہو کر گیارہ بار پڑھ کر کم از کم پانچ دن تک دم کریں۔ ان شاءاللہ تکلیف سے نجات ملے گی۔

وَلَوْ أَنَّمَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِنْم بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ط إِنَّ اللّٰهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ o (سورہ لقمان، آیہ ۲۷، پارہ ۲۱)

ہومیو پیتھک علاج

☆عورتوں کے لیے مفید، نمبر ۱ اور ۲ باری باری دی جا سکتی ہے۔	Pulsatilla-30
☆مردوں کے لیے مفید، نمبر ۱ اور ۲ باری باری استعمال کی جا سکتی ہے	Staphisagria-30
☆ورم اور درد کے ساتھ بے چینی ہو۔	Aconite-30
☆مرض کا حملہ بار بار ہو۔	Sulphur-Q
☆مزمن امراض میں یہ دوائی نافع ہے۔	Hepar Sulph-Q
☆آنکھوں کے پپوٹے بہت زیادہ پھولے ہوئے۔	Syphilinum-1000
☆آنکھوں کی پتلیاں پھیلی ہوئیں اور بخار۔	Belladonna-200

☆اگر دانے صرف بالائی پپوٹوں پر ہوں۔ Causticum-30

☆اگر دانے صرف نچلے پپوٹوں پر ہوں۔ Rhus Tox-30

یونانی علاج

۱۔گیرو اماشہ ۲۔سندور اماشہ ۳۔ہلدی اماشہ

۴۔لکڑی کا پرانا کوئلہ اماشہ ۵۔رسونت اماشہ ۶۔کنویں کی پرانی ٹھیکری اماشہ

۷۔گٹھلی چھوہارا اماشہ ۸۔عرقِ گلاب حسبِ ضرورت

تمام ادویات کا سفوف تیار کر کے بقدر ضرورت عرقِ گلاب میں ملا کر گوہانجنی پر لگائیں۔

روحانی علاج

ایک تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں اور دوسرا تعویذ پانی میں گھول کر پپوٹوں پر لگانے سے ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن

پھل اور سبزیوں سے علاج

کھجور ایک قوت بخش اور خوش ذائقہ پھل ہے۔مقدس کتابوں میں اس کا ذکر ملتا ہے۔گوہانجنی کے مریض اس کا زیادہ استعمال کریں اور خشک کھجور (چھوہارے) کی گٹھلی کو عرقِ گلاب میں گھس کر گوہانجنی پر لگائیں۔شفا ہوگی۔

۴۳۔ لکنت (Stammering)

مریض تسلسل سے بات نہیں کر سکتا اور رک رک کر دِقت سے بات چیت کرتا ہے۔

وجوہات: زبان کے نچلے حصے کا پیدائشی طور پر نہ ہونا، تنگ یا چھوٹا ہونا یا کسی زخم وغیرہ سے اس میں گرہ پڑ جانا۔ درحقیقت یہ ایک ذہنی مرض ہے۔

علامات: انسان بات چیت میں کسی حرف یا لفظ پر رک جاتا ہے اور بہت مشکل سے اس کو ادا کر پاتا ہے۔ بعض اشخاص تقریر کرتے وقت یا گاتے وقت نہیں ہکلاتے لیکن بات چیت میں اٹک اٹک کر بات کرتے ہیں۔

غذا: پرندوں کا گوشت، انڈہ، سیب، انار، بادام اور دودھ وغیرہ۔

پرہیز: آلو، برف، دال ماش، (غصہ چھوڑ دینا دراصل اس مرض سے چھٹکارے کیلئے کافی ہے۔)

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو اکتالیس بار پڑھ کر چینی پر دم کریں اور یہ چینی مریض کو کھلا دیں۔ اکتالیس روز تک یہی عمل دُہرائیں۔ اور یہی آیت ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر مغز بادام پر دم کر کے مریض کو کھلائیں۔

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْ أَمْرِيْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝ (سورہ طٰہٰ، آیہ ۲۵ تا ۲۸ پارہ ۱۶)

ہومیو پیتھک علاج

☆لکنت، لکھتے اور بولتے وقت الفاظ کا غلط استعمال۔	Bovista-30
☆لکنت یعنی تتلا کر بات کرے۔	Stramonium-30
☆لکنت کے ساتھ ساتھ ادھرنگ۔	Brothrops Lance-200
☆دماغی کمزوری، یادداشت اور خوداعتمادی کی کمی۔	Baryta Carb-200

☆ کھوئی ہوئی یادداشت اور قوت گویائی سلب۔ Kali Brom-200

☆ شدید ہمدردی رکھنے والوں میں قوت گویائی سلب۔ Causticum-200

☆ ہڈی کے چھوٹے جوڑوں کے درد کی علامات کے ساتھ قوت گویائی سلب۔ Colchicum-200

☆ لفظ غلط بولنا اور لکھنا۔ Lycopodium-1000

یونانی علاج

۱۔عقرقرحا ۱تولہ ۲۔تیزپات ۱تولہ ۳۔فلفل سیاہ ۶ماشہ

جملہ ادویات کا سفوف بنا کر دن میں دو مرتبہ زبان پر آہستہ آہستہ ملیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو زعفرانی روشنائی سے چینی کی رکابی میں لکھ کر ایک چمچ شہد سے دھو کر مریض کو اکتالیس یوم صبح وشام چٹائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ
یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ
یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ

پھل اور سبزیوں سے علاج

خشک میوہ جات میں بادام ایک خاص اہمیت کا حامل ہے۔سات دانے مغزبادام شیریں کو زہ مصری میں ملا کر صبح شام چبا کر کھانے سے لکنت آٹھ ہفتوں میں ختم ہو جاتی ہے۔

۴۷۔لقوہ (Facial Para Lysis)

اس مرض میں چہرہ ایک جانب سے مفلوج ہو کر دوسری جانب کھنچ جاتا ہے۔اس طرح دونوں ہونٹ اور ایک آنکھ بخوبی حرکت نہیں کر سکتی۔

وجوہات: سردی لگنا، دماغی امراض، کمزوریٔ اعصاب، دانت درد۔

علامات: منہ ٹیڑھا، منہ سے رال ٹپکنا، پانی پیتے وقت پانی منہ سے باہر گرنا، متاثرہ جانب کی آنکھ کھلی رہنا، تھوک نہ سکنا۔

غذا: شوربہ، یخنی، انڈہ، پالک، سیب، انگور اور شہد۔

پرہیز: سرخ مرچ، بینگن، آلو اور تمام بادی اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو ۱۰۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے اکیس یوم تک مریض کو پلائیں۔ان شاءاللہ شفا ہو گی۔

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا ۖ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝

(سورہ بقرہ، آیہ ۱۴۴ پارہ ۲)

ہومیو پیتھک علاج

☆ چہرہ کا فالج جو عموماً دائیں طرف ہو۔	Causticum-200
☆ پیٹ پھول جاتا ہے، پیچش، انتہائی جسمانی کمزوری۔	Colchicum-200
☆ کثرت جماع کے بعد نقاہت، جسم سن اور بعد میں فالج۔	Phosphorus-200
☆ چڑچڑا پن، ہر طرح کا تشنج۔	Nux Vomica-200

☆لقوہ کے لیے سب سے بہترین دوا۔ Ammon Phos-3x

☆زبان پر میل جمی ہوئی، مرض میں اضافہ دوران نیند۔ Rhus Tox-1000

☆چہرے کی جلد زرد، اور بائیں جانب کے اعضاء مفلوج۔ Senega-200

یونانی علاج

۱۔جند بدستر ۱تولہ	۲۔فلفل سیاہ ۵تولہ	۳۔فلفل دراز ۵تولہ
۴۔کالی ہریڑ ۵تولہ	۵۔کلونجی ۵تولہ	۶۔اجوائن ۵ تولہ
۷۔سہاگہ بریاں ۵ تولہ	۸۔سنا مکی ۵تولہ	۹۔پپلا مول ۵تولہ

تمام اشیا کا سفوف ایک کلو شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔ صبح دو پہر شام کھانے کے دو چمچ ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو زعفرانی روشنائی سے چینی کی رکابی میں لکھ کر ایک چمچ شہد سے دھو کر مریض کو اکتالیس یوم صبح و شام چٹائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ
یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ
یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ

پھل اور سبزیوں سے علاج

لہسن ایک عام سبزی ہے۔ اٹلی اور فرانس کا جنگلی لہسن زیادہ مقبول اور بہترین خیال کیا جاتا ہے۔ لہسن کا حلوہ پکا کر پندرہ یوم مسلسل استعمال کرنے سے لقوہ دور ہو جاتا ہے۔

۷۵۔ لولگنا (Sun Stroke)

موسم گرما میں شدّتِ حرارت/دھوپ سے خون جوش میں آ جاتا ہے۔ سخت ضعف ہوکر غشی طاری ہو جاتی ہے۔ دم بند ہوکر موت واقع ہونے کا اندیشہ ہو جاتا ہے۔

وجوہات: سخت دھوپ میں نکلنا، سخت لو چلنا، پسینہ جلدی نہ آئے، شراب نوشی کی کثرت، گرمی میں سخت ورزش کرنا۔

علامات: مرض کے دوران مریض چپ چاپ آنکھیں بند کئے رہے۔ کمال کا ضعف، چہرہ زرد، پسینہ خارج نہ ہونے کی وجہ سے جسم خشک، آنکھوں کی پتلیاں پھیل جاتی ہیں، بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے۔

غذا: ٹھنڈی اور سیال اشیا/مشروبات۔

پرہیز: گرم و ثقیل غذائیں، تیل اور مصالحہ جات والی غذائیں۔

آیاتِ قرآنی سے علاج: اس آیت کو ایک سو ایک بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ اور تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ○

(سورہ بنی اسرائیل، آیہ ۸۲، پارہ ۱۵)

هومیو پیتھک علاج

☆ چہرہ سرخ ہو جانا، غنودگی کی حالت، سر گرم اور پاؤں ٹھنڈے۔ Belladonna-30

☆ سن اسٹروک کی سب سے اچھی دوا۔ Natrum Mur-30

☆ دھوپ میں ہونے کی وجہ سے، بار بار مر جانے کا خوف، بے چینی Aconite-30

☆ سن اسٹروک کے پرانے اثرات، سر درد۔ Natrum Carb-30

☆ بے ہوشی کے دورے پڑنا شروع ہو جائیں۔ Arsenic Alb-30

☆چہرہ زرد آنکھیں سفید اور تکلیف دہ سانس۔ Glonoine-30

یونانی علاج

درج ذیل ادویات کا باریک سفوف تیار کر لیں۔ ۶ ماشہ خوراک صبح شام شربتِ بزوری کے ہمراہ استعمال کریں۔

۱۔طباشیر نقرہ ۱تولہ ۲۔الائچی خورد ۶ماشہ ۳۔زیرہ سفید ۶ماشہ

۴۔ست گلو ۱تولہ ۵۔ریوند خطائی ۱تولہ ۶۔کشتہ گاؤ زبان ۶ماشہ

۷۔کشتہ ابرک سفید ۶ ماشہ ۸۔کوزہ مصری ۵تولہ

رُوحانی علاج

اس نقش کو زعفرانی روشنائی سے چینی کی رکابی میں لکھ کر ایک چمچ شہد سے دھو کر مریض کو اکتالیس یوم صبح و شام چٹائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا نُورُ	یَا بَصِیرُ	یا نُورُ
یَا بَصِیرُ	یا اللہ	یَا بَصِیرُ
یا نُورُ	یَا بَصِیرُ	یا نُورُ

پھل اور سبزیوں سے علاج

تربوز پاکستان میں بکثرت پایا جانے والا پھل ہے۔ یہ گرمی کو دور کرتا ہے۔ اور پیاس بجھاتا ہے اور خاص طور پر پیشاب آور ہے۔ لو لگنے کے مرض میں مریض کو تین دن صرف تربوز بطور غذا استعمال کروائیں۔ حیرت انگیز نتائج سامنے آئیں گے۔

۷۶۔ ماسخورہ (Pyorrhoea)

مسوڑھوں کے کنارے سُوج جاتے ہیں۔اگر پائیوریا ہوتو ان کے نیچے پیپ آتی ہے۔مرض کی بڑھی ہوئی حالت میں دانتوں کی جڑ تک ناسور بن جاتے ہیں۔

وجوہات: منہ اور دانتوں کا میلا ہونا،کھانے کے بعد دانتوں کی صفائی نہ کرنا،،دانتوں کی جڑوں پر پیلی میل جمع ہونا۔مسوڑھوں کے نیچے پیپ پڑنا۔

علامات: مسوڑھے پھولنا،خون بہنا،پیپ کا اخراج،شدید درد اور سوجن ہونا۔منہ اور سانس سے بدبُو آنے لگتی ہے۔

غذا: زود ہضم اور مقوی غذائیں۔

پرہیز: گوشت،انڈہ،دہی،مچھلی،لسّی۔

آیات قرآنی سے علاج: روزانہ سات بار پانی پردم کرکے مریض کو پلائیں۔اور نمک پر دم کرکے مریض کو چٹائیں۔چند یوم میں شفا ہوگی۔

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

(سورہ انعام،آیہ ۱۳،پارہ ۷)

ہومیو پیتھک علاج

☆پائیوریا کے لیے،اندرونی طور پر ۶ طاقت میں اور بیرونی طور پر مدر ٹنکچر روئی میں بھگوکر لگائیں۔ Plantago Major-Q

☆مسوڑوں سے پیپ کے اخراج کی صورت میں۔ Emetine-3X

☆مسوڑے نرم ہوں،آس پاس سے خون بہے،پیپ کے اخراج کی حالت میں منہ میں لعاب زیادہ بنے۔ Staphysagria-200

☆زبان متورّم،سانس بدبودار،مسوڑھوں سے خون آئے۔ Merc Sol-30

☆دانت درد، زبان اور مسوڑھوں میں ورم۔ Argentum Nit-30

☆بدن کا رنگ زرد، مسوڑھوں سے خون بہنا۔ Sulphuric Acid-30

☆منہ اندر سے چھلا ہوا اور سرخ، تکلیف میں اضافہ دوپہر کے وقت۔ Belladonna-30

یونانی علاج

۱۔نیم کے پتے خشک ۵تولہ ۲۔لاہوری نمک ۲تولہ ۳۔ فلفل سیاہ ۲تولہ

تمام اشیاء کا منجن بنالیں۔رات کو دانتوں پر مل کر بغیر کلی کئے سو جائیں۔صبح کو بھی اسی منجن سے دانت صاف کریں۔

روحانی علاج

اس نقش کو چینی کی رکابی میں لکھ کر سرسوں کے تیل سے صاف کر لیں اور انگلی سے یہ تیل دانتوں پر ملیں۔مسلسل سات یوم کریں۔

۷۸۶

ق	ی	و	م
ی	و	م	ق
و	م	ق	ی
م	ق	ی	و

پھل اور سبزیوں سے علاج

تازہ آملہ پابندی سے کھایا جائے تو دانتوں کی صحت کے لیے اکسیر ہے۔تازہ آملہ کھانے یا مسوڑھوں پر ملنے سے پائیوریا ختم ہو جاتا ہے۔

۷۷۔ مرگی (Epilepsy)

عضلات میں تشنج ہو کر مریض بے ہوشی کے دورہ سے گر پڑتا ہے۔ ہاتھ اور پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں۔

وجوہات: غلیظ یا ردی بخارات، کثرتِ شراب نوشی، کثرتِ جماع، دماغ پر چوٹ، دماغی ورم، رنج والم، دانتوں کی خرابی، اکثر یہ مرض موروثی ہوتا ہے۔

علامات: مریض دورہ پڑنے پر بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑتا ہے، تڑپتا ہے اور ہاتھ پاؤں اینٹھ جاتے ہیں۔ منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ پیشاب اور پاخانہ بے اختیار نکل جاتا ہے۔

غذا: بکری کا شوربہ، پودینے کی چٹنی، مرغ، تیتر یا بٹیر کا بُھنا ہوا گوشت، زیادہ گرم غذائیں۔

پرہیز: ماش، چاول، امرود، بینگن اور کثرتِ مباشرت۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو روزانہ تین بار پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک مریض کو پلائیں۔ اور تین بار کاغذ پر تحریر کر کے سر پر باندھیں۔ شفایابی ہوگی۔

إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ ٥ (سورہ بروج، آیہ ۱۰، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ مرگی کی بنا پر بے ہوشی کی درست تصویر دکھاتی ہے۔ Absinthium-200

☆ نیند کے دوران یا جاگتے ہی مرگی کا حملہ ہو۔ Lachesis-1000

☆ مرگی کی حالت میں ہونٹ نیلے پیلے، منہ میں جھاگ، جبڑے تشنج کی حالت میں بھنچے ہوئے۔ Hydrocianic Acid-200

☆ مرگی میں احساس گھٹنے سے شروع ہو، بے ہوشی، منہ میں جھاگ، گر جانا، انگوٹھے بھنچے ہوں، ہونٹ نیلے، Cuprum Met-200

چہرہ بگڑا ہوا نیلا یا پیلا۔

☆مرگی کے دورہ کے بعد مریض گہری نیند سو جائے۔ Hyoscyamus-200

☆دورہ سے پہلے خون سر کی جانب اُمڈ پڑے۔ Calcarea Arsenica-30

☆فوری اثر کے لیے کامیاب ترین دوا۔ Ferrum Cynatum-200

یونانی علاج

۱۔بیٹ کبوتر ۶ ماشہ ۲۔بیٹ مرغی ۶ ماشہ ۳۔بیٹ دراج ۶ ماشہ

۴۔بیٹ بوزنہ ۶ ماشہ

تمام اشیاء کا سفوف بنالیں۔بوقت دورہ بطور نسوار استعمال کروائیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں۔اور ایک تعویذ روزانہ مریض کو اکتالیس یوم تک پلائیں۔

۷۸۶

۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۲
۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹۰۷
۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۶
۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۹۰۴

پھل اور سبزیوں سے علاج

انگور مرگی کے مرض میں فطرت کا انمول تحفہ ہیں۔انگور کا رس پانچ تولہ دن میں تین مرتبہ لمبے عرصے کے لیے استعمال کروائیں۔مرض کا خاتمہ ہو جائے گا۔جس موسم میں انگور دستیاب نہ ہوں تو کشمش کا استعمال کریں۔

۷۸۔ مسّے (Warts)

چہرے اور ہاتھوں پر چھوٹے چھوٹے مسّے مانند نوکیلے دانتوں کے، نکل آتے ہیں، اکثر مسّے گوبھی کے پھول کی مانند ہو جاتے ہیں۔

وجوہات: مادہ آتشک اس کا بنیادی سبب ہے۔

علامات: ہاتھوں، چہرے اور بعض اوقات جسم کے دوسرے حصّوں پر بھی نوکیلے دانتوں کی طرح کبھی الگ الگ اور کبھی کبھی گنجان مسّے نکل آتے ہیں۔

غذا: زود ہضم اور لطیف غذائیں، سرد ترکاریاں۔

پرہیز: گرم، مصالحہ دار غذائیں، شراب۔

آیات قرآنی سے علاج: بارش کا پانی لیں اور مندرجہ ذیل آیات کو ستر دفعہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔ صبح و شام مریض کو یہ پانی پلائیں۔ یہی آیت ایک بار پڑھ کر ہتھیلیوں پر دم کر کے ہاتھ مسّوں پر پھیریں۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَاۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○ (سورہ بقرہ، آیہ ۲۵۵، پارہ ۳)

ہومیو پیتھک علاج

- ☆ انجیر نما مسّے، اعضائے تناسل پر نرم مسّے، مسّے کی مانند گومڑ — Natrum Sulph-1000
- ☆ پیشانی اور پستانوں پر مسّے۔ — Castor Equi-200
- ☆ پتھر کی مانند، بازوؤں، گردن، ہاتھوں یا ناخن کے نیچے۔ — Antim Crud-1000

☆انجیر نما مسے، زبان سفید اور اچار کھانے کی خواہش۔ Sepia-1000

☆چپٹے مسے جو شاخ گل کی مانند نمودار ہوں۔ Dulcamara-1000

☆ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر چپٹے مسے۔ Ruta-1000

یونانی علاج

ہاتھوں پر پلاسٹک کے دستانے چڑھا کر اوّل الذکر پانچ اشیاء کا کسی شیشے یا پلاسٹک کے برتن میں سفوف بنالیں اور ویزلین شامل کر کے مرہم بنالیں۔ مرہم کی بہت تھوڑی مقدار مسّوں پر لگائیں۔ اگر پورے چہرے پر دوا لگانا مقصود ہو تو پہلے سادہ ویزلین لگالیں اور اس کے بعد استعمال کریں۔

۱۔زنک آکسائیڈ ۲۰ گرام ۲۔بورک ایسڈ ۲۰ گرام ۳۔گندھک آملہ سار ۱۰ گرام

۴۔سیلی سِک ایسڈ ۲۰ گرام ۵۔کاربالک ایسڈ ۵ گرام ۶۔سادہ ویزلین ۲۰۰ گرام

روحانی علاج

اس نقش کو زعفرانی روشنائی سے چینی کی رکابی میں لکھ کر ایک چمچ شہد سے دھو کر مریض کو اکتالیس یوم صبح و شام چٹائیں۔

۷۸۶

۹۲	۹۲	۹۲	۹۲
۹۲	۹۲	۹۲	۹۲
۹۲	۹۲	۹۲	۹۲
۹۲	۹۲	۹۲	۹۲

پھل اور سبزیوں سے علاج

۵ عدد کینو لمبے عرصے تک لگاتار استعمال کرنے سے مسے خود بخود ختم ہو جاتے ہیں۔

۷۹۔ معدہ کا سرطان

(Cancer of the Stomach)

اس مرض میں معدے میں سرطان ہو جاتا ہے۔

وجوہات: جدید تحقیق کے مطابق تمباکو پینے اور کھانے سے معدے میں سرطان پیدا ہو جاتا ہے۔ اکثر پرانے امراضِ معدہ سے بھی سرطان پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

علامات: معدے کے مقام پر درد، بے چینی۔ ایکسرے سے بھی معدے کے سرطان کی تشخیص ہو جاتی ہے۔

غذا: ہلکی اور زود ہضم غذائیں۔

پرہیز: دیر ہضم غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: ہر روز بعد از نماز فجر و عشاء گیارہ بار پانی پر دم کر کے مریض کو یہ پانی پلائیں۔ اکیس روز یہ عمل دہرائیں۔ صحت یابی ہو گی۔ (ان شاءاللہ)

يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ط

(سورہ نحل، آیہ ۶۹، پارہ ۱۴)

ہومیو پیتھک علاج

☆خاص طور پر جب خونی قے آئے۔	Geranium Maculatum-Q
☆فوری اثر کرنے والی کارگر دوا۔	Acetic Acid-30
☆شدید پیاس اور مریض نیم گرم پانی پینا پسند کرے۔	Arsenic Alb-3-
☆محسوس کرے کہ معدہ میں کئی دن کی غذا قے سے خارج ہو گئی۔	Bismuth-30
☆سرطان جو بہت آہستہ آہستہ بڑھ رہا ہو۔	Cadmium Sulph-30

☆معدہ ریاح سے بھرپور اور پُر درد۔ Carbo Veg-30

☆معدے کے اوپر کا گوشت سخت اور پُر درد۔ Causticum-30

☆معدہ یا پیٹ نوچے جانے سا درد۔ Dioscorea-30

☆کھانے کے بعد بھوک کم لیکن جلد ہی شدید بھوک محسوس ہو Iodatam-1x

یونانی علاج

۱۔دانہ الائچی کلاں ۲تولہ ۲۔دانہ الائچی خورد ۲تولہ ۳۔نمک سیاہ ۲تولہ

۴۔پودینہ خشک ۲تولہ ۵۔فلفل سیاہ ۲تولہ ۶۔سونف دوتولہ

۷۔اناردانہ اتولہ ۸۔نوشادر ٹھیکری اتولہ ۹۔گندھک آملہ سار مدبّر اتولہ

تمام ادویات کا سفوف بنا کر ۶ ماشہ ہمراہ شربتِ بزوری صبح، دوپہر اور شام استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو زعفرانی روشنائی سے چینی کی رکابی میں لکھ کر ایک چمچ شہد سے دھو کر مریض کو اکتالیس یوم صبح و شام چٹائیں۔

۷۸۶

الٓمٓ	الٓمٓصٓ الٓر	الٓمٓرا	کٓھٰیٰعٓصٓ
طٰهٰ	طٰسٓمٓ طٰسٓ	یٰسٓ	حٰمٓعٓسٓقٓ
	صٓ قٓ نٓ		

پھل اور سبزیوں سے علاج

گرما ایک ایسا پھل ہے جو انسانی جسم میں موجود غیر ضروری کیمیائی اجزاء کو نکال دیتا ہے۔ اس لئے معدے کے سرطان میں گرما بطور غذا استعمال کیا جائے۔ اس سے خاطر خواہ افاقہ ہوتا ہے۔

۸۰۔منہ کے چھالے (Stomatitis)

اس مرض میں منہ کے اندر کی جھلی سُرخ ہو کر متورّم ہو جاتی ہے اور چھوٹے چھوٹے سفید دانے زبان، ہونٹوں اور گالوں کے اندر بن جاتے ہیں۔

وجوہات: یہ مرض اکثر دودھ پیتے بچّوں میں ہوتا ہے۔ناک کی سوزش، سرخ بخار، خسرہ، تیز مصالحہ جات، سرخ مرچ کا زیادہ استعمال، سگریٹ، گرم گرم کھانا کھانے سے

علامات: منہ میں درد اور سوزش، تھوک کثرت سے آنا، منہ سے پانی بہنا، زبان سرخ، کھانے، پینے اور نگلنے میں تکلیف، ہلکا بخار اور منہ میں چھوٹے چھوٹے زخم۔

غذا: لطیف اور زود ہضم غذائیں۔

پرہیز: گرم اشیاء اور مصالحہ دار غذاؤں سے پرہیز۔

آیات قرآنی سے علاج: باوضو ہو کر سورۃ اخلاص کو اکتالیس بار چینی یا کوزہ مصری پر دم کریں اور منہ میں رکھ کر چوس لیں۔اللہ کے کرم سے شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ۝

(سورہ اخلاص، مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆منہ کے چھالوں کے ساتھ ورم۔	Borex-3X
☆چھالے نمودار ہونے پر منہ میں سفید زخم۔	Kali Mur-200
☆زبان سرخ، دردبھری، آسانی سے خون بہنا۔	Argentum Nit-30
☆دودھ پینے پر دہی کی مانند قے۔	Aethusa Cynapium-200
☆منہ کے چھالوں کیلئے خاص کارآمد دوا۔	Fragaria-200

☆بدبودار سانس دانتوں سے پیپ کا اخراج۔	Sulphuric Acid-200
☆ورم شدہ زبان۔	Merc Cor-200
☆لعاب خون آلود، زبردست پیاس۔	Merc Sol-200
☆لعاب زیادہ پیدا ہونا اور خون آلود اخراج۔	Nitric Acid-30
☆زبان پیلی اور خشک، بدبودار اخراج۔	Muriatic Acid-6x

یونانی علاج

۱۔طباشیر ۱تولہ ۲۔الائچی خورد ۱تولہ ۳۔کباب چینی ۱تولہ ۴۔کتھ سفید ۱تولہ

تمام ادویات کا سفوف تیار کرلیں۔تین یوم تک دن میں تین مرتبہ منہ میں چھڑکیں۔

روحانی علاج

اس نقش کو زعفرانی روشنائی سے چینی کی رکابی میں لکھ کر ایک چمچ شہد سے دھو کر مریض کو اکتالیس یوم صبح و شام چٹائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ
یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ
یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ

پھل اور سبزیوں سے علاج

ٹماٹر ہماری روزمرّہ کی غذا میں شامل ہے۔اس کا رس نکال کر پانی میں ملا کر دن میں تین چار مرتبہ کلّیاں کریں۔تین یوم میں افاقہ ہوگا۔

۸۱۔موٹاپا(Obesity)

جلد کے نیچے اور بدن کے دوسرے حصّوں میں چربی کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ حرکات میں مشکل پیش آتی ہے۔جسم بے ڈول ہو جاتا ہے، انسانی جسم کا تناسب پن اور خوبصورتی زائل ہو جاتی ہے۔

وجوہات: انگور اور آم کا زیادہ استعمال، موروثی اثرات، عیش وعشرت کی زندگی، ورزش نہ کرنا، شراب پینا، گردوں کی بیرونی سوزش، پانی کا زیادہ استعمال۔

علامات: وزن میں اضافہ، جسم بے ڈول، چہرہ بھرا بھرا، توند بڑھ جانا، چلنے پھرنے میں دشواری، اکثر مریض شریانوں کی سختی اور بلڈ پریشر کے امراض میں گھر جاتے ہیں۔

غذا: غذا کم اور زود ہضم استعمال کریں۔

پرہیز: چربی پیدا کرنے والی غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: نماز فجر کے بعد تین سو تیرہ بار اس آیہ مبارکہ کو تلاوت کر کے پانی پر دم کریں اور نہار منہ مریض کو پلائیں۔اکتالیس یوم یہی عمل کریں۔اللہ نے چاہا تو موٹاپے سے نجات مل جائے گی۔

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (سورہ انبیاء آیہ ۸۷، پارہ ۱۷)

هومیو پیتھک علاج

☆وزن کم کرنے والی کارآمد دوا۔ Iodothyrine-3X

☆بے قاعدہ اور بڑھی ہوئی بافتوں کو ختم کرنے کی صلاحیت رکھنے والی دوا۔ Phytolacca-Q

☆موٹے لوگوں کے بڑھے ہوئے غدودِ درقیہ کے لیے۔ Fucus Vesiculosis-Q

☆ قبض اور ماہواری کے مسائل والی موٹی عورتوں کے لیے Graphites-200

☆ غدود دِرقیہ اور ہدایت کار غدود کی گڑبڑ سے موٹاپا۔ Calcarea Carb-6X

یونانی علاج

تمام ادویات کا سفوف بنا کر مناسب مقدار میں عرق گلاب شامل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ۲ تا ۴ گولیاں کھانا کھانے کے بعد صبح دوپہر شام عرق سونف یا پانی کے ساتھ لیں۔

۱۔ نوشادر ۱ تولہ ۲۔ خوردنی نمک ۱ تولہ، ۳۔ نمک سیاہ ۱ تولہ، ۴۔ سہاگہ بریاں ۱ تولہ،
۵۔ نرکچور ۱ تولہ، ۶۔ چھلکا ہریڑ کابلی ۱ تولہ، ۷۔ ہریڑ سیاہ ۱ تولہ، ۸۔ بابڑنگ ۱ تولہ،
۹۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ، ۱۰۔ شیشہ نمک ۱ تولہ، ۱۱۔ سونٹھ ۱ تولہ

روحانی علاج

اس نقش کو چینی کی رکابی میں لیموں کے پانی سے لکھ کر مریض کو اکتالیس یوم صبح و شام پلائیں۔

۷۸۶

الٓمٓ	حٰمٓعٓسٓقٓ	نٓ
الٓمٓصٓ	حٰمٓ	یٰسٓ
کٓھٰیٰعٓصٓ	قٓ	امین

پھل اور سبزیوں سے علاج

پالک میں وٹامن اے خاصی مقدار میں پایا جاتا ہے۔ اس کا لگاتار استعمال موٹاپے کو ختم کر دیتا ہے۔

۸۲۔ موسمی بخار (Malaria)

اس مرض کا جرثومہ مچھر کے کاٹنے سے انسانی جسم میں داخل ہوتا ہے جو بخار کا سبب بنتا ہے عموماً جسم پر کپکپی طاری ہو جاتی ہے۔

وجوہات: اس مرض کا جرثومہ مرطوب زمین، گندے پانی والی جگہوں پر بکثرت پرورش پاتا رہتا ہے۔ برسات کے موسم میں یہ مرض زیادہ پھیلتا ہے، گرم آب و ہوا والے نشیبی علاقے بھی اس مرض کے پیدا ہونے کی معروف جگہیں ہیں۔

علامات: انگڑائیاں اور جمائیاں آتی ہیں، سانس جلد چلتا ہے، پیشاب کی رنگت ہلکی زرد، زبان پیلی اور خشک، بخار ہونے سے پہلے مریض سُست، بے چین، پیشانی پر پسینہ اور سردی لگنا۔

غذا: لیموں، انار، سنگترہ، انگور اور نرم غذائیں۔

پرہیز: میلے کچیلے کپڑے اور دھوپ میں چلنا پھرنا۔

آیات قرآنی سے علاج: چینی کی صاف رکابی میں اس آیت کو لکھ کر عرقِ گلاب سے دھو کر نہار منہ اور بعد از نمازِ عصر مریض کو پلائیں۔ چند یوم میں بخار کا خاتمہ ہو جائے گا۔

إِنَّ الَّذِينَ اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوا فَإِذَا هُمْ مُبْصِرُونَ ٥

(سورہ اعراف، آیہ ۲۰۱، پارہ ۹)

ہومیو پیتھک علاج

☆ ہلکی سردی والا تپ لرزہ، قے متلی اور تنگیٔ سانس۔	Ipecac-200
☆ وقفوں میں بخار، بے چینی، نہ بجھنے والی پیاس، خون کی کمی	Arsenic Alb-30
☆ ضدی قسم کے ملیریا کے لیے کارآمد دوا۔	Tela Aranearum-200
☆ ملیریا بخار میں سردی شام تین بجے۔	Chininum Sulph-30

☆صبح نو سے گیارہ بجے تک سردی لگے، بھوک کی کمی، قبض۔ Natrum Mur-200

☆ملیریا کی پرانی حالتوں کے لیے کارآمد دوا۔ Helianthus-Q

☆شام کے وقت سردی کا احساس زیادہ۔ Cedron-200

یونانی علاج

۱۔ست گلو ۱تولہ ۲۔مغز کرنجوہ ۱تولہ ۳۔گوند کیکر ۲تولہ ۴۔طباشیر۲تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنا کر مونگ کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔صبح دوپہر شام دو گولیاں نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

روحانی علاج

اس نقش کو کالے رنگ کے کاغذ پر زعفرانی روشنائی سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھ دیں۔

۷۸۶

۴۰	۸	۱۰	۹
۴۰	۸	۱۰	۹
۴۰	۸	۱۰	۹
۴۰	۸	۱۰	۹

پھل اور سبزیوں سے علاج

چکوترہ کا شمار تر شاوہ پھلوں میں ہوتا ہے۔سر چکرانے، ہونٹ خشک ہونے، پیاس زیادہ لگنے اور بخارات سر کی طرف چڑھنا شروع ہو جائیں تو پانچ یوم تک ایک چکوترہ روزانہ نہار منہ کھائیں۔

۸۳۔ناف کا ٹل جانا

(Displacement of Uterus)

اس مرض میں رحم (ناف) پیچھے یا سامنے کی طرف جھک جاتا ہے۔

وجوہات: بچہ پیدا ہونے یا حمل گرنے کے بعد بے احتیاطی، بچہ دانی میں سوجن، زیادہ اُچھل کود، غیر قدرتی طریقوں سے مباشرت، بچہ دانی کی رسولیاں اور دائمی قبض

علامات: پیشاب رُک رُک کر آنا، چلنے پھرنے اور حرکت سے تکلیف، ماہواری میں بے قاعدگی، بچہ دانی میں سوزش، پیڑو، پشت یا کمر میں درد۔

غذا: سبز ترکاریاں، بکری کا گوشت اور چپاتی۔

پرہیز: قابض اور بادی اشیاء۔

آیاتِ قرآنی سے علاج: یہ آیت پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے ناف یا درد کے مقام پر ہاتھ پھیریں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ان شاءاللہ گیارہ روز عملِ مسلسل سے تکلیف کا خاتمہ ہو جائے گا۔

وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ٥

(سورہ نمل، آیہ ۴۸، پارہ ۱۹)

ہومیو پیتھک علاج

☆رحم کے ساتھ نیچے کی طرف دباؤ، کمر درد۔	Pulsatilla-1000
☆پیڑو میں دباؤ، خاص طور پر بھورے بالوں والی عورتیں۔	Sepia-200
☆بیٹھنے پر احساس جیسے فرج میں کوئی چیز اوپر کی جانب دبا رہی ہو۔	Ferrum Iod-3X
☆رحم کے جھکاؤ کے ساتھ دردِ کمر اور پیلے رنگ کا لیکوریا۔	Eupion-200
☆پر درد حیض، میلان رحم کے ساتھ دباؤ نیچے کی طرف۔	Heliotropium-Q

☆شدید قبض ہاضمہ کمزور، مریض ہر وقت تھکاوٹ محسوس کرے۔ Aletris Far-Q

یونانی علاج

۱۔آملہ خشک ۳تولہ ۲۔بہیڑہ ۳تولہ ۳۔پیپل کلاں ۳تولہ

۴۔ثعلب مصری ۳تولہ ۵۔دارچینی ۳تولہ ۶۔سونٹھ ۳تولہ

۷۔فلفل سیاہ ۳تولہ ۸۔گلِ بابونہ ۳تولہ ۹۔مغزاخروٹ ۳تولہ

۱۰۔مغز چلغوزہ ۳تولہ ۱۱۔مویز منقیٰ ۱۰تولہ

منقیٰ کو آدھا لٹر پانی میں پکا کر چوتھائی حصہ رہ جانے پر چھان لیں۔ باقی ادویات کا سفوف اور ایک پاؤ چینی شامل کر کے قوام بنالیں۔ دو چمچ صبح اور شام استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر دائیں بازو پر باندھ لیں۔ ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ن	م	ی	ھ	م
	ی	و	ق	
		ا		

پھل اور سبزیوں سے علاج

اگر چند یوم غذا کا سلسلہ منقطع کر کے صرف تربوز بطور غذا اور دوا استعمال کیا جائے تو سونے پر سہاگے والی بات ہے۔ یاد رہے کہ تربوز کھانے کے بعد پانی کا استعمال ہیضہ کا سبب بنتا ہے۔

۸۴۔ نامردی (Impotency)

اس مرض میں قوتِ مجامعت بہت کم ہو جاتی ہے یا بالکل ہی ختم ہو جاتی ہے۔ مریض سُست ہو جاتا ہے۔

وجوہات: کثرتِ مباشرت، مُشت زنی، کثرتِ احتلام، کثرتِ جریانِ منی، تفکرات، زیادہ دماغی محنت، وہم، موٹاپا، بھنگ و شراب، افیون کھانا۔

علامات: جسمانی کمزوری، خصیوں میں کوئی نقص، عضوِ تناسل کی کمزوری، قلتِ منی۔

غذا: دودھ، مکھن، پھل، سبزیاں، مغزیات و مقوی غذائیں۔

پرہیز: گرم و ترش اشیاء۔

آیاتِ قرآنی سے علاج: شیشے کے برتن پر یہ آیت لکھ کر اکتالیس روز تک مریض کو پلائیں۔

وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعًا○

(سورہ کہف، آیہ ۹۹، پارہ ۱۶)

<u>ہومیو پیتھک علاج</u>

☆آلہ تناسل کمزور، قبل از وقت بڑھاپا، خواہش مفقود۔	Agnus Cast-Q
☆قبل از وقت منی کا اخراج، بوڑھوں میں نامردی۔	Lycopodium-1000
☆اعصابی کمزوری، مردانہ آلہ تناسل میں جوش لانا۔	Yohimbinum-Q
☆خصیے حسی اور پھولے ہوئے، اعضائے تناسل ڈھیلے۔	Phosphoric Acid-Q
☆نیند میں اعضائے تناسل کی اٹھان مگر بیداری پر کم۔	Caladium-200
☆منی کا اخراج، عورتوں میں دبی ہوئی جنسی زندگی۔	Onosmodium-Q
☆ضرورت سے زیادہ جنسی فعل سرانجام دینے سے۔	Tribulus Terrestris-Q
☆جنسی خواہش کا بالکل نہ ہونا، اعضائے تناسل ڈھیلے۔	Nuphar Luteum-Q
☆جنسی ضعفِ اعصاب، منی پتلی	Selenium-200

یونانی علاج

۱۔کلونجی ۵تولہ ۲۔عقرقرحا ۵تولہ ۳۔تخم ریحان ۵تولہ ۴۔کوزہ مصری ۵تولہ

تخم ریحان کے علاوہ باقی اشیا کا سفوف تیار کریں۔تخم ریحان سفوف میں شامل کرلیں۔کھانے کا چوتھائی چمچ صبح دو پہر شام ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

روحانی علاج

اس نقش کو زعفرانی روشنائی سے لکھ کر مریض کو اکیس یوم صبح وشام پلائیں۔

۷۸۶

۶۱۴۵۴	۶۱۴۵۷	۶۱۴۶۰	۶۱۴۴۷
۶۱۴۵۹	۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۳	۶۱۴۵۸
۶۱۴۴۹	۶۱۴۶۲	۶۱۴۵۵	۶۱۴۵۲
۶۱۴۵۶	۶۱۴۵۱	۶۱۴۵۰	۶۱۴۶۱

پھل اور سبزیوں سے علاج

اچھی طرح پکا ہوا ایک سیب لے کر چاقو سے چھیل لیں۔جس قدر ممکن ہو،اس میں لونگ چبھودیں۔ایک ہفتہ کے بعد لونگ نکال کر ایک شیشی میں ڈال کر رکھ لیں۔روز صبح کے وقت چار سے چھ لونگ کا قہوہ بنا کر استعمال کریں۔قہوہ میں حسبِ ذائقہ لیموں کا رس اور شہد ملانے سے اس کا اثر دو چند ہو جاتا ہے۔بوڑھوں اور کمزوروں کے لیے اس کا اثر قوی تسلیم کیا گیا ہے۔

۸۵۔نزلہ/زکام (Influenza)

یہ ایک چھوت دار مرض ہے۔جس سے ناک کی اندرونی لعاب دار جھلی میں سوجن ہو جاتی ہے۔ناک بہتی ہے اور سر میں درد ہوتا ہے۔اگر رقیق مادہ ناک سے نکلے تو زکام اور اگر گلے میں گرے تو نزلہ کہلاتا ہے۔

وجوہات:اس مرض کا سبب ایک خوردبینی کیڑا ہے جسے اصطلاح میں جرثومۂ زکام کہتے ہیں، دیگر وجوہات میں ٹھنڈ لگ جانا، پاؤں بھیگ جانا،خراش دار بخارات کا ناک میں چلے جانا۔

علامات: شروع میں طبیعت سُست ، کام میں جی نہیں لگتا،چھینکیں آتی ہیں۔سر میں ہلکا درد،مواد کے بہنے سے نتھنوں کے کنارے سرخ،شدید حالت میں کھانسی بھی ہو جاتی ہے۔

غذا: بکری کا شوربہ، پالک کا ساگ،مونگ کی دال اور دیگر لطیف غذائیں۔

پرہیز: آلو،اروی،دوپہر کا کھانا،دماغی محنت،ٹھنڈا پانی۔

آیات قرآنی سے علاج: کسی بھی کھانے والی چیز کو اس آیت سے دم کر کے مریض کو تین یوم تک کھلائیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّہٗ عِوَجًا۝

(سورہ کہف،آیہ ۱،پارہ ۱۵)

ہومیوپیتھک علاج

☆چھینکوں والے انفلوئینزا کے لیے۔ Lobelia Cerulea-30

☆ناک کی نوک سرخ،ناک پھول جانا اور بہنا،چھینکیں Rhus Tox-200

☆ناک سے پانی کی مانند چھلنے والے اخراج، بخار،سر درد۔ Gelsemium-30

☆وبائی انفلوئنزا کے لیے۔ Baptisia-Q

☆ناک بند، ناک زخم شدہ اور پر درد۔ Aurum Met-6x

☆صبح کے وقت ناک سے پیلے بلغم کا اخراج۔ Palsatilla-200

☆ناک بند نزلہ جاری، مرض میں اضافہ موسم گرما میں۔ Natrum Carb-6x

☆ناک سے جلن دار پانی کا اخراج، چھینکیں اور کھانسی۔ Allium Cepa-200

یونانی علاج

۱۔گلِ بنفشہ ۵تولہ ۲۔بادرنجبویہ ۵تولہ ۳۔ اسطوخدوس ۵تولہ

تینوں ادویات رات کو پانی میں بھگو دیں۔صبح جوش دے کر چھان لیں۔تین پاؤ چینی ڈال کر ایک بڑی بوتل شربت تیار کریں۔تین تولہ شربت آبِ نیم گرم میں ملا کر صبح نہار منہ استعمال کریں۔

روحانی علاج

اس نقش کو زعفرانی روشنائی سے لکھ کر آب زم زم سے دھو کر مریض کو اکیس یوم پلائیں۔

۷۸۶

یا مصطفیٰ	یا مصطفیٰ
یا مصطفیٰ	یا مصطفیٰ

پھل اور سبزیوں سے علاج

امرود دنیا بھر میں پایا جانے والا پھل ہے۔یہ پھل کچا اور پکا اپنے اندر شفائی اثر سموئے ہوئے ہے۔کچے امرود کو بھوبل میں دبا کر بھرتہ بنالیں۔اسے شہد میں ملا کر چاٹنے سے نزلہ و زکام دِنوں میں ختم ہو جاتا ہے۔

۸۶۔نسیان (Amnesia)

یادداشت کمزور ہو جاتی ہے۔ مریض کو نئی و پرانی باتیں یاد نہیں رہتیں۔ بعض اوقات یادداشت کی قوّت بالکل ختم ہو جاتی ہے۔

وجوہات: کمزوریٔ دماغ، سر کی چوٹ، دائمی نزلہ وزکام، کثرتِ جماع، نشہ آور اشیاء کا استعمال

علامات: کوئی بات یاد نہیں رہتی، کئی بار دیکھی ہوئی شکلیں بھول جاتی ہیں، رات کے خواب صبح یاد نہیں آتے، مریض اکثر نیند کا خواہشمند

غذا: دودھ، شوربہ مرغ، کدو، پالک، مغزیات، مقوّی غذائیں۔

پرہیز: کثرتِ جماع، لہسن، پیاز، لوبیا، دھنیا، سنگترہ، امرود، دماغی محنت۔

آیات قرآنی سے علاج: بعد از نماز عشاء سونے سے پہلے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس آیت کو گیارہ مرتبہ تلاوت کر کے سو جائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝

(سورہ بقرہ، آیہ ۳۲، پارہ ۱)

ہومیو پیتھک علاج

☆ کمزور یادداشت، دماغی تھکان، غیر حاضر دماغ۔	Anacardium-200
☆ ضعفِ اعصاب، کمزور یادداشت۔	Zincum Picricum-200
☆ کثرتِ جماع کی وجہ سے یادداشت کمزور، جنسی اور دماغی کمزوری۔	Acid Phos-Q
☆ اشیاء خریدے اور اٹھائے بغیر چل دے۔	Agnus Cast-30
☆ یاد نہ رہے کہ کیا پڑھا ہے۔	Helleborus-30

☆ نام اور الفاظ یاد نہ رکھ سکے۔ Sulphur-30

☆ یادداشت بالکل ختم ہونے کے قریب۔ Natrum Mur-30

یونانی علاج

۱۔ زنجبیل ۳ تولہ ۲۔ فلفل سیاہ ۳ تولہ ۳۔ دار فلفل ۳ تولہ

۴۔ دار چینی ۳ تولہ ۵۔ پوست بلیلہ ۳ تولہ ۶۔ شیطرج ہندی ۳ تولہ

۷۔ زراوند مدحرج ۳ تولہ ۸۔ خصیۃ الثعلب ۳ تولہ ۹۔ مغز چلغوزہ ۳ تولہ

۱۰۔ بیج بابونہ ۳ تولہ ۱۱۔ مویز منقّٰی ۹ تولہ

تمام ادویات کا سفوف بنا کر منقّٰی اور مناسب مقدار شہد شامل کر کے معجون بنا لیں۔ ۶ ماشہ خوراک نیم گرم دودھ کے ساتھ صرف صبح کھانے کے بعد استعمال کریں۔

روحانی علاج: اس نقش کو چینی کی رکابی میں لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر مریض کو چند یوم پلائیں۔ شفا ہوگی۔ (ان شاء اللہ)

۷۸۶

۳۳۳۶۵	۳۳۳۶۸	۳۳۳۷۱	۳۳۳۵۷
۳۳۳۷۰	۳۳۳۵۸	۳۳۳۶۴	۳۳۳۶۹
۳۳۳۵۹	۳۳۳۷۳	۳۳۳۶۶	۳۳۳۶۳
۳۳۳۶۷	۳۳۳۶۲	۳۳۳۶۰	۳۳۳۷۲

پھل اور سبزیوں سے علاج

بیر ایک بین الاقوامی پھل ہے۔ جن مریضوں کو نسیاں کی بیماری ہو، وہ صبح سویرے دو سے آٹھ چھٹانک تک چھلے ہوئے نرم بیر بطور ناشتہ لیں۔ چند روز تک حسب طاقت اس ناشتہ کے علاوہ کچھ اور نہ کھائیں۔ ان شاء اللہ یہ مرض ختم ہو جائے گا۔

۸۷۔ نقرس / گنٹھیا (Gout)

اس مرض میں ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کے جوڑ سوج جاتے ہیں، اکثر یہ مرض پاؤں کی انگلیوں سے شروع ہوتا ہے۔

وجوہات: یہ مرض خون میں تیزابی مادوں کی زیادتی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ مرض اکثر موروثی ہوتا ہے۔ ادھیڑ عمری میں زیادہ تر امیر لوگ اس مرض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ رنگ ساز یا سیسے کے کارخانوں میں کام کرنے والے لوگ بھی اس میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

علامات: اکثر پاؤں کے انگوٹھوں میں آدھی رات کے وقت شدید درد، مریض بے چین، معمولی سردی سے بخار، صبح کے وقت جوڑ سوجے ہوئے، جوڑوں پر گانٹھیں بن جاتی ہیں۔

غذا: دودھ، بارلے واٹر، زود ہضم غذائیں۔

پرہیز: بینگن، گوبھی، چاول، گوشت، گردہ، کلیجی۔

آیات قرآنی سے علاج: صبح کے وقت سات بار پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ اکیس یوم میں شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ؕ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ○ (سورہ انعام، آیہ ۱ پارہ ۷)

ہومیو پیتھک علاج

☆ جوڑوں میں سوزش، تیز بخار، پر خون افراد۔	Aconite-200
☆ جب درد ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ کی طرف منتقل ہو۔	Pulsatilla-30
☆ بخار اور ابتدائی سوزشی درجہ	Ferrum Phos-30

☆گنٹھیا میں بائیوکیمک کی اول درجہ کی دوا۔ Natrum Sulph-200

☆جوڑوں میں شدید دکھن جیسے موچ آ گئی ہو۔ Arnica-30

☆پیشاب کم مقدار میں لیکن اخراج البومن کے ساتھ۔ Ammon Benz-3x

☆چوٹ کی حالت والے نقرس کے لیے۔ Formic Acid-6x

☆چھوٹے جوڑوں کا درد جو مریض کو چیخنے پر مجبور کر دے۔ Colchicum-200

☆ہاتھ پاؤں اور دیگر تمام جوڑوں میں درد پایا جائے۔ Ledum-200

یونانی علاج

۱۔کلونجی ۱پاؤ ۲۔اجوائن ۱پاؤ، ۳۔آک کی جڑ کا چھلکا خشک ۱پاؤ

تمام ادویات کا سفوف تیار کر لیں۔آدھا چمچ چائے والا دن میں تین مرتبہ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

روحانی علاج

یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ان شاءاللہ اکسیر ثابت ہوگا۔

۷۸۶

۳۱۰۳	۳۱۰۷	۳۱۱۰	۳۰۹۶
۳۱۰۹	۳۰۹۷	۳۱۰۲	۳۱۰۸
۳۰۹۸	۳۱۱۲	۳۱۰۵	۳۱۰۱
۳۱۰۶	۳۱۰۰	۳۰۹۹	۳۱۱۱

پھل اور سبزیوں سے علاج

اس مرض کے مریض لیموں کی سکنجبین ہر چار گھنٹے بعد استعمال کریں۔لیکن صبح شام سورنجاں شیریں اور خشک دھنیے کا سفوف ۳ ماشہ ہمراہ سکنجبین استعمال کریں تو مرض چند ہی روز میں جاتا رہے گا۔

۸۸۔ نکسیر پھوٹنا (Epistaxis)

اس مرض میں ناک سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ ناک کی رگیں خون سے بھر کر پھٹ جاتی ہیں۔

وجوہات: دماغ میں خون جمع ہونا، ناک یا سر پر چوٹ، فسادِ خون، بچوں میں پیٹ کے کیڑے، شدید بخار، دموی مزاج کے لوگوں کی نکسیر موسم گرما یا بہار میں پھوٹ پڑتی ہے۔

علامات: کبھی ایک نتھنے سے کبھی دونوں نتھنوں سے قطرہ قطرہ یا دھار باندھ کر خون جاری ہو جاتا ہے۔ کبھی نکسیر تھوڑی دیر بعد بند ہو جاتی ہے کبھی کافی دیر تک جاری رہتی ہے۔

غذا: دودھ، سا گودانہ، کدو، پالک اور لطیف غذائیں۔

پرہیز: گوشت، انڈہ، بینگن، مصالحہ جات، دھوپ میں چلنا پھرنا۔

آیات قرآنی سے علاج: اس سورہ کو تین بار پڑھ کر ملتانی مٹی پر دم کر کے مٹی ماتھے پر لگائیں اور پانی پر دم کر کے مریض کو تین مرتبہ پلائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى
تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُo رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةًo فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌo وَمَا تَفَرَّقَ
الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُo وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ
مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِo
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ
اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِo اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِo
جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗo (سورہ بینہ مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆موسم گرما کی نکسیر، روزمرّہ کی دوا۔ Ferrum Phos-30

☆زیادہ نکسیر آنے کی وجہ سے کمزوری۔ China-30

☆نکسیر کی وجہ سے کان اور جبڑے کی ہڈی میں درد۔ Natrum Nitricum-6X

☆بحالت نکسیر سر اور سینے میں اجتماع خون۔ Millefolium-Q

☆کھانسی کے ہر دورے کے بعد ناک سے گہرے رنگ کا خون بہے۔ Arnica-200

یونانی علاج

درج ذیل ادویات کا سفوف بنا کر تین ماشہ مربہ آملہ میں ملا کر شربتِ بزوری کے ہمراہ استعمال کریں۔

۱۔کہربا شمعی ۱ماشہ ۲۔طباشیر ۱ماشہ ۳۔سنگِ جراحت ۱ماشہ

روحانی علاج

اس نقش کو آبِ زم زم ملی زعفرانی روشنائی سے چینی کی رکابی میں لکھ کر ایک چمچ شہد سے دھو کر مریض کو تین یوم صبح و شام چٹائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ
یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ
یا فتّاحُ	یا فتّاحُ	یا فتّاحُ

پھل اور سبزیوں سے علاج

میٹھے انگور لے کر ان کا رس نکالیں اور مریض کو ناک کے راستے کھنچوائیں۔ نکسیر فوراً بند ہو جائے گی۔ یہ عمل دو چار دفعہ لگاتار کرنے سے مرض کا خاتمہ ہو جائے گا۔

۸۹۔ ورمِ جگر (Hepatitis)

اس مرض میں جگر کے اندر ورم ہو جاتا ہے۔ خاص طور پر سانپ کے زہر اور سنکھیا کے زیادہ استعمال سے بھی یہ مرض ہو جاتا ہے۔

وجوہات: شدید بخار، جگر پر چوٹ، شدید گرمی، شراب نوشی، گوشت، گرم مصالحہ جات اور گرم ادویات کا استعمال۔

علامات: بخار کا لازمی ہونا، جگر کے مقام پر دائیں پسلی کے نیچے درد، سانس لینے سے درد میں شدّت، پاؤں پر ہلکا ورم۔

غذا: مریض کو کئی روز تک صرف دہی اور اونٹنی کا دودھ استعمال کروائیں۔

پرہیز: گرم، مصالحہ جات اور چکنائی دار غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو اکتالیس دن تک پلائیں۔ ان شاء اللہ اس عارضے سے نجات مل جائے گی۔

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝ (سورہ رحمٰن، آیہ ۷۸، پارہ ۲۷)

هومیو پیتھک علاج

☆ چہرہ پیلا، گدلے پیشاب کا اخراج، مینگنیوں کی مانند فضلے کا اخراج — Chelidoneum-Q

☆ جگر سخت، چھونے سے دکھے، زبردست پیاس، یرقان کی علامات۔ — Merc Sol-200

☆ جگر کے مقام پر درد، جگر بڑھا ہوا، حسی پن۔ — Actaea Spicata-30

☆ مرض میں اضافہ دبانے یا گرم مشروب پینے سے۔ — Lachesis-200

☆ کاٹنے کی مانند تیز درد۔ — Phosphorus-200

☆جگر کے مقام پر زخم کی طرح درد۔ Silicea-30

☆جگر بڑھا ہوا، مریض منہ کے بل لیٹنا پسند کرے۔ Nux Moscata-30

☆جگر کا فعل سست اور مزمن تکالیف۔ Podophyllum-30

یونانی علاج

۱۔کاسنی ۱ پاؤ ،۲۔جڑ کاسنی ا پاؤ ،۳۔سونف ا پاؤ ،۴۔جڑ سونف ا پاؤ ،۵۔گلِ نیلوفر ا پاؤ

تمام اشیاء کو صاف کر کے اچھی طرح ملا کر اکیس حصوں میں تقسیم کر لیں۔ روزانہ ایک حصہ ایک کلو پانی میں بھگو دیں۔صبح چھان کر پانی کو مختلف وقفوں میں پی لیں۔ تین دن تک ایسا کرنے کے بعد اگلے تین دن ناغہ کریں۔اور اگلے تین دن پھر یہ دوا استعمال کریں۔اس طرح اکیس حصے دوا استعمال کریں۔

روحانی علاج

یہ نقش مریض کو روزانہ لکھ کر دھو کر پلانے سے اکیس یوم میں شفا ہوگی۔

۷۸۶

۴۰۴	۳۹۲	۳۹۷	۴۰۲
۳۹۳	۴۰۷	۳۹۹	۳۹۶
۳۹۳	۴۰۷	۳۹۹	۳۹۶
۳۰۰	۳۹۵	۳۹۴	۳۰۶

پھل اور سبزیوں سے علاج

آلو بخارہ حیاتین سے بھرپور پھل ہے۔جگر کے مریض بطور غذا دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔اس کے ساتھ زیرہ سفید اور گوکھرو کا سفوف ۳ ماشے ایک ماہ تک روزانہ استعمال کریں۔

۹۰۔ ورم زائدہ اعور (Appendicitis)

اعور یعنی ایک منہ والی آنت جو چار سے چھ انچ تک لمبی ہوتی ہے، اس میں ورم ہو جاتا ہے۔

وجوہات: جدید تحقیق کے مطابق یہ مرض بی کولائی (B-Coli) جرثومہ سے ہوتا ہے۔ بعض دفعہ قبض، سیب کے بیج، انگور کے بیج سے انتڑیوں میں خراش کی وجہ سے ہوتا ہے، علاوہ ازیں یہ مرض نمونیہ، نزلہ اور زکام کی وجہ سے بھی ہو جاتا ہے۔

علامات: پہلے پیٹ میں ناف کی طرف زور کا دور ہوتا ہے اور یہ درد اپنی جگہ بدلتا رہتا ہے۔ آخر کار ناف کی دائیں جانب قائم ہو جاتا ہے۔ مقامِ ماؤف پر ابھار معلوم ہوتا ہے، دبانے پر درد میں اضافہ، متلی اور قے بھی ہو سکتی ہے۔

غذا: شدید مرض میں فاقہ بہتر ہے۔ دورۂ مرض کے بعد چند روز تک سیال غذا دیں۔

پرہیز: ثقیل اور بادی اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سمیت تین مرتبہ پانی پر دم کر کے دن میں چار مرتبہ اکیس دن تک مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ اس عارضے سے نجات مل جائے گی اور دوبارہ یہ مرض نہ ہوگا۔

وَبِالْحَقِّ أَنزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَآ أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا ٥

(سورہ بنی اسرائیل، آیہ ۱۰۵، پارہ ۱۵)

هومیو پیتھک علاج

☆ چھوٹی آنت کے آخری حصہ اور اندھی آنت کے مقام پر درد۔ Iris Tenax-200

☆ زائدہ کے مقام پر اچانک درد ہو اور غائب ہو جائے، بخار کی حالت اور قے۔ Belladonna-200

☆ ورم زائدہ میں تیز درد، سامنے جھکنے یا لیٹنے سے اضافہ۔ Dioscoria-200

☆ یہ دوا اندھی آنت کی شکل والے زائدہ پر اثر کرتی ہے۔ Echinacea-6x

☆ بار بار پیاس مگر زیادہ پانی نہ پی سکے۔ Arsenic Alb-200

یونانی علاج

تمام ادویات کا سفوف بنا کر عرق گلاب کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔ ۲ تا ۳ گولیاں کھانا کھا لینے کے بعد عرقِ سونف کے ہمراہ صبح دوپہر شام استعمال کریں

۱۔ نوشادر ۱ تولہ ۲۔ شیشہ نمک ۱ تولہ ۳۔ نمک سیاہ ۱ تولہ

۴۔ سہاگہ بریاں ۱ تولہ ۵۔ لاہوری نمک ۱ تولہ ۶۔ نرکچور ۱ تولہ

۷۔ چھلکا ہریڑ کابلی ۱ تولہ ۸۔ ہریڑ سیاہ ۱ تولہ ۹۔ باؤبڑنگ ۱ تولہ

۱۰۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ ۱۱۔ سونٹھ ۱ تولہ

رُوحانی علاج

ایک نقش لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں اور ایک نقش روزانہ سات یوم تک مریض کو پلائیں۔

۷۸۶

۲۵۶۱	۲۵۶۵	۲۵۶۸	۲۵۵۴
۲۵۶۷	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۶
۲۵۵۶	۲۵۷۰	۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۴	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

پھل اور سبزیوں سے علاج

خوبانی کئی بیماریوں میں مفید ہے۔ خاص طور پر ورم زائدہ اعور کے مریض روزانہ دس عدد خوبانیاں چالیس روز تک استعمال کریں۔

۹۱۔ ورم غدہ مذی (Prostatitis)

اس مرض میں مذی کے غدود پھول اور سوج جاتے ہیں۔

وجوہات: امراضِ مقعد، پیشاب کی نالی کے پرانے زخم، مثانہ کی پتھری، کیتھی ٹر (آلہ قاتا طیر) کا غلط استعمال۔

علامات: مرض کی جگہ، مثانہ، مقعد اور سیون میں بوجھ محسوس ہوتا ہے اور یہ مقامات درد کرتے ہیں۔ جلن ہوتی ہے، پیشاب بار بار آتا ہے، پیشاب اور پاخانے کے وقت درد ہوتا ہے۔

غذا: دودھ، کھچڑی، دال مونگ اور زود ہضم غذائیں۔

پرہیز: گرم اور ترش اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: یہ آیت ایک دفعہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر دن میں دو بار اکتالیس یوم تک مریض کو پلائیں۔

وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝ فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا ۝ (سورہ واقعہ، آیہ ۵ تا ۶، پارہ ۲۷)

<u>ہومیو پیتھک علاج</u>

☆ پروسٹیٹ غدود کی سوزش، پیشاب کرتے وقت درد، قطرہ رہ جانے کا احساس۔ Staphysagria-200

☆ بار بار درد کے ساتھ پیشاب، پیشاب کی خواہش جسے کنٹرول نہ کر سکے۔ Thuja-30

☆ رات کو مستقل پیشاب کرنے کی خواہش، مثانہ میں ورم Sabal Serulata-Q

☆ بے خبری میں پیشاب کا اخراج، پیشاب کی تھیلی میں زیادہ گڑبڑ Triticum-Q

☆ قطرہ قطرہ پیشاب اور ضعفِ اعصاب۔ Picricum Acid-6x

☆ پروسٹیٹ غدود کے علاج کی بہترین دوا۔ Merc Dulis-6x

☆ بوجہ سوزش پیشاب کرتے وقت بہت زیادہ زور لگانا پڑے Alumina-200

☆ پیشاب صاف مگر قطرہ قطرہ اور بدبودار۔ Calcarea Carb-200

☆ پیشاب بوند بوند ٹپکتا رہے اور زور لگانا پڑے۔ Baryta Carb-200

یونانی علاج: مندرجہ ذیل ادویات کا جوشاندہ تیار کر کے ہمراہ ۲ تولہ شربتِ بزوری صبح دوپہر شام استعمال کریں۔

۱۔بنفشہ ۵ ماشہ ۲۔گاؤزبان ۵ ماشہ ۳۔خطمی ۵ ماشہ

۴۔عنب الثعلب ۵ ماشہ ۵۔بہی دانہ ۵ ماشہ ۶۔عناب ۷ دانے

رُوحانی علاج

اس نقش کو زعفرانی روشنائی سے چینی کی رکابی میں لکھ کر آب زم زم سے دھو کر مریض کو اکتالیس یوم صبح وشام چٹائیں۔

۷۸۶

الله	نور	السمٰوٰت	والارض
نور	السمٰوٰت	والارض	الله
السمٰوٰت	والارض	الله	نور
والارض	الله	نور	السمٰوٰت

پھل اور سبزیوں سے علاج

اناناس پیشاب آور پھل ہے۔ مثانہ کی پتھری اور پیشاب کے جملہ نقائص کو دور کرتا ہے، ورم غدہ مذی کے لیے بے حد مفید ہے۔ ایک ماہ تک لگاتار استعمال اس مرض کا جڑ سے خاتمہ کر دیتا ہے۔

۹۲۔ ورمِ قلب (Carditis)

دل یا اس کے عضلات میں سوجن پیدا ہو جاتی ہے۔

وجوہات: گنٹھیا، سرخ بخار، تپ محرقہ، ذیابیطس، نمونیہ اور سوزشِ گردہ وغیرہ۔

علامات: دل کے مقام پر شدید درد، سانس لینے میں تکلیف، چہرے کا رنگ پھیکا، دل کی رفتار تیز لیکن نبض کمزور، شدید بے چینی۔

غذا: کشمش سبز، عرق گاؤزبان، عرق مکو اور زود ہضم غذائیں۔

پرہیز: بادی اور تُرش غذائیں، تیز مصالحہ جات۔

آیات قرآنی سے علاج: بعد از نماز فجر ہر روز اکیس بار تلاوت کر کے پانی پر دم کریں اور اکیس یوم مریض کو پلائیں۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۝

(سورہ آل عمران، آیہ ۸، پارہ ۳)

هومیو پیتھک علاج

☆شدید ورمِ قلب کے لیے اکسیر۔ Naja Tripudians-200

☆دل کے پٹھوں میں چربی جمع ہو جائے۔ Adons Vernalis-Q

☆دل کے نچلے خانے زیادہ پھیلنا اور پھولنے لگیں۔ Convallaria Majalis-Q

☆دل کی دیواروں کی بڑھی ہوئی وریدوں کے جوش کو کنٹرول کرنے کے لیے۔ Iberis-Q

☆دل کے غلاف کی سوزش، سانس کی تنگی، تیز دھڑکن۔ Antim Tart-200

☆دل کے مقام پر بار بار درد، پانی کی شدید پیاس۔ Bryonia Alb-200

☆شدید درد اور تنگیِ سانس۔ Colchicum-200

☆نبض سست اور چہرے کا رنگ نیلا۔ Digitalis-200

☆خون کی کمی اور گنڈ مالا کے مریض۔ Spigelia-200

☆بے چینی اور نہ بجھنے والی پیاس۔ Arsenic Alb-200

یونانی علاج

۱۔درونج عقربی ۱تولہ ۲۔زرنب ۱تولہ ۳۔دانہ الائچی خورد ۱تولہ

تمام ادویات کو باریک پیس لیں۔۳ماشہ خوراک ۴تولہ شربت انار کے ہمراہ صبح شام استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس تعویذ کو کاغذ پر لکھ کر گلے میں لٹکائیں۔ورم قلب چند ہی روز میں ختم ہو جائے گا۔ان شاءاللہ

۷۸۶

۹۵۵۵۴	۹۵۵۵۷	۹۵۵۶۱	۹۵۵۴۷
۹۵۵۶۰	۹۵۵۴۸	۹۵۵۵۳	۹۵۵۵۸
۹۵۵۴۹	۹۵۵۶۳	۹۵۵۵۵	۹۵۵۵۲
۹۵۵۵۶	۹۵۵۵۱	۹۵۵۵۰	۹۵۵۶۲

پھل اور سبزیوں سے علاج

امرود بے حد غذائیت بخش پھل ہے۔دل، دماغ اور معدے کی اصلاح کرتا ہے۔خاص طور پر ورم قلب کے مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے۔امرود کو بیج نکال کر کھانا کھانے کے بعد استعمال کرنا بہتر ہے۔

۹۳۔ورمِ گردہ (Nephritis)

یہ ورم دوقسم کا ہوتا ہے: الف: شدید ورمِ گردہ ب: پُرانا ورمِ گردہ
اس مرض میں پیشاب کے ساتھ البیومن کا اخراج بھی ہوتا ہے۔

وجوہات: چوٹ یا سردی لگنا، گردے کی پتھری، میٹھی اشیاء کا بکثرت استعمال، جگر کی خرابی، سخت سردی، شراب نوشی، عورتوں میں بچہ دانی پر دباؤ۔

علامات: گردے کے مقام پر درد، ابتدامیں پیشاب کے ساتھ البیومن کا اخراج، پرانے مرض میں پیشاب کے ساتھ پیپ کا اخراج، عمومی صحت کمزور، کبھی کھانسی کبھی قے، اعصابی کمزوری، بصارت کی خرابی اور پیشاب کی بندش۔

غذا: بکری کا دودھ، دہی، ساگودانہ، ہلکی اور سیال غذائیں۔

پرہیز: نمک، انڈہ، گوشت اور شراب۔

آیات قرآنی سے علاج: چینی کی رکابی میں اس آیت کو لکھ کر عرقِ مکو میں حل کر کے گیارہ روز تک مریض کو روزانہ تین بار پلائیں۔ یہ عمل ان شاءاللہ تیر بہدف ثابت ہوگا۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ٥ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ٥ (سورہ یونس، آیہ ۵۷ تا ۵۸، پارہ ۱۱)

ہومیو پیتھک علاج

☆پیشاب کے ساتھ خون کا اخراج۔	Berberis Vulgaris-Q
☆قطرہ قطرہ اخراج، جلن، پیشاب کی ناقابلِ برداشت خواہش	Cantharis-3X
☆مثانہ کی اینٹھن، کم مقدار میں دبا ہوا پیشاب۔	Merc Cor-30
☆گہرے رنگ کے بدبودار خون کا اخراج۔	Terebinthina-6x

☆درد کے ساتھ ساتھ گردے میں سوزش۔ Kali Chlorscum-6x

☆لال بخار والے ورمِ گردہ کے لیے مفید دوا۔ Methylene Blue-3x

یونانی علاج

تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور بہی دانہ ملا کر ۲ ماشہ وزن کی گولیاں تیار کرلیں۔ دو گولیاں دن میں چار مرتبہ عرق گاؤزبان کے ساتھ استعمال کریں۔

۱۔مغز خربوزہ ۵ ماشہ ۲۔مغز بیج کدو شیریں ۳ ماشہ ۳۔بیج کرفس ۳ ماشہ

۴۔بیج خرفہ ۳ ماشہ ۵۔بیج خطمی ۳ ماشہ ۶۔بیج خشخاش ۳ ماشہ

۷۔اجوائن خراسانی ۳ ماشہ ۸۔گوند کتیرہ ۳ ماشہ ۹۔ست ملٹھی ۳ ماشہ

۱۰۔گلِ ارمنی ۳ ماشہ ۱۱۔مغز بادام مقشر ۳ دانے

روحانی علاج

ورم گردہ کے مریض اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر گلے میں لٹکائیں اور ایک تعویذ صبح شام اکیس روز تک پئیں۔ان شاءاللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۲۰۶۰۰۲	۲۰۶۰۰۶	۲۰۶۰۰۹	۲۰۵۹۹۵
۲۰۶۰۰۸	۲۰۵۹۹۶	۲۰۶۰۰۱	۲۰۶۰۰۷
۲۰۵۹۹۷	۲۰۶۰۱۱	۲۰۶۰۰۴	۲۰۶۰۰۰
۲۰۶۰۰۵	۲۰۵۹۹۹	۲۰۵۹۹۸	۲۰۶۰۱۰

پھل اور سبزیوں سے علاج

کھیرے کا بکثرت استعمال گردوں میں ورم اور پتھری پیدا نہیں ہونے دیتا۔ کھیرے کو چھیل کر نمک ڈال کر لینے سے ورمِ گردہ دور ہو جاتا ہے۔

۹۴۔ ورم مثانہ (Cystitis)

اس مرض میں مثانہ کے مقام پر سوجن ہو جاتی ہے۔

وجوہات: مثانہ پر چوٹ لگنا، پتھری، پیشاب کی بندش، پیشاب میں شکر آنا، جوڑوں کا درد اور ادھورا جماع۔

علامات: پیشاب گہرے رنگ کا بدبودار، مثانہ کے مقام پر سخت درد، درد کے علاوہ پیشاب تھوڑی مقدار میں اور پیپ ملا ہوا، شدید بے چینی۔

غذا: دودھ اور سیّال غذائیں۔

پرہیز: چائے، قہوہ، شراب، مصالحہ جات ہر قسم۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو عرقِ گلاب پر سو بار دم کر کے اکیس روز تک مریض کو پلائیں۔ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا ط
وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ط أَفَلَا يُؤْمِنُونَ O (سورہ انبیاء، آیہ ۳۰، پارہ ۱۷)

ہومیو پیتھک علاج

☆ تکلیف کے ساتھ بوند بوند پیشاب، پیشاب کی ناقابلِ ضبط خواہش	Saururus-200
☆ پیشاب کی ہمیشہ خواہش، قطرہ قطرہ اخراج۔	Cantharis-200
☆ مثانہ کی گردن میں جلن، پیشاب کا تکلیف سے آنا یا دب جانا۔	Epigea Repens-Q
☆ پیشاب کم خارج ہو یا دب جائے۔	Terebinthine-200
☆ مثانہ پھولا ہوا، بخار تیز، پیشاب بند۔	Tarentula Cub-200
☆ مثانہ اور پیشاب کی نالی میں کاٹنے والا درد۔	Nux Vomica-200
☆ تیز بخار، بے چینی اور پیشاب بار بار آئے۔	Aconite-200

☆ پیشاب کی تیز حالت کے ہمراہ درد اور بخار کی شدت۔ Belladonna-200

☆ ہر وقت قطرہ قطرہ پیشاب ٹپکتا رہے۔ Gelsemium-200

یونانی علاج

۱۔ بیج کھیرا ۶ ماشہ　　۲۔ بیج سوئے ۶ ماشہ　　۳۔ سونف ۶ ماشہ

۴۔ کشنیز خشک ۶ ماشہ

تمام ادویات کو باریک کھرل کرلیں۔ ۶ ماشہ خوراک اونٹنی کے ۲ تولہ دودھ کے ساتھ دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو صبح شام کاغذ پر لکھ کر پینے سے مذکورہ بیماری کا خاتمہ ہو جائے گا۔ ان شاءاللہ

۷۸۶

۳۳۳۸	۳۳۴۱	۳۳۴۴	۳۳۳۱
۳۳۴۳	۳۳۳۲	۳۳۳۷	۳۳۴۲
۳۳۳۳	۳۳۴۶	۳۳۳۹	۳۳۳۶
۳۳۴۰	۳۳۳۵	۳۳۳۴	۳۳۴۵

پھل اور سبزیوں سے علاج

تازہ کھیرے کی قاشیں کاٹ کر نمک، کالی مرچ اور زیرے کا سفوف چھڑک کر کھانے سے ورم مثانہ دور ہو جاتا ہے۔ یاد رہے دن میں جب بھی بھوک لگے صرف کھیرے استعمال کریں۔ ان شاءاللہ افاقہ ہوگا۔

۹۵۔ ورم معدہ (Gastritis)

اس مرض میں معدہ کی لعاب دار جھلی پر ورم آجاتا ہے۔ ورم سے کئی چھوٹے یا ایک بڑا زخم ہوجاتا ہے۔

وجوہات: بدہضمی، گلا سڑا کھانا، مصالحہ دار کھانے، مرغن غذائیں، زیادہ گوشت اور شراب کا استعمال، عورتوں میں بندشِ ایام۔

علامات: پشت میں درد، مقام معدہ کو دبانے سے درد میں شدّت، سر درد اور معمولی بخار، غذا سے نفرت، مریض روز بروز کمزور، پرانی بدہضمی۔

غذا: درد میں افاقے کے بعد ایک وقت غذا لیں، بکری یا مرغ کا شوربہ، دال مونگ، لیموں کا اچار۔

پرہیز: آلو، گوبھی، مٹھائیاں، تمباکو، شراب اور دیر ہضم غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو روزا کیس مرتبہ پانی پر دم کر کے اکیس یوم تک مریض کو پلائیں۔ اللہ کے فضل سے مریض صحت یاب ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

طٰهٰ o مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى o اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى o

(سورہ طہٰ، آیہ ا تا ۳، پارہ ۱۶)

ہومیو پیتھک علاج

☆ معدہ کے اندر درد اور وزن کا احساس۔ Nux Vomica-200

☆ معدے میں تیز کاٹنے دار درد جو انتڑیوں تک پہنچ جائے۔ Phosphorus-30

☆ معدے میں جلن والا درد، دکھن کا احساس جیسے معدہ پھٹ گیا ہو۔ Arsenic Alb-30

☆شدید درد معدہ، کھٹی ڈکاریں، ناف کے مقام پر درد۔ Oxalic Acid-200

☆معدے کے اوپر والے حصہ میں درد اور پھولن۔ Argentum Nit-30

☆ترش ڈکاریں، پیشانی میں درد، تیزابیت اور قبض۔ Robinia-6x

☆ہائیڈروکلورک ایسڈ کے زیادہ ہونے سے تیزابیت۔ Atropinum-200

☆پیٹ میں پھولن، ذہنی دباؤ، کھانے سے تکلیف میں افاقہ۔ Anacardium-30

☆پانی کی پیاس زیادہ، بھوک ندارد۔ Chininum-30

یونانی علاج: اول الذکر سات اشیاء کا سفوف بنا کر ست پودینہ میں شامل کرلیں۔ صبح شام کھانے کے بعد ۶ ماشہ خوراک عرقِ سونف کے ہمراہ استعمال کریں۔

۱۔زرشک شیریں ۳ تولہ ۲۔اناردانہ ۳ تولہ ۳۔کشنیز خشک ۳ تولہ

۴۔طباشیر نقرہ ۳ تولہ ۵۔سونف ۳ تولہ ۶۔الائچی خورد ۱ تولہ

۷۔قند سفید ۵ تولہ ۸۔ست پودینہ ۳ ماشے

روحانی علاج: اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر مریض کے پیٹ پر باندھیں اور ایک نقش چینی کی رکابی میں زعفران سے لکھ کر گھول کر مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

۵۳۰۰۳	۵۲۹۹۶	۵۳۰۰۱
۵۲۹۹۸	۵۳۰۰۰	۵۳۰۰۲
۵۲۹۹۹	۵۳۰۰۴	۵۲۹۹۷

پھل اور سبزیوں سے علاج

تربوز میٹھا اور رس دار پھل ہے۔ پیشاب آور ہے۔ اس کے لگاتار استعمال سے نہ صرف جگر اور مثانے کی نالیاں صاف ہو جاتی ہیں، بلکہ ورمِ معدہ جیسے مرض کا خاتمہ بھی ہو جاتا ہے۔

۹۶۔ ورم لوزتین (Tonsillitis)

اس مرض میں گلے کے غدود پھول جاتے ہیں اور ان میں درد شروع ہو جاتا ہے۔

وجوہات: بار بار نزلہ، گرم دودھ یا چائے پینے سے، برف چبانے سے، مچھلی کا کانٹا چُبھ جانے سے، خراب بُرش دانتوں پر ملنے سے، گندی ہوا کے سونگھنے سے، بارش میں بھیگنے اور سردی لگنے سے۔

علامات: نچلے جبڑے کے نیچے گلے کو ٹٹولنے سے غدود بڑھے ہوئے محسوس ہوتے ہیں، یہ غدود سوج جاتے ہیں، درد کرتے ہیں، نگلنے میں سخت تکلیف محسوس ہوتی ہے۔

غذا: زود ہضم اور لطیف غذائیں۔

پرہیز: گرد و غبار، تمباکو، شراب، چائے، برف، ٹھنڈا پانی، ترش اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو گائے کے مکھن پر ایک سو ایک بار پڑھ کر دم کریں اور حلق کے اندر لگائیں۔ اور اسی آیت کو نمک پر سات دفعہ پڑھ کر دم کریں اور چاٹ لیں۔ اکیس روز لگاتار ایسا کریں۔ ان شاء اللہ بیماری ختم ہو جائے گی۔

فَلَوْلَآ إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ ۝ وَأَنتُمْ حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ ۝

(سورہ واقعہ، آیہ ۸۳ تا ۸۴، پارہ ۲۷)

ہومیو پیتھک علاج

☆ جسمانی طور پر گلے پڑنا، کمزور بچوں میں سردی لگنے سے۔	Baryta Carb-30
☆ تازہ حالت میں دائیں طرف گردن اکڑنا یا سوزش ہونا۔	Belladonna-30
☆ شہد کی مکھی کے ڈنک مارنے کا سا درد، پیشاب میں کمی۔	Apis Mel-30
☆ اندر سے تمام منہ سفید، گلے بڑھے ہوئے۔	Kali Mur-30
☆ نگلنے میں تکلیف، مزاج، خنازیری۔	Baryta Mur-30

☆مریض کوئی چیز بمشکل نگل سکے۔ Ammon Mur-6x

☆حلق پھولا ہوا اور مریض پانی بھی نہ پی سکے۔ Phytolacca-200

یونانی علاج

۱۔طباشیر آدھ تولہ ۲۔الائچی خورد آدھ تولہ ۳۔مغز کنول ڈوڈہ آدھ تولہ

۴۔نس پال آدھ تولہ ۵۔کتھ سفید آدھ تولہ ۶۔گیرو آدھ تولہ

۷۔زیرہ سفید آدھ تولہ

جملہ ادویات کا سفوف تیار کر کے ہم وزن کوزہ مصری پیس کر شامل کر لیں۔ایک چٹکی روزانہ منہ کے راستے گلے میں لگائیں۔مغز کنول ڈوڈہ کو استعمال کرنے سے پہلے اس کا سبز رنگ کا پتہ نکال دیں۔

رُوحانی علاج

ایک تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں اور اس نقش کو زعفرانی روشنائی سے چینی کی رکابی میں لکھ کر ایک چمچ شہد سے دھو کر مریض کو اکتالیس یوم صبح و شام چٹائیں۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

پھل اور سبزیوں سے علاج

اناناس ویسے تو گلے کی تمام خرابیوں میں اکسیر درجے کا حامل ہے، لیکن ورمِ لوزتین میں خاص طور پر اناناس کا ایک ماہ لگاتار استعمال اس مرض میں مبتلا مریض کو شفا دیتا ہے۔سبز پیلک کے پودے کوٹ لیں اور نیم گرم کر کے گلے پر باندھیں۔

۹۷۔ ہچکی (Hiccough)

یہ ایک تشنجی مرض ہے۔ جو معدہ یا آنتوں کی خراش سے پیدا ہوتا ہے۔ فمِ معدہ کی حرکت ہچکی ہے۔

وجوہات: تیز گرم چیز کھانا، بدہضمی، جگر کے فعل کی سستی، معدہ میں ریاح کی کثرت، ورمِ معدہ اور ہسٹریا۔

علامات: ہچکی ایک عام اور ظاہری مرض ہے۔ کبھی کبھی یہ مرض اس شدت سے ہوتا ہے کہ ایک منٹ میں پچاس بار سے بھی زائد ہچکی آ جاتی ہے۔

غذا: ہر قسم کی غذا بند کر دیں۔ تخفیف پر دودھ میں سوڈا واٹر ملا کر دیں، مرض کے خاتمے پر لطیف غذائیں دیں۔

پرہیز: چرب، ثقیل اور نفاخ سے پُر چیزوں سے پرہیز۔

آیات قرآنی سے علاج: مریض تین دفعہ تلاوت کرے اور پانی پر دم کر کے پیتا جائے۔ اسی طرح وقفوں میں اکیس مرتبہ کرے اور پی لے ہچکی رک جائے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تَبَّتْ يَدَآ أَبِىْ لَهَبٍ وَّتَبَّO مَآ أَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَO سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍO وَّامْرَأَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِO فِىْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍO

(سورہ لہب، مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ ہچکی کے لیے عام دوا۔ Ginseng-Q

☆ شدید قسم کی ہچکی کے لیے۔ Ratanhia-200

☆ ہچکی میں اضافہ کھانے کے بعد، خواب آور ادویات سے Nux vomica-200

☆ہچکی کے ساتھ کمزوری، جسم میں لرزہ، شراب کی خواہش Sulphuric Acid-200

☆حاملہ عورتوں میں ہچکی۔ Cyclamen Eur-200

☆کھانا کھانے کے بعد ہچکی شروع ہونا، پیاس زیادہ اور جی متلانا۔ Hyoscyamus-30

☆ہچکی اگر بیٹھنے کے بعد شروع ہو۔ Coccuslus-30

☆ہچکی کئی گھنٹوں بلکہ کئی روز سے جاری۔ Carbo Veg-30

☆ہچکی با آواز بلند ہو اور خطرناک صورت حال اختیار کرے۔ Cicuta-30

یونانی علاج

مندرجہ ذیل کا باریک سفوف تیار کر کے محفوظ کرلیں اور بوقتِ ضرورت مریض کو سنگھائیں۔ بہت ہی آزمودہ نسخہ ہے۔

ا۔مرزنجوش اتولہ، ۲۔نک چھکنی اتولہ

روحانی علاج: اس نقش کو زعفرانی روشنائی سے چینی کی رکابی میں لکھ کر ایک چمچ شہد سے دھو کر مریض کو تین یوم صبح و شام چٹائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خمٓ	عٓسٓقٓ	خمٓ
خمٓ	عٓسٓقٓ	خمٓ
خمٓ	عٓسٓقٓ	خمٓ

پھل اور سبزیوں سے علاج

مکّو ایک جڑی بوٹی قسم کی ترکاری ہے۔ یہ خودرو بوٹی ہے۔ اس کے اجزا میں نمکیات، کیلشیم، فاسفورس، فولاد اور وٹامن اے، ای، ایچ اور سی شامل ہیں۔ ہچکی کے مریض مکّو کا ساگ بطور غذا اور دوا صرف دو دن استعمال کریں۔

۹۸۔ ہڈی توڑ بخار (Dengue Fever)

یہ ایک شدید متعدی وبا ہے جس میں ہڈیوں اور جوڑوں میں سخت درد ہوتا ہے۔ یہ بخار عام طور پر گرم علاقوں میں ایک مخصوص قسم کے مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے۔

وجوہات: اس کا سبب ایک کرم ہے جو ایک مخصوص قسم کے مچھر میں پایا جاتا ہے اور اس مچھر کے کاٹنے پر انسانی خون میں داخل ہو جاتا ہے۔ یہ مچھر عام طور پر دن میں کاٹتے ہیں۔

علامات: بخار سے پہلے سر درد، آنکھوں اور کمر میں درد، عام کمزوری، تیسرے چوتھے روز ہاتھ پاؤں پر چھپاکی کی طرح سُرخ دھبے اور پھر بخار تیز ہو جاتا ہے۔

غذا: لطیف اور نرم غذائیں، دودھ اور چنے کا شوربہ۔

پرہیز: گندے اور میلے کپڑے، بہت زیادہ تیز دھوپ، گرمی اور گرم مرطوب آب و ہوا۔

آیات قرآنی سے علاج: اس آیت کو ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ اسی آیت کا تعویز بنا کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔

قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ ○ (سورہ انبیاء، آیہ ۶۹، پارہ ۱۷)

<u>ہومیو پیتھک علاج</u>

☆ مرض کے شروع ہونے پر۔	Aconite-200
☆ سخت درد کی حالت میں۔	Belladonna-200
☆ بہت زیادہ تکلیف میں۔	Acid Phos-30
☆ نقاہت، بے چینی اور گھبراہٹ۔	Arsenic Alb-200
☆ پرانی حالتوں میں۔	Bryonia-200
☆ بے حد کمزوری اور کپکپی مگر ہوش و حواس قائم۔	Gelsemium-Q

☆دماغی پریشانی سردرد اور آنکھوں سے پانی بہنا۔ Baptisia Tin-Q

☆مریض مایوس اور خیال کرے کہ وہ مر جائے گا۔ Psorinum-Q

یونانی علاج

۱۔گلِ بنفشہ ۶ ماشہ ۲۔گلِ نیلوفر ۶ ماشہ ۳۔پھول گلاب ۶ ماشہ

۴۔گاؤزبان ۶ ماشہ ۵۔اصل السوس ۵ تولہ ۶۔جڑ کاسنی ۵ تولہ

۷۔شاہترہ ۵ تولہ ۸۔تمر ہندی ۲ تولہ ۹۔عناب ۹ دانے

تمام ادویات رات کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو کر رکھ دیں۔ صبح مل کر چھان لیں چھنے ہوئے پانی کو دو تولہ گل قند کے ساتھ پلائیں۔

رُوحانی علاج

اس نقش کو چینی کی رکابی میں لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر صبح و شام پلائیں۔

۷۸۶

۱۷۶۵۸	۱۷۶۶۱	۱۷۶۶۴	۱۷۶۵۱
۱۷۶۶۳	۱۷۶۵۲	۱۷۶۵۷	۱۷۶۶۲
۱۷۶۵۳	۱۷۶۶۶	۱۷۶۵۹	۱۷۶۵۶
۱۷۶۶۰	۱۷۶۵۵	۱۷۶۵۴	۱۷۶۶۵

پھل اور سبزیوں سے علاج

پپیتے کے تازہ پتوں کا رس پانچ گرام صبح، شام مریض کو صرف پانچ روز لگاتار استعمال کروانے سے ہڈی توڑ بخار کا بالکل خاتمہ ہو جاتا ہے۔

۹۹۔ ہیضہ (Cholera)

یہ ایک متعدی مرض ہے جو نہایت باریک کرم سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ کرم کھانے پینے کی چیزوں میں آسانی سے پہنچ جاتا ہے اور تندرست اشخاص میں منتقل ہو جاتا ہے۔

وجوہات: سخت گرم ہوا، میلا کچیلا رہنا، گندے پانی اور باسی خوراک کا استعمال، دست آور تیز دوائیوں کا استعمال اور ہیضہ کی وبا کا عام پھیل جانا۔

علامات: پہلے درجے میں قے اور دست بکثرت آتے ہیں۔ دوسرے درجے میں آنکھیں اندر کو دھنس جاتی ہیں، جسم ٹھنڈا اور بے رونق، ادھر پانی پیا اُدھر نکل گیا۔

غذا: مرض کی شدت میں کوئی غذا نہ دیں۔ شدت ختم ہونے پر صرف سوڈا واٹر پلاتے رہیں اور بعد میں لطیف غذائیں دیں۔

پرہیز: دیر ہضم غذائیں۔

آیات قرآنی سے علاج: بعد از نماز فجر ہر روز سات بار تلاوت کر کے پانی پر دم کریں اور سات یوم مریض کو پلائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ o وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ o الَّذِيْٓ أَنْقَضَ ظَهْرَكَ o وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ o فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا o إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا o فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ o وَإِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ o (سورہ الم نشرح، مکمل، پارہ ۳۰)

ہومیوپیتھک علاج

☆ شدید اذیت، ضعف، جلن والی پیاس — Arsenic Alb-200

☆ دست، ہچکی، سرد پانی کی پیاس، سیّال پینے کے فوراً بعد قے — Veratrum Alb-30

☆ شیر خوار بچوں میں بغیر درد کے ہیضہ، مرض میں اضافہ صبح سویرے — Podophyllum-1000

☆سرد زبان، جسم میں ٹھنڈا پن، زبردست کمزوری، حالتِ نزع — Camphor-Q

☆حفظِ ماتقدم کے طور پر استعمال ہونے والی دوا۔ — Sulphur-30

☆ہیضہ ہوتے ہی تمام جسم سرد۔ — Carbo Veg-30

☆تمام جسم میں تشنج۔ — Mag Phos-30

☆اگر پنڈلیوں میں تشنج ہونے لگے۔ — Cuper Met

یونانی علاج

پہلی تین ادویات کا سفوف تیار کر کے ست پودینہ ملائیں۔ ا ماشہ خوراک نیم گرم پانی یا چائے کے ساتھ صبح شام استعمال کروائیں۔

۱۔سوڈا بائی کارب ۱۰ تولہ ۲۔کوزہ مصری ۱۰ تولہ

۳۔سبز الائچی ۵ تولہ ۴۔ست پودینہ ۲ تولہ

رُوحانی علاج

اس نقش کو زعفران سے لکھ کر مریض کے دائیں بازو کے ساتھ باندھ دیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھ	ھ	ھ	ھ
ھ	ھ	ھ	ھ
ھ	ھ	ھ	ھ
ھ	ھ	ھ	ھ

پھل اور سبزیوں سے علاج

رس بھری ایک مفید پھل ہے۔ یہ وٹامن سی کا خزانہ ہے۔ جوڑوں کے درد، بخار اور پیچش کے علاوہ اسے خاص طور پر ہیضے کے خاتمے کے لیے مفید مانا گیا ہے۔ جلد آرام کے لیے رس بھری کی پتیوں کا عرق استعمال کریں۔

۱۰۰۔ یرقان (Jaundice)

بنیادی طور پر یہ جگر کا مرض ہے۔ جگر کی خرابی کے سبب چہرے، آنکھوں اور پورے بدن کا رنگ زرد یا سیاہی مائل ہو جاتا ہے۔

وجوہات: تلی کی رگوں میں سدّہ پڑ جاتا ہے۔ خلیات کبدی میں ایک جرثومے کے باعث سوزش، نمونیہ، کسی زہریلے جانور کے کاٹنے سے، پارہ یا سنکھیا کھانے سے

علامات: آنکھوں کی رنگت زرد ہو جاتی ہے، ناخن، چہرہ، بازو حتیٰ کہ سارا جسم زرد ہو جاتا ہے۔ پیشاب زرد گہرا بھورا، قبض، بدن پر خارش، یہ مرض اکثر زیادہ گرم اشیاء کے استعمال سے ہوتا ہے۔

غذا: ہلکی اور زود ہضم غذائیں۔

پرہیز: ثقیل، دیر ہضم اور گرم اشیاء۔

آیات قرآنی سے علاج: باوضو ہو کر گیارہ تار کالے یا نیلے سوت کے لیں اور ان پر ایک مرتبہ سورہ قریش پڑھ کر ایک گرہ لگائیں اور اسی طرح گیارہ گرہیں لگائیں۔ اول و آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور یہ گنڈا مریض کے گلے میں لٹکائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۝ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ ۝ الَّذِیْۤ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ۬ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝ (سورہ القریش، پارہ ۳۰)

ہومیو پیتھک علاج

☆ یرقان کی مخصوص دوا، تیزابیت اور خارش کی شکایت بھی ہو۔	Natrum Phos-1X
☆ یرقان کے ساتھ ضدّی قسم کی ڈکاریں۔	Kali Picricum-30
☆ کانسی جیسی پیلی جلد، بھوک ندارد، نیند نہ آنے والی حالت۔	Myrica-Q

☆آنکھیں اور پیشاب پیلا، سر درد، چہرے پر جلن۔ Kali Mang-Q

☆پھولا ہوا جگر، شدید پیاس، قبض، خشک پاخانہ۔ Bryonia-200

☆سرد پانی کی پیاس، جگر کے نیچے لٹکنے کا احساس۔ Podophyllum-Q

☆جگر بڑھا ہوا، قبض، بھوک غائب۔ Chionanthus-Q

☆جلد پیلی، آنکھیں پیلی۔ Chelidonium-Q

یونانی علاج

کسی کورے برتن میں ایک پاؤ پانی ڈال کر تمام ادویات کو بھگو دیں۔ صبح چھان کر پانی میں ۲ تولہ کوزہ مصری ملا کر ایک ماہ تک پلائیں۔

۱۔آلو بخارہ خشک ۱ تولہ ۲۔املی آدھا تولہ ۳۔کاسنی آدھا تولہ

رُوحانی علاج

اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول لیں اور اکیس یوم تک روزانہ اس پانی سے مریض کا منہ دھلوائیں۔ ان شاء اللہ مرض کا خاتمہ ہوگا۔

۷۸۶

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

پھل اور سبزیوں سے علاج

تربوز ایک پیشاب آور پھل ہے گرمی دور کرتا ہے۔ خون کی تیزابیت کو ختم کرتا ہے۔ تربوز کو لگاتار استعمال کرنے سے یرقان کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

تمت بالخیر

عزیز ڈاکٹر سردار علی تبسم نے ہومیوپیتھی میں تجویز دوا کے طور پر ایک اچھی کاوش کی ہے یہ بات ان کے شوق، لگن اور محنت کی ترجمانی کرتی ہے۔ عزیز نے امراض کی علیحدہ علیحدہ درجہ بندی کی ہے اور نہایت خوب صورت انداز میں اس کی سلیکشن کی ہے۔ میرے لیے یہ بات قابلِ فخر ہے کہ میرے شاگرد موصوف نے تحریر کی راہ میں گامزن ہونے کی طرف پہلا قدم اُٹھایا ہے۔ میں ان کی کوشش کو سراہتا ہوں اور دُعا کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ ان کو مزید کاوش کی توفیق عطا فرمائے۔

ڈاکٹر محمد اشرف ضیاء

پرنسپل نشتر ہومیو پیتھک میڈیکل کالج

چنیوٹ

جس طرح اسلام شعبۂ طب میں طبِ نبوی ﷺ کی صورت میں مادی وسائل کے ذریعہ سے انسانوں کی خدمت کرتا ہے اِس طرح طب کے میدان میں اسلام رُوحانی طریقۂ علاج سے بھی انسانوں کی بھرپور خدمت کرتا ہے۔

اِس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے محترم ڈاکٹر سردار اے تبسم نے مختلف طریقۂ علاج کو سامنے رکھتے ہوئے ایک ایسی کتاب لکھنے کی ضرورت محسوس کی جو حیاتِ انسانی کے ہر شعبہ پر محیط ہے۔

میری دُعا ہے اللہ تعالیٰ اِس کتاب کو عام انسانوں کے لیے نافع بنائے اور فاضل مؤلف کے لیے ذریعۂ نجات بنائے۔ آمین

حکیم باوا محمد حنیف

آف گوجرہ



تعارف

نام ڈاکٹر سردار اے تبسم (رجسٹرڈ ہومیو میڈیکل پریکٹیشنر)

تاریخ پیدائش 04-03-1967

جائے پیدائش فیصل آباد (پاکستان)

ایڈریس نشتر ہومیو کلینک 496/B، محلہ عیدگاہ،

67 ج۔ب، سدھار، فیصل آباد

موبائل 0300-7699501

مقامِ تعلیم گورنمنٹ معین الاسلام ہائی سکول ٹھیکری والا، فیصل آباد

گورنمنٹ اسلامیہ کالج، سرگودھا روڈ، فیصل آباد

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

پیشہ ورانہ تعلیم نشتر ہومیو میڈیکل کالج، چنیوٹ


Misaal PUBLISHERS
misaalpb@gmail.com
+92-41-2643841, 0333-9933221